Scanned with CamScanner

ہومیو پیتھک پریکٹس گائیڈ

ڈاکٹر محسن چدھڑ

مکتبۃ الاحسان

محسن ہومیو پیتھک کلینک مارشل سٹریٹ

بتی چوک شیخوپورہ 0300-9430996

نام کتاب: .... ہومیو پیتھک پریکٹس گائیڈ

مصنف: .... ڈاکٹر محسن چدھڑ

کمپوزنگ: .... دار المعرفہ، اُردو بازار لاہور

اشاعت: .... نومبر 2020ء

قیمت: 600روپے

ملنے کے پتے

1۔ محسن ہومیو پیتھک کلینک مارشل سٹریٹ، بتی چوک شیخوپورہ 0300-9430996

2۔ دانش ہومیو پیتھک میڈیکل کالج شیخوپورہ

3۔ صدیق ہومیو پیتھک سٹور شیخوپورہ

4۔ توحید ہومیو پیتھک سٹور شیخوپورہ

5۔ بشیر اینڈ سنز ہومیو پیتھک سٹور شیخوپورہ

مکتبۃ الاحسان

انتساب

میں یہ کتاب اپنے محترم والد و استاد گرامی
پروفیسر الحاج ڈاکٹر عزیز الرحمٰن کے نام کرتا ہوں جنہوں نے
اپنی عمر کے چالیس سال ہومیوپیتھی کی ریسرچ اور پریکٹس میں
کیے اور مجھے علمِ ہومیوپیتھی سے روشناس کرایا۔
اس کے علاوہ اپنی یہ کتاب اپنے استاذہ اکرام پروفیسر ڈاکٹر
محمد اسلم دانش، بانی دانش ہومیو پیتھک کالج شیخوپورہ، پروفیسر
ڈاکٹر حبیب اللہ انجم (فیصل آباد) کے نام کرتا ہوں۔ جن کی
سرپرستی اور شفقت میں میں نے اپنا ڈی ایچ ایم ایس مکمل کیا
اور اس کے بعد ان سے علم ہومیوپیتھی سیکھا۔

اقتباس

میں ڈاکٹر محسن چدھڑ صاحب کا انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے ہومیو پیتھک اور ہومیو پیتھس کے لیے ایک ایسی مفید ہومیو پیتھک پریکٹس گائیڈ لکھی ہے جو ہر ڈاکٹر اور سٹوڈنٹ کے علم میں اضافہ کا باعث بنے گی۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ پاک ڈاکٹر محسن چدھڑ کو مزید ترقی اور کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

پروفیسر ڈاکٹر مشہود اسلم ڈار (چیئر مین دانش ہومیو پیتھک میڈیکل کالج شیخوپورہ)

اظہارِ تشکر

❀ میں ان تمام خواتین وحضرات کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کو لکھنے میں میری معاونت اور حوصلہ افزائی کی۔

❀ ڈاکٹر شہزاد احمد (سابقہ پرنسپل اُمت الوحید ہومیو پیتھک میڈیکل کالج مرید کے)

❀ ڈاکٹر محمد اشرف چوہدری (پرنسپل اکیڈمک جرمن ہومیو پیتھک میڈیکل کالج لاہور)

❀ ڈاکٹر اسرار الحق ڈوگر (پرنسپل دانش ہومیو پیتھک میڈیکل کالج شیخوپورہ)

❀ ڈاکٹر ثمینہ شہناز (بحریہ ٹاؤن لاہور) ❀ ڈاکٹر فریدہ مسعود (بحریہ ٹاؤن لاہور)

❀ ڈاکٹر ہما عباس (سمن آباد لاہور) ❀ ڈاکٹر علی ابرار کمال (شیخوپورہ)

❀ ڈاکٹر عون محمد (شیخوپورہ) ❀ محسن احسان۔ اسد احسان

❀ ڈاکٹر قمر حبیب (شیخوپورہ)

❀ یاسر رحمان...... محمد لقمان دار المعرفہ (اُردو بازار لاہور)

فہرست میڈیسن

-A-

-B-

-C-

-D-

-E-

-F-

-G-

-H-

-I-

-N-

-O-

-P-

-Q-

-R-

-S-

-T-

-U-

-V-

-X-

-Y-

-Z-

گائیڈ ونسخہ جات

اپیس میلیفیکا Apis Melifica

کی پوائنٹ Key Point:

پیشاب آور۔ جلن۔ چبھن۔ سوزش۔ درد۔ اعضا میں پانی پڑنے کی دوا۔ اپیس میلیفیکا۔

اہم علامات Main Symptoms:

اپیس میلیفیکا کی علامات یاد کرنے کا آسان طریقہ اگر آپ کو شہد کی مکھی کاٹ لے تو آپ کو کیا تکلیف ہو گی ذرا سوچیے ؟؟؟ بس دو منٹ سوچیئے !!!!! ترتیب سے سوچیں کہ شروع میں جب مکھی نے ڈنگ مارا تھا تو پہلے لمحے کیا ہوا تھا؟؟؟

جواب: نمبر 1۔ڈنگ لگنے کی فوری چبھن

نمبر 2۔ پھر تیز درد ہو گا

نمبر 3۔ متاثرہ جگہ پھول یا سوج جائے گی (سوزش)

نمبر 4۔ متاثرہ جگہ سرخ گلابی ہو جائے گی

نمبر 5۔ گرمی لگے گی گھبراہٹ ہونا شروع ہو جائے گی

نمبر 6۔ گھٹن کا احساس ہو گا

نمبر 7۔ جسم تھکا ہوا محسوس ہو گا جیسے اندر کچھ ٹوٹ پھوٹ رہا ہے آپ قدرت اور اپنے آپ کو سامنے رکھ کے سوچیں کہ اگر میرے ساتھ یہ ہو یا جب میرے ساتھ یہ ہوا تھا تو کیا علامات تھیں تو آپ کو کتاب سے صرف رہنمائی لینا پڑے گی علامات آپ کو پہلے ہی سمجھ آ جائیں گی۔

☜ اپیس میلیفیکا سوزش۔ خارش۔ دھپھڑ۔ دانے جو سفید پیپ سے بھرے۔ چھپاکی۔ پیٹ میں یا کسی بھی اعضا میں پانی پڑ جانا۔ اور آج کل کی عورتوں کی بیماری اوو ری سسٹ

پانی کی تھیلیوں میں بہت مفید ہے۔

☜ نوٹ۔ حمل کے دوران اپیس کا استعمال نقصان دہ ہے۔

☜ طاقت۔ اس دوا کی 30 پوٹینسی سب سے اچھا کام کرتی ہے۔ مگر۔ ضرورت کے مطابق۔ 1M200.30.3x. استعمال ہو سکتی ہے۔

آرجنٹم نائٹ Argentum Nit

کی پوائنٹ Key Point:

☜ چھوٹی عمر میں دماغی محنت کرنے والے لوگ۔

☜ جو اپنی عمر سے بڑے لگیں۔

☜ چہرے اور جسم پر جھریاں۔

☜ جسم سوکھ گیا ہو۔ سفید بال۔ اور بے رونق چہرہ۔

☜ خوشی غمی کی اچانک خبر سنتے ہی پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہیں۔

☜ ہر کام میں جلدی کرنے والے۔ وقت سے پہلے تیار ہو کر گھر والوں کو دو گھنٹے پہلے شادی ہال۔ اسٹیشن ائیر پورٹ لے جانیوالے لوگ۔

☜ ایسے لوگ میٹھا بہت شوق سے کھاتے ہیں۔ میٹھا ان کی کمزوری ہوتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

☜ ذہنی علامات۔

☜ ڈر۔ خوف زدہ۔ پریشان۔ اس دوا کے لوگ خود ہی ایک بات کو سوچتے رہتے ہیں کہ میں جو سوچ رہا ہوں یہ غلط ہے۔

☜ سر درد جو سر کو باندھنے سے بہتر ہو۔ آدھے سر کا درد۔ مریض ایسے محسوس کرے کہ سر پھیل رہا ہے۔ سر کی ہڈیاں الگ ہو رہی ہیں۔

☜ آنکھوں کے سامنے دھبے نظر آئیں۔ دھندلا پن۔

- سونگھنے کی حس اور طاقت کم یا ختم ہو جاتی ہے۔
- معدہ کا السر۔
- معدہ میں درد جو سارے پیٹ میں پھیلے۔
- اونچی آواز میں ڈکار آئیں۔
- اپھارہ۔ درد آہستہ آہستہ بڑھتا ہے پھر کم ہو جاتا ہے۔ سبز رنگ کے پخانے اور
- کھانے کے بعد فوراً واش روم جانا پڑے۔
- اس دوا کے مریض خوشی یا غم کی خبر سنتے ہی پیٹ میں گڑگڑاہٹ محسوس کرنے لگ جاتے ہیں اور واش روم بھاگ جاتے ہیں۔
- طاقت 30-200

اینٹی مونیم کروڈ Antim Crude

کی پوائنٹ Key Point:

- نہانے سے ڈرنے والے لوگ۔
- مریض چڑچڑا۔ گرمی برداشت نہیں کرتا۔
- زبان پر سفید میل کی موٹی طے۔
- سر درد جو سیڑیاں چڑھنے
- نہانے اور ترش شربت پینے سے بڑھ جائے۔
- ہاتھ اور پاؤں پر چنڈیاں۔ نوکدار مہکے جو کافی زیادہ ہوں۔
- کیل نوک دار سفید پیپ والے۔
- پھنسیاں۔ ٹھوڑی اور رخساروں پر پیلی پیپ والی پھنسیاں جن پہ کھرنڈ بن جائیں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- ہونٹ خشک اور نمکین۔ آواز خراب ہو جاتی ہے۔
- گلا کھلی ہوا میں بیٹھ جاتا ہے بار بار صاف کرنا پڑتا ہے۔

☜ گرم جگہ پر کھانسی آئے۔ سینے میں جلن اور گھٹن ہو۔

☜ بھوک بہت کم لگتی ہے۔ کھٹی ترش اشیا کھانے کو دل کرتا ہے۔

☜ کھائی ہوئی چیز کا ذائقہ ڈکاریں میں گلے تک آتا ہے۔ بدہضمی

☜ کھانا کھانے کے بعد پیٹ پھول جائے

☜ منہ میں رال زیادہ بنے۔

☜ معدہ لگاتار اپنی حالت بدلتا رہتا ہے

☜ کبھی قبض کبھی لوز موشن

☜ پیشاب بدبودار۔ گدلا۔ بار بار جلن کے ساتھ آئے۔

☜ بچہ ماں کا دودھ پی کے باہر نکال دے دودھ پھٹکیوں میں باہر آئے۔

☜ پوٹینسی۔ 30-200

ایکونائٹ Aconite Nap

☜ کی پوائنٹ Key Point:

☜ ہومیوپیتھی میں سب سے پہلی اور سب سے بڑی دوا

☜ ایکونائٹ ہومیوپیتھی میں سب سے بڑی اینٹی بیوٹک دوا ہے جو ابتدائی 24 گھنٹوں میں ہر بیماری کے علاج میں کارآمد ہے۔

☜ زکام سے لیکر ہارٹ اٹیک اور بخار سے لیکر فالج تک ہر مرض کی شافی دوا ہے۔

☜ یہ دوا ہومیوپیتھی میں ایک کرشمہ ہے جس کا اثر جادو کی طرح سر چڑھ کے بولتا ہے۔

☜ ایکونائٹ کی سب سے اہم اور خاص علامت ہے۔ خوف۔ موت کا خوف۔

☜ اہم علامات Main Symptoms:

☜ ڈراونے خوف ناک خواب آئیں۔ سویا ہوا چونک کے اُٹھ جائے۔

☜ کمر ہاتھ پاؤں بے حس درد شدید بائیں کندھے میں درد دل کی دھڑکن تیز۔ سردی کی لہریں جسم کے آر پار ہوں۔

☜ چہرے پر ٹھنڈا پسینہ۔ بے چینی۔ پیاس۔

☜ مرض اچانک آتا ہے۔ مریض میں بے چینی۔ پریشانی۔ اپنے مستقبل کے بارے میں

فکرمند۔ کہ وہ اس تکلیف سے مر جائے گا۔ یہ بات اپنے عزیز و اقارب کو بتائے گا کہ میرا وقت آ گیا ہے میں فلاں دن مر جاؤں گا۔

- چہرہ تمتماتا ہوا سرخ۔
- زبان پھولی ہوئی۔ مسوڑے گرم۔ زبان پر سفید میل کی طے جمی ہوتی ہے۔
- پیٹ درد ناف کے آس پاس جلن۔
- پیشاب سرخ گرم جو مقدار میں کم آئے۔
- مقعد میں خارش چبھن والا درد۔
- سر گرم جیسے ہوا سے بھرا ہو اور درد سے پھٹ جائے گا۔
- آنکھیں سرخ آنسو آئیں۔ پپوٹے سوجے ہوئے۔
- شور اور اونچی آواز برداشت نہ ہو۔
- زکام۔ چھینکیں۔ بدبو برداشت نہ ہو۔ ناک بند۔
- مریض اپنے گھر والوں سے بھی دور رہتا ہے۔ کہ مجھے کوئی ہاتھ نہ لگائے۔
- موسمی تبدیلیوں اور شدید گرم موسم میں آئی تکالیف۔ مثلاً۔
- زکام۔ بخار اور کھانسی جس میں گلا بیٹھ جائے۔
- کھانسی دیر رات کو زیادہ آئے۔
- عورتوں میں کثرت حیض۔ ساتھ نکسیر آئے۔
- پوٹینسی 30-200-1000

اسپیڈو اسپرما Aspidosperma

کی پوائنٹ Key Point:

- پھیپھڑوں کی اعلیٰ ترین دوا
- کارڈیک استھما۔ دل کی تکلیف کے ساتھ دمہ ہو۔
- پھیپھڑوں میں آکسیجن کی کھپت بڑھاتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- خون میں آکسیجن لیول بڑھا کر سانس کے مسائل کو حل کرتی ہے۔
- کاربن گیس کو باہر نکالتی ہے۔
- پھیپھڑوں میں خون کا جم جانا اور خون میں یوریا کی مقدار کا بڑھ جانا جس سے سانس کی خرابی ہو۔
- پھیپھڑوں میں آکسیجن کی کھپت بڑھا کر سانس کی نالیوں کو طاقت پہنچاتی ہے۔
- سانس کی نالیوں کے سکڑاؤ کو کم کر کے نالیوں کی رکاوٹ کو ختم کرتی ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-3x-1x-Q

ایپوسائینم کین Apocynum Can

کی پوائنٹ Key Point:

- استسقا۔ جلندھر۔ پیٹ میں پانی پڑنا اور سوزش جو جگر اور گردوں کی تکالیف کی وجہ سے ہو۔

اہم علامات Main Symptoms:

- آج کل یہ مرض ہیپاٹائٹس کی لاسٹ سٹیج اور گردوں کے فیل ہونے کی وجہ سے عام ہے۔
- جس کی وجہ سے پیشاب رُک جاتا ہے
- شدید قبض ہو جاتی ہے پیٹ میں پانی پڑ جاتا ہے اور سارے جسم پر سوجن ہو جاتی ہے خاص طور پر ٹانگوں اور پاؤں پر بہت زیادہ سوزش ہو جاتی ہے۔
- مریض کھانا چھوڑ دیتا ہے۔ کچھ کھانے کے فوراً بعد قے آجاتی ہے۔
- سینے میں گھٹن کا احساس اور کمزوری محسوس ہوتی ہے۔
- پیاس زیادہ لگتی ہے۔ معدہ میں جوش پایا جاتا ہے۔
- غنودگی اور سانس کی دشواری ہونے لگتی ہے مریض گھبرایا ہوا بے ہمت۔
- جسم پر نیلے نشان پڑ جاتے ہیں۔ نیند ختم ہو جاتی ہے۔

☜ دل کی دھڑکن بے قاعدہ ہو جاتی ہے خون دل کے بائیں خانے لیفٹ ایٹریم سے ہو واپس لوٹ جاتا ہے۔

☜ پیشاب گرم گدلا۔ نالی میں جلن مثانہ پھولا ہوا قطرہ قطرہ پیشاب آئے۔

☜ پخانہ پتلا ہوا کے ساتھ آئے مقعد کا منہ کھلا ہوا

☜ عورتوں میں منسز کا دب جانا

☜ دوران حیض مختلف قسم کے اخراج ہوں کبھی خون اور کبھی چھیچھڑوں کی شکل میں ہو۔

☜ پوٹینسی۔ Q. مدر ٹینکچر

ایونا سٹائیوا Avena Stiva

کی پوائنٹ Key Point:

☜ دماغ۔ عصاب کی طاقت کا خزانہ ایونا سٹائیوا

☜ انسانی جسم کی نشوونما کی بہترین دوا ایونا سٹائیوا

☜ بیماری کے بعد کمزوری کی دوا ایونا سٹائیوا

☜ افیون (مارفین) چھڑوانے کا واحد حل ایونا سٹائیوا

اہم علامات Main Symptoms:

☜ متاثرہ شخص کسی ایک موضوع پر توجہ نہیں دے سکتا نہ غور وفکر کر سکتا ہے۔

☜ عصابی ودماغی کمزوری جس کی وجہ سے جسم کمزور ہو جاتا ہے۔

☜ ہاتھ پاوں کمزور بے حس جیسے فالج ہو گیا ہو۔

☜ کثرت جماع اور جوانی کی غلطیوں کے بعد کی نامردی۔

☜ جنسی کمزوری کی اعلی دوا۔

☜ مرگی جس سے جسم کو جھٹکے لگیں اور کمزوری ہو مفید دوا ہے۔

☜ یہ دوا بزرگ افراد کو کمزوری کی وجہ سے ہونے والے فالج میں کارآمد ہے۔

- بزرگوں کے اعصابی جھٹکے۔لرزہ۔
- یہ دوا شراب چھڑوانے اور شراب سے پیدا ہونے والے مسائل جیسے نیند کا نہ آنا۔ بے چینی۔جسمانی اور اعصابی کمزوری میں مفید اور مددگار دوا ہے۔
- عورتوں میں مینسز کے دوران اعصابی و سر درد۔کھوپڑی میں جلن۔کمر درد۔پٹھوں کا کھچاؤ اور پیشاب میں فاسفیٹ کا آنا اس دوا کی علامتیں ہیں۔
- پوٹینسی۔Qمدر ٹنکچر

اشواگندا Aswagandha

کی پوائنٹ Key Point:

- نامردی میں شافی دوا ہے۔
- دماغ کو طاقت دیتی ہے اور یادداشت بہتر کرتی ہے۔
- یہ دوا Thyroid اور adrenal گلینڈز کے فنکشن کو بہتر کرتی ہے۔
- سٹوڈنٹس کی یادداشت بہتر کرنے کیلئے مفید ہے جن کو بار بار پڑھنے سے بھی سبق یاد نہیں رہتا ہے۔
- تھکن اور کمزوری دور کرتی ہے۔
- قوت مدافعت اور مزاحمت بڑھاتی ہے

اہم علامات Main Symptoms:

- اعصابی و دماغی کمزوری کی وجہ سے نہ آنے والی نیند کو بہتر کرتی ہے۔
- بڑی عمر کے لوگوں کی مشت زنی اور کثرت جماع کی وجہ سے ہوئی نامردی اور اعصابی کمزوری۔
- مردانہ کمزوری۔سپرمز کی کمی کو پورا کرتی ہے۔
- عورتوں کے ادوم بنانے اور ان کے سائز کو بہتر بنا کر طاقت پہنچاتی ہے۔

☜ خاص کر ان عورتوں کیلئے مفید ہے جن کے اودوم۔ نہ بن رہے ہوں۔

☜ پوٹینسی۔Q۔مدر ٹینگچر

ایسڈ فاس Acid Phos

کی پوائنٹ Key Point:

☜ شوگر کے مرض کی اعلیٰ دوا

☜ بالوں کا سفید ہونا اور گرنا

☜ حافظہ کمزور۔ پست ہمت

☜ جسمانی کمزوری۔ تھکاوٹ۔ اعصابی درد

☜ مریض انتہائی مایوس اور لاپروا

اہم علامات Main Symptoms:

☜ جسم سے رطوبتوں کا ضائع ہونا اور ان رطوبتوں کے ضائع ہونے کی وجہ سے اعصابی کمزوری ہو جانا اس دوا کے زمرے میں آتا ہے۔

☜ مثلاً۔ کثرت جماع و مشت زنی سے مادہ منویہ کا ضائع ہو جانا۔

☜ شوگر کے مرض کی وجہ سے دودھیا پیشاب میں البومن۔ پروٹین کا ضائع ہو جانا اسی لئے یہ شوگر کی اوّل درجہ کی دوا مانی جاتی ہے۔

☜ رات کو پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہے دن میں بھی پیشاب زیادہ آتا ہے۔

☜ مریض کثرت جماع اور پیشاب کی زیادتی کی وجہ سے کمزور اور لاغر۔ بدحواس۔ گم سم اور غنودگی میں رہتا ہے۔

☜ مگر جب اس مریض سے بات کی جائے یا جگایا جائے تو مریض ہوش میں آ جاتا ہے۔

☜ کھانا کھانے کے بعد معدہ پر بوجھ رہتا ہے۔

☜ بڑے بڑے دست آئیں جن سے مریض کو سکون محسوس ہو اور کمزوری نہ ہو۔

☜ پوٹینسی۔ 200-30-1x

ابسینتھیم Absinthium

کی پوائنٹ Key Point:

- مرگی کی اعلی ترین دوا
- یادداشت کمزور۔ چند گھنٹے پہلے کی باتیں اور واقعات بھولنے والے لوگ۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض وہمی ہوتا ہے۔
- اس دوا کے مریض کسی سے بھی تعلق بنا کر نہیں رکھتے ہیں
- عادتاً چوری کرتے ہیں چھوٹی موٹی چیزیں اٹھا لیتے ہیں۔
- گھبراہٹ۔ پٹھوں میں کھچاؤ
- نیند بہت کم آتی ہے۔ آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔
- مرگی کا دورہ آنے سے پہلے اعصاب میں جھٹکے آتے ہیں۔ پٹھوں میں جھٹکے اور جبڑے اکڑ جاتے ہیں زبان کانپتی ہے
- یکدم چکر آتے ہیں جسم اکڑ جاتا ہے
- مریض کچھ بولنے کی کوشش کرتا ہے اور بے وش ہو جاتا ہے۔ زبان پر دانتوں سے کاٹا جاتا ہے اور منہ سے جھاگ نکل آتی ہے۔
- چھاتی پے جیسے بوجھ رکھا ہو۔
- گلے میں جیسے کوئی گولہ رکھا ہو۔
- جگر کے مقام پر انتہائی جلن ہوتی ہے۔
- پیشاب بار بار گہرا پیلے رنگ کا بدبودار آتا ہے۔
- عورتوں میں منسز وقت سے پہلے ہی ختم ہو جاتے ہیں
- پوٹینسی۔ 200-30-3x-1x

امبرا گریسیا Ambra Grisea

☜ کی پوائنٹ Key Point:

☜ تنہا پسند لوگوں کی دوا

☜ ہسٹیریا کی بہترین دوا

☜ جذباتی ڈرامے اور موسیقی سن کر رونے والے لوگ۔ جھگڑا کرنے والی عورتیں

☜ اہم علامات Main Symptoms:

☜ اس دوا کے مریض جوشیلے چست ہوتے ہیں۔

☜ چہرے سے ہی پریشانی نمایاں ہوتی ہے

☜ ایسے لوگوں کو اپنی زندگی سے کوئی پیار نہیں ہوتا ہے۔

☜ سوچنے کی طاقت کم ہوتی ہے

☜ عمر کے لحاظ یا کسی بیماری کی وجہ سے ہونے والی کمزوری۔

☜ گلے اور سانس کی نالی میں گدگداہٹ اور سینے میں گھٹن کا احساس اور دھڑکن بے قاعدہ ہوتی ہے۔

☜ پیشاب کی نالی میں جلن۔ مقعد اور مثانہ میں ایک ہی وقت میں درد ہوتا ہے۔

☜ خصیوں میں کھجلی اور خارش ہوتی ہے جس کی وجہ سے خواہش جماع پیدا ہوتی ہے۔

☜ زبردست شہوت مگر خواہش جماع نہیں ہوتی ہے۔

☜ عورتوں میں خواہش جماع بڑھ جاتی ہے

☜ ویجائنہ کی خارش اور نیلگوں لیکوریا کا اخراج ہوتا ہے۔

☜ پوٹینسی۔ 3x-30

Acalypha Indica اکالفا انڈیکا

کی پوائنٹ Key Point:

- پھیپھڑوں کی ٹی بی کا پہلا درجہ
- بلغم کے ساتھ خون آئے

اہم علامات Main Symptoms:

- صبح اور رات کو خشک مگر لگا تار تیز کھانسی آتی ہے جس کے بعد مریض خون تھوکے مگر بخار نہ ہو۔
- چھاتی میں متواتر سخت درد ہو۔
- صبح کے وقت شدید کمزوری محسوس ہو مگر باقی دن جسم میں طاقت محسوس ہو۔
- گلے اور خوراک کی نالی اور انتڑیوں میں جلن ہو۔
- بڑی آنت سے خون آئے۔
- پیٹ خراب۔ پیٹ میں ہوا۔ اپھارہ اور پخانہ تیزی سے خارج ہو۔
- پوٹینسی۔ 3-6-30

Arum Mur natro آرم میور نیٹرو

کی پوائنٹ Key Point:

- یوٹرس کی سوزش اور یوٹرس کا پھیل جانا
- اوورِیز کا ورم
- یوٹرس کی رسولی کی اول درجہ کی دوا
- بانجھ پن کیلئے مفید دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض میں برداشت بہت کم ہوتی ہے۔
- زبان پر جلن اور درد ہوتا ہے

- چھوٹے بڑے جوڑوں کا درد ہوتا ہے
- نوجوان لڑکیوں کی دل کی دھڑکن زیادہ اور پیٹ میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے۔
- یوٹرس کی گردن میں سختی یوٹرس کا بڑھ جانا اور یوٹرس کا اپنی جگہ سے ٹل جانا۔
- یوٹرس میں پانی آجانا۔ یوٹرس کے زخم
- یوٹرس کا سخت ہو جانا جس کی وجہ سے یوٹرس کم پھیلتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 200-30-3x

ایسافوٹیڈا Asafoetida

کی پوائنٹ Key Point:

- معدہ انتڑیوں کی بڑی دوا
- سخت قبض۔ بھوک زیادہ
- سیون میں درد۔ پخانہ انتہائی بدبودار
- ہڈیوں کا ناسور۔ ایسے زخم جو ہڈیوں تک پہنچ جائیں۔
- بغیر حمل کے ہی چھاتیوں میں دودھ آجائے۔
- گلے میں ہوا کے گولہ کا احساس

اہم علامات Main Symptoms:

- شدید اپھارہ۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آنتوں کی حرکت کا فعل اُلٹ گیا ہے۔
- جیسے غذا کی نالی معدہ سے حلق میں آ گئی ہو۔
- معدہ کے اندر ہوا گڑگڑاتی اور گھومتی ہے اس کے بعد تیزی سے ہوا خارج ہوتی ہے اور اونچی آواز میں ڈکاریں آتی ہیں۔
- کنپٹی کے مقام پر شدید درد جیسے کچھ باہر نکل رہا ہے۔
- آتشک کے زہر کی وجہ سے ناک کے اندر گلن سڑن اور شدید بدبودار پیپ کا اخراج
- کان سے بدبودار پیپ کا اخراج

☜ عورتوں میں بریسٹ کی سوزش اور درد ہوتا ہے۔

☜ پوٹینسی۔ 3x-30

ایسٹک ایسڈ Acetic Acid

کی پوائنٹ Key Point:

☜ خون کی کمی ☜ کمزوری۔ لاغری اور چہرہ کی رنگت پیلی

☜ پاؤں اور ٹانگوں پر پانی والی سوجن

☜ بچوں کا سوکھا پن (سوکڑا)

☜ شدید جلن۔ شدید پیاس

☜ کمر درد جو پیٹ کے بل لیٹنے سے بہتر ہو

اہم علامات Main Symptoms:

☜ اس دوا کے مریض کو بھوک نہیں لگتی بہت کم کھانا کھاتا ہے۔

☜ خون کی انتہائی کمی ہوتی ہے

☜ رنگت پیلی اور پیلے رنگ کا پیشاب بہت زیادہ مقدار میں آتا ہے۔

☜ پیاس بہت زیادہ ہوتی ہے معدہ اور سینے میں جلن دار دردیں ہوتی ہیں۔

☜ پیشانی پر ٹھنڈے پسینے آتے ہیں۔

☜ حمل کی متلی۔

☜ شوگر جس میں پیاس بہت زیادہ لگے

☜ جسم کے تمام سوراخوں منہ ناک کان پیشاب کی نالی اور مقعد سے جریان خون ہونا اور ٹی بی کے بخار میں بھی مفید ہے۔

☜ پوٹینسی۔ 3x-30

ایلیم سیپا Allium Cepa

کی پوائنٹ Key Point:

- (پیاز)
- پیاز کاٹنے سے جو کیفیت پیدا ہوتی ہے آنکھوں اور ناک سے پانی
- ناک اور آنکھوں میں جلن آنکھیں سرخ
- اگر یہی علامات زکام۔ فلو میں ہوں تو دوا ایلیم سیپا ہوتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- سر درد غنودگی کے ساتھ جمائیاں۔
- گہری نیند میں منہ کھلا رہے
- اس دوا کا زکام گرم کمرے میں زیادہ اور کھلی ہوا میں کم ہو جاتا ہے۔
- چھینکیں آئیں خراش دار پانی نکلے
- اعصابی درد عصاب کی سوزش کسی عصابی عضو (ناخن) کے زخمی ہونے کے بعد جیسا شدید درد۔
- ایڑی کا زخم۔ ہاتھ کی انگلیوں کے ناخنوں کے پاس درد
- بھوک زور سے لگے۔ معدہ کے نیچے درد
- ڈکار متلی پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہو
- بدبودار ہوا کے ساتھ دست آئیں
- پوٹینسی۔ 3x-30

آرنیکا Arnica Montana

کی پوائنٹ Key Point:

- چوٹ۔ ضرب۔ آرنیکا چوٹی کی دوا۔
- جلد پر سیاہ۔ سرخ نیلے اور سیاہی مائل نشان جو چوٹوں کی وجہ سے ہوں یا کسی بیماری کی وجہ سے ہوں۔

- جلد کے نیچے خون کا جم جانا۔
- کسی عضو کے حد سے زیادہ استعمال کے بعد کھچاو۔ درد۔ دکھن
- یک دم کسی بری خبر سننے کے وجہ سے مثلاً موت کی خبر یا کسی نقصان کی خبر سن کے تکلیف ہو جانا۔
- ایسے محسوس ہو کہ جیسے موچ آ گئی ہے اور جوڑوں میں دردیں ہوں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- آرنیکا کی سب سے اہم مشہور اور سب سے بڑی علامت پرانی چوٹوں کی دوا
- مگر نئی چوٹوں پر بھی اس دوا کا بہت اچھا رزلٹ ملتا ہے
- چوٹ لگنے کے بعد دو دو دکھائی دیں۔
- بچے کی پیدائش کی دردیں۔
- پستان کی چوٹ کی درد۔
- مریض کسی کروٹ آرام سے لیٹ نہیں سکتا ہے درد اور بے چینی کی وجہ سے کروٹیں بدلتا رہتا ہے۔ میٹریس یا نرم بستر بھی سخت اور بے آرام لگتا ہے۔
- آرنیکا کا مریض اس قدر درد محسوس کرتا ہے کہ وہ ڈرنے لگ جاتا ہے کہ کوئی انسان اس کے ساتھ ٹچ بھی نہ کرے کہ اُس کو سخت تکلیف ہو گی
- مریض کو یہ درد گینھٹیا کی دردوں جیسا محسوس ہوتا ہے
- اس کے علاوہ۔ بخار میں کارآمد ہے جب بخار میں غنودگی ہو
- بات کرتے کرتے مریض غنودگی میں چلا جاتا ہے۔
- غنودگی کی حالت میں پیشاب اور پخانہ کا بلا ارادہ نکل جانا۔
- کمزوری۔ نکاہت۔ سر گرم چہرہ سرخ اور جسم ٹھنڈا۔ سانس خشک۔ پیاس منہ کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 1M-20-30

ابروٹینم Abrotanum

کی پوائنٹ Key Point:

- انتقالِ مرض۔ بیماری ایک عضاء سے دوسرے اعضاء میں منتقل ہو جاتی ہے۔
- گینٹھیا، یورک ایسڈ۔ بڑے جوڑ اور انگلیوں کے چھوٹے جوڑوں کے درد کی صفِ اوّل دوا۔
- بچوں میں * گلوٹن الرجی * گندم اور گندم سے بنی چیزوں سے تکلف ہو۔
- سوکڑا۔ بچوں کے سوکھے پن کی اعلیٰ دوا۔
- بچوں کی نکسیر۔فوطوں میں پانی آ جانا۔
- مریض کو بھوک زیادہ لگتی ہے مگر جسم سوکھتا جاتا ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- گردن کمزور سر کا بوجھ بھی زیادہ لگے۔
- پیٹ سخت۔ اپھارہ اور دست باری باری آئیں۔ غیر ہضم شدہ خوراک پخانہ کے ذریعے نکل جائے۔ بدبودار قے۔
- مریض۔ چڑچڑا۔ بے ہمت۔گھبرایا ہوا
- رنگت پیلی۔ چہرے پر جھریاں۔ آنکھیں بے رونق اور آنکھوں کے گرد نیلے گھیرے۔
- کندھوں بازؤں اور ٹخنوں میں درد
- ہاتھوں کی انگلیوں۔ پیروں میں درد کھچاؤ۔
- تمام جوڑوں میں سختی آ جاتی ہے خاص طور پر گھٹنے اور انگلیوں کے جوڑوں میں۔
- پھیپھڑوں کے پردوں میں پانی آ جائے۔ پھیپھڑوں کی TB سوزش۔ *(پلیورسی)*
- چہرے کی رنگت خراب۔ چہرے پر کیل اور پھنسیاں نکلیں۔
- جلد لٹک جائے اور بال گریں۔
- پوٹینسی۔ 30-200-1000

انا کارڈیم Anacardium

کی پوائنٹ Key Point:

- اس دوا کی اہم اور سب سے بڑی ذہنی علامت یہ ہے کہ اس کا مریض دو ضمیروں کا مالک ہوتا ہے۔
- مطلب خود اعتمادی کی بے انتہا کمی ہوتی ہے۔ایک ضمیر کچھ کرنے کو کہتا ہے پھر دوسرا اسے نہ کرنے کا کہتا ہے۔
- چلتے ہوئے یہ وہم کہ کوئی اس کے پیچھے آ رہا ہے۔
- خالی معدہ تکلیف ہوتی ہے کچھ کھا لینے سے سکون ہو جاتا ہے۔
- طالب علموں میں امتحان کا خوف ہوتا ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کی زیادہ تر علامتیں عصبی مزاج کے افراد میں پائی جاتی ہیں۔
- یادداشت خراب۔ حافظہ کمزور۔فکر مند۔ چڑ چڑا۔کام کاج کرنے سے بیزار ہوتا ہے۔
- قسمیں کھاتا ہے اور بد عائیں دیتا ہے
- سر چکراتا ہے آنکھوں میں دھند کا احساس ہوتا ہے۔اونچا سنائی دیتا ہے
- کھانے کے بعد کھانسی سینے میں گھٹن آنتوں میں گڑ گڑاہٹ ہوتی ہے۔
- آنکھ کان ناک آنتیں اور مقعد بند ہونے کا احساس ہوتا ہے۔
- خواہش جماع جو خارش کرنے سے اور بڑھ جائے۔
- پخانہ کے ساتھ منی کا اخراج بغیر خواب کے احتلام ہو جاتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-200

آرسینکم البم Arsenic Album

کی پوائنٹ Key Point:

- شام کے بعد آنے والی تکالیف کی بہترین دوا۔
- یہ جسم کی ہر رگ ہر حصہ پے اثر رکھتی ہے۔
- قوت مدافعت بڑھاتی ہے۔
- یہ دوا مہلک خطرناک امراض سے محفوظ رکھتی ہے۔
- مریض کو بے چینی ہوتی ہے۔ بے قراری۔ کمزوری اور تھکن۔ موت کا خوف۔
- ایکونائٹ کے بعد سب سے بڑی اینٹی بیوٹک دوا جو پہلے 24 گھنٹے کے بعد تقریباً ہر مرض کیلئے موثر کام کرتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- صبح نبض تیز۔ پھیپھڑوں میں چھبن اور درد۔ تیز بخار وقت مقررہ پے آئے جس کے ساتھ شدید کمزوری ہوتی ہے۔
- وقت مقررہ پے لوٹ کے آنے والی تکالیف۔
- کندھوں میں کھچاؤ درد۔ لرزہ۔ جھٹکے۔
- مریض ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلتا رہتا ہے۔
- ابتدائی بخار۔ زکام۔ ناک سے پتلا پانی بہے۔ ناک بند ہو جاتا ہے۔ سر درد۔
- آنکھوں سے آنسو نکلتے ہیں۔
- زبان خشک صاف مگر سرخ زبان میں سوئی چبھنے جیسا درد۔ جلن اور رال بکثرت آتی ہے۔
- ہونٹ کالے نیلے
- مسوڑوں سے خون آئے۔
- گلا سوجا ہوا۔ درد۔ کچھ نگلا نہ جائے۔

- کھانا کھانے یا دیکھنے سے ہی دل خراب ہونا شروع ہو جائے۔ کھانے سے بدبو آئے۔
- مریض پینے کیلئے دودھ مانگے۔
- پیاس حد سے زیادہ مریض پانی پینے کی خواہش ہر وقت رکھتا ہے
- پخانے سے سخت بدبو آئے پخانہ گہرے رنگ کا۔ مقعد میں جلن اور درد ہو
- پوٹینسی۔ 30-200-1000

ایلومینا Alumina

کی پوائنٹ Key Point:

- اہم امراض جو دوا کی پہچان ہیں۔ قبض اور لیکوریا۔
- مریض کو آلو کی سبزی راس نہیں آتی ہے
- گانے اور تقریریں کرنے والوں کی آواز بیٹھ جائے تو ایلومینیا دوا۔
- ڈبے کا *خشک دودھ* پینے والے بچوں کی قبض کی دوا۔
- مریض خون دیکھ کے خودکشی کرنے کا سوچے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- قبض کی بہت ساری میڈیسن ہیں مگر اس دوا کی رہنما علامت کی وجہ سے صرف اسی سے ٹھیک ہوتی ہے اور وہ ہے *مقعد کا فالج*۔ مقعد کا کمزور ہونا۔ مقعد کے اندر چیرے آنا جن سے خون نکلے۔
- مریض جب بھی پخانہ کرے گا انتہائی زور لگائے گا۔ چاہے پخانہ نرم ہی کیوں نہ ہو۔
- آپ نے اکثر لوگوں کو یہ کہتے سنا ہوگا کہ واش روم میں بیٹھ بیٹھ کر آ گیا ہوں مگر آیا کچھ بھی نہیں تو وہ مریض ایلومینیا کا ہوتا ہے۔
- عموماً اس دوا کے مریض کا پخانہ سخت ہوتا ہے جس کی وجہ سے بواسیر ہو جاتی ہے اور پخانے کے ساتھ خون بھی آنا شروع ہو جاتا ہے جو لوتھڑوں کی شکل میں ہوتا ہے

☜ ٹائفائیڈ میں بھی اکثر ایسا خون آتا ہے

☜ لیکوریا۔ سفید اور زرد رنگ کا لیس دار تیزابی جو بہت زیادہ مقدار میں آئے جو پاؤں تک بہہ جاتا ہے جو خارش پیدا کر کے کمزوری پیدا کر دیتا ہے مریض کمزوری سے لڑکھڑاتے ہیں۔ ☜ ماہواری میں بھی لیکوریا رہتا ہے۔

☜ اس مرض کی عورتیں مٹی چاک لیڈ پینسل کے سکے اور ملتانی مٹی۔ گاچی کھانے کی خواہش رکھتی ہیں۔ ☜ پوٹینسی۔ 30-200

برائٹا آیوڈیٹا Baryta Idata

☞ کی پوائنٹ Key Point:

☜ غدودوں پر بہت اچھا اثر رکھتی ہے خون کے سفید سیل WBC کی بڑھی مقدار کو نارمل کرتی ہے ٹانسلز کی سوزش اور پیپ پڑنے کے رجحان کو بہتر کرتی ہے

☞ اہم علامات Main Symptoms:

☜ موٹے افراد کے امراض کی مفید دوا گلے اور بریسٹ کے غدود سخت ہو جاتے ہیں ہڈیوں اور غدودوں میں چبھن والا درد ہوتا ہے آنکھوں سے پانی آتا ہے اور گلے کے غدود پھول جاتے ہیں غدودوں کی بگڑی ہوئی اور پیپ آنے والی حالتوں کیلئے مفید دوا ہے

☜ پوٹینسی۔ 3x-30

بربیریس ولگارس Berberis Velgaris

☞ کی پوائنٹ Key Point:

☜ پیشاب کے نظام پر اس دوا کا سب سے اچھا اور خاص اثر ہے مثال کے طور پر گردے۔ مثانہ پر

- گردہ کی پتھری۔ گردہ کا درد۔ گینٹھیا۔ یورک ایسڈ۔ جوڑوں کا درد

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض آرام یا آسانی سے سیڑیاں نہیں چڑھ سکتا۔ کسی اونچی جگہ سے چھلانگ نہیں مار سکتا کیونکہ ایسا کرنے سے اُس کو درد ہوتا ہے اور مریض وہ جگہ سن محسوس کرتا ہے۔
- پیشاب کرنے کے بعد مریض درد سے کراہتا ہے
- اہم اور مرکزی علامت یہ ہے کہ کمر میں گردوں کے مقام پر آگے پیچھے مستقل درد رہتا ہے۔ گردوں کے مقام پر دکھن۔ درد۔ چبھن اور اکڑاو کھچاؤ محسوس ہوتا ہے یہ کھچاؤ اور درد رسٹاکس کی مانند ہوتا ہے مگر رسٹاکس میں پیشاب کی علامات نہیں پائی جاتی ہیں۔ اس دوا کے مریض کی دردیں ایک مرکز سے چاروں طرف پھلتی ہیں
- مثلاً۔ اگر گردہ میں درد ہے تو دردیں پیٹ اور کمر کی جانب پھلیں گی
- اس دوا کو خاص طور پر گردہ کی درد میں شافی مانا جاتا ہے مگر اس کے علاوہ یہ جوڑوں کے درد گینھٹیا اور یورک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے ہونے والے بڑے جوڑوں کی دردوں میں بہترین کام کرتی ہے
- پوٹینسی۔ Q-3x-200

برائی اونیا Bryonia

کی پوائنٹ Key Point:

- بخار۔ گلاس گلاس پانی کی پیاس
- حرکت سے تکلیف میں اضافہ
- قبض۔ انتہائی سخت قبض

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض کی تمام علامتیں درد یں حرکت کرنے چلنے سے بڑھ جاتی ہیں اور بغیر حرکت کافی کم رہتی ہیں اور مریض سکون محسوس کرتا ہے
- کھانستے وقت مریض چھاتی کو پکڑ لیتا ہے۔
- وہ تکلیفیں کیا ہیں جو حرکت کرنے سے بڑھتی ہیں؟
- چھاتی میں تیز درد۔
- خشک کھانسی
- عورتوں کے برسٹ میں درد۔ بریسٹ پتھر کی طرح سخت۔ مریضہ چھاتی کو ہاتھوں سے تھام کے چلتی ہے کہ جھٹکا نہ لگے
- بخار پیاس کے ساتھ مریض گلاس گلاس پانی پیئے
- منہ کی خشکی
- معدہ کی خشکی کی وجہ سے قبض
- زبان سفید اور خشک
- پھیپھڑوں میں خشک کھانسی کی وجہ سے چبھن اور درد
- منہ سے لے کر مقعد تک خشکی ہی خشکی ہوتی ہے
- پوٹینسی ۔200-30-Q

برائٹا کارب Baryta Carb

کی پوائنٹ Key Point:

- بچوں کا قد رُک جانا
- ٹانسلز کی خرابیاں
- بچوں کی دماغی کمزوری

اہم علامات Main Symptoms:

- چھوٹے بچوں سے لیکر بوڑھوں تک کی دوا ہے۔
- بچوں میں دماغی اور جسمانی کمزوری نمایاں طور پر پائی جاتی ہے اور بچے شرمیلے ہوتے ہیں
- بچوں کا دماغ اور جسم بہتر طریقے سے نشوونما نہیں کرتا ہے۔
- بوڑھے لوگ اپنی یادداشت اور دماغی طاقت کھو بیٹھتے ہیں حافظہ بہت کمزور سوچ وچار ناقص اور ہر بات بھولنے لگتے ہیں اور چلتے وقت لڑکھڑاتے ہیں۔ لاٹھی یا کسی دوسرے انسان کا سہارا لینا پڑتا ہے۔
- بچوں کو سردی۔ بد پرہیزی اور ذرا سی لا پروائی سے گلے کے غدود سوج جاتے ہیں جس کی وجہ سے درد کھانسی اور گلا درد کرتا ہے یہ حالتیں ٹھیک بھی ہو جائیں تو بھی گلے کے غدود سوجے ہی رہتے ہیں اور ہر بار سردی اور بد پرہیزی سے یہی ہوتا ہے اور غدود مستقل طور پر سوجے رہتے ہیں یا بڑھے ہوئے رہتے ہیں۔
- گلے میں جلن۔ سوئی چبھنے جیسا درد۔ گلا بند لیکوڈ چیزیں ہی آسانی سے نگلی جائیں
- زکام ہر چند روز بعد اور کھانسی۔ ٹانسلز کا بڑھ جانا
- دم گھٹنے والی کھانسی چھاتی بلغم سے بھری ہوئی ہوتی ہے۔
- بچوں کا ٹانسلز کی وجہ سے قد کا رک جانا بس اسی دوائی سے ٹھیک کیا جاتا ہے۔ اور ٹانسلز کی بھی مفید دوا ہے
- پوٹینسی۔ 30-200

بوریکس Borax

کی پوائنٹ Key Point:

- لیکوریا۔ انڈے کی سفیدی جیسا
- ہونٹوں کے اندر سفید چھالے
- اونچائی اور تیز آواز سے ڈرنے والے افراد
- مسوڑے پھولے ہوئے

اہم علامات Main Symptoms:

- اگر آپ کو کسی پارک میں ایک بچہ یا بڑا جھولے کے پاس کھڑا نظر آئے اور وہ جھولے پے بیٹھے اپنے بہن بھائیوں کو ہاتھ ہلا رہا ہو تو سمجھ جائیں وہ ڈر کی وجہ سے جھولے پر نہیں بیٹھا ہے یہ بوریکس کا مریض ہے۔
- اگر کوئی چھت پے کھڑا ہو کے نیچے دیکھنے کی ہمت نہیں کرتا۔
- اگر کوئی پہاڑ پے چڑھنے سے ڈرتا ہے۔
- اگر کوئی بس ٹرین میں بیٹھے کھڑکی کے باہر نہیں دیکھ سکتا۔
- اگر کوئی سیڑیاں چڑھتے پریشان ہو جائے تو اس کی دوا بوریکس ہے۔
- اگر بچہ یا بڑا بادل گرجنے کی آواز سے ڈر جائے۔ پردے کے پیچھے یا ماں باپ کے پیچھے چھپ جائے۔ پٹاخہ یا بندوق کی آواز سے ڈر جائے تو دوا بوریکس ہوتی ہے۔
- اس کے علاوہ۔ عورتوں میں لیکوریا جو سفید پتلا گرم بہنے والا ہو۔
- ماں بچے کو ایک طرف سے دودھ پلائے تو دوسرے بریسٹ میں درد ہو۔ چھاتی میں دودھ زیادہ ہو تو دوا بوریکس۔
- منہ کے چھالے خصوصاً ہونٹ کے اندر سفید پانی بھرے ہوں ایسے لگے جلد گل گئی ہے۔
- کھانا کھاتے چھالوں میں درد اور خون نکلے۔
- مسوڑے پھولے ہوئے اور پر درد تو سمجھ جائیں دوا بوریکس ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-200

بیلا ڈونا Belladonna

کی پوائنٹ Key Point:

- نباتاتی نام۔ اٹروپا بیلا ڈونا
- اجزا۔ اٹروپین۔ ہائیوسین
- بخار۔ سر گرم پاؤں ٹھنڈے
- جہاز میں سفر کرنے سے گھبرانے والے افراد

- ہائی بلڈ پریشر
- خیالی پلاؤ بنانے والے لوگ۔
- گرمی اور شور برداشت نہیں کرتے

اہم علامات Main Symptoms:

- آنکھیں چمکدار اور سرخ نمدار
- سرخ چہرہ چمکتا ہوا۔ پل بھر میں بدلنے والے لوگ۔
- زیادہ تر وقت اپنی دُھن میں مگھن رہنے والے دنیا سے لا پرواافراد۔
- دن میں خواب دیکھنے والے حقائق سے لا پرواافراد۔
- ایسے لوگ۔ چست۔ چلاک۔ جوشیلے ہوتے ہیں۔
- سرگرم پاؤں ٹھنڈے
- گردن کی رگیں پھڑکیں
- گلے کی خشکی پیاس ختم
- اس دوا کے مریض کسی کو ہاتھ نہیں لگانے دیتے ہیں۔
- گوشت کم کھاتے ہیں۔
- دھڑکن تیز جو سر میں بھی سنائی دے
- پیٹ میں درد اور پیٹ پھولا ہوا درد کمر تک جاتی ہے
- گلے کے غدود سوجے جو درد کرتے ہوں
- تیز بخار جس میں پیاس نہ ہو۔
- عورتوں میں نیچے کی رخ دباو۔ مہواری وقت سے پہلے سرخ خون مقدار میں زیادہ۔
  پستان سرخ گرم درد اور سخت
- طاقت۔ 10M1M.200.30.

بپٹیشیا Baptisia

کی پوائنٹ Key Point:

- ٹائیفائیڈ بخار کی ویکسین اور ٹائیفائیڈ بخار کی سب سے کارگر دوا۔
- **ملیریا** تقریباً ملیریا کی تمام علامات بپٹیشیا میں پائی جاتی ہیں۔
- انفلوئنزا کی وبا میں یہ دوا بہترین کام کرتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- بپٹیشیا کی چھوٹی پوٹینسی کے زیراثر ایسے جراثیم پیدا ہوتے ہیں جو ٹائیفائیڈ کے جراثیموں کو ہلاک کر دیتے ہیں۔
- اس لئے یہ دوا ٹائیفائیڈ سے بچنے کیلئے جسمانی قوت مدافعت کو بہتر کرتی ہے۔
- مریض اپنی علامات ٹھیک نہیں بتا پاتا نہ جلدی کچھ سمجھ پاتا ہے۔
- بے مقصد بولتا رہے گا اور ادھر اُدھر گھومتا رہے گا۔ بات سنتے سنتے سو جائے۔ لاپرواکسی چیز پے غور فکر نہیں کرے گا۔
- مریض ایسا محسوس کرے گا کہ میرا جسم ٹوٹ کے کئی حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے۔
- بخار کی صورت میں پٹھوں میں شدید درد ہوتا ہے۔
- سردی لگے
- بھوک کم لگتی ہے
- مسلسل پانی کی پیاس پانی زیادہ پیئے۔
- معدہ میں کمزوری کا احساس۔
- پیچش آئیں پخانے میں بدبو آئے۔
- کولہے اور ٹانگوں میں شدید درد جیسے یہ اعضا کچلے گئے ہوں۔
- سانس لینے میں تنگی۔ مریض کھلی فضا میں رہے کمرے کی کھڑکیاں دروازے کھول کے رکھے۔
- خوف کی وجہ سے سو نہیں پائے

- جسم پر سرمئی یا نیلے داغ پڑیں۔
- منہ کا ذائقہ بے مزہ۔
- مریض صرف لیکوڈ چیزیں ہی نگل سکے ٹھوس غذا کھانے سے گلا گھٹنے لگے۔
- زبان کا رنگ پیلا میل کی طے جمی ہوئی جیسے زبان جل گئی ہو زبان کے کنارے سرخ ہوتے ہیں۔
- سر چکراتا ہے سر بھاری محسوس ہوتا ہے۔ مریض ایسا محسوس کرتا ہے کہ سر پانی میں تیر رہا ہے۔
- سانس۔ پیشاب۔ پخانہ اور پسینہ سے بہت زیادہ بدبو آتی ہے۔

بیسیلینیم Bacillinum

کی پوائنٹ Key Point:

- نوسوڈ۔ ٹی بی کی بلغم سے تیار ہونے والی اعلیٰ دوا۔
- پھیپھڑوں کے امراض کی انمول دوا۔
- پھیپھڑوں کی ٹی بی۔ TB
- دمہ کے لیے مددگار دوا۔
- آنتوں کی ٹی بی کی دوا
- گھٹن۔ سانس کی دشواری۔ بلغم۔

اہم علامات Main Symptoms:

- کمزوری۔ پسلیوں میں درد جو سانس اور کھانسی کی وجہ سے ہو۔
- پرانی کھانسی جس سے سانس لینا بھی مشکل ہو۔
- پرانا نزلہ زکام جو سینے کی تکلیف کا باعث بنے۔
- یہ دوا پھیپھڑوں میں رکے ہوئے گاڑھے خون کو گردش میں لاتی ہے۔
- پھیپھڑوں میں بلڈ سرکولیشن بہتر کر کے آکسیجن کی کھپت بڑھاتی ہے۔
- مریض کا سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔

☜ مریض چڑچڑا۔ کمزور اور جلد ہمت ہار جانے والا ہوتا ہے۔

☜ اس دوا کا استعمال دیگر امراض کی میڈیسن کا راستہ آسان بنا دیتا ہے۔

نوٹ: بیسلیلیم کی چھوٹی طاقت استعمال نہ کریں کم از کم 200-1M

☜ پوٹینسی ۔200-1M

بیر بیریس ایکیفولیم Berberis Aqi

کی پوائنٹ Key Point:

☜ جلدی امراض کیل مہاسے چھائیاں

☜ چہرے کے کیل مہاسے اور جلد کو صاف کرتی ہے۔

☜ کھوپڑی پر پھنسیاں جو گردن تک پھیل جائیں۔

☜ سر کا ایکزیما جو زیادہ تر گنجے لوگوں کو ہو سر سے چھلکے اتریں۔

اہم علامات Main Symptoms:

☜ اس دوا کے مریض کو کھانا کھانے کے بعد متلی ہوتی ہے۔

☜ معدہ میں سوئی چبھنے جیسا جھٹکوں والا درد ہوتا ہے۔

☜ معدہ میں جلن زبان پر چھالے اور زبان پر زرد رنگ کی میل کی موٹی پرت ہوتی ہے

☜ یہ دوا جوانی کے کیل مہاسوں اور چہرے کی جلد کو صاف کرنے کی اوّل نمبر دوا مانی جاتی ہے۔

☜ جلد کھردری جس سے چھلکے اتریں

☜ عورتوں کی چھاتیوں پر گلٹیاں گومڑ رسولی کے لئے مفید دوا ہے۔

☜ پوٹینسی ۔Q

بلاٹا اورینٹل Blatta Orint

کی پوائنٹ Key Point:

- دمہ کی سب سے مفید دوا
- پھیپھڑوں کی ٹی بی۔ براکائٹس

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض زیادہ تر ہیلدی لوگ ہوتے ہیں۔
- کھانسی کے ساتھ دمکشی۔ سانس کا خراب ہونا۔
- پیپ جیسی بلغم بکثرت نکلتی ہے۔
- سانس کے دورے کے دوران نچلی طاقت میں استعمال کروائیں اور دورے کے بعد اونچی طاقت میں دینا مفید ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 1M-Q

بینزوئیکم ایسڈم Benzoic Acidum

کی پوائنٹ Key Point:

- پیشاب کی تیز بدبو
- پیشاب گہرے رنگ کا قطرہ قطرہ
- گردوں کی خرابی۔ گردوں کا ناکام ہونا
- گنٹھیا کی وجہ سے پیشاب میں یورک ایسڈ اور بدبو کا آنا

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کی تمام علامات گردہ مثانہ اور پیشاب کے امراض کے گرد گھومتی ہیں۔ اس دوا کی رہنما علامت تیزابی پیشاب کا شدید بدبودار آنا ہے۔

- پیشاب کے بدبودار آنے کی وجوہات میں گردوں کا فیل ہونا۔ گردوں کی سوزش و پتھری۔ سوزاک اور یورک ایسڈ کی زیادتی شامل ہے۔
- ناف کے گرد شدید درد اور جگر کے مقام پر سوئیاں چبھتی ہیں۔
- پخانہ صابن جیسا بدبودار جھاگ دار
- یورک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے گھٹنوں میں درد اور سوجن چلتے وقت جوڑوں میں سے آواز آتی ہے۔
- پوٹینسی ۔200-30-3x

کروٹیلس Crotalus

سانپ کا زہر

کی پوائنٹ Key Point:

- جسم کے مختلف حصوں سے خون کا آنا
- جو جمتا نہیں ہے۔
- آنتوں۔ پھیپھڑوں۔ ناک۔ یوٹرس۔ پیشاب۔ سے خون کا آنا۔
- آنکھ کے پردے میں آنے والے خون کو جذب کر لیتی ہے۔
- نکسیر کا خون سیاہ ریشہ دار
- جسم کا رنگ پیلا جسم پر نیلے نشان بنتے ہیں
- زبان کا کینسر۔ زبان آگ کی طرح سرخ درمیان سے خشک۔
- کاربنکل کیلئے مفید دوا
- میٹھی اشیاء کی خواہش

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض کے ہاتھ کانپتے ہیں۔ ٹانگیں سن ہو جاتی ہیں۔ دائیں جانب کا فالج ہوتا ہے۔

- سر چکراتا ہے سر درد اور دل کا درد ایک ساتھ ہوتے ہیں۔
- آنکھ کا شدید اعصابی درد
- ایک کے دو دو دیکھائی دیتے ہیں۔
- کان سے خون بہتا ہے ساتھ چکر آتے ہیں۔
- معدے کا کینسر۔ معدہ میں کمزوری صفراوی خون کی قے آئے۔
- شرابیوں کے معدہ کی سوزش
- آنتوں سے خون آتا ہے جو جمتا نہیں ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-200

کلیمٹس Clematis

کی پوائنٹ Key Point:

- سوزاک اور آتشک کی ہسٹری والے مریضوں کے لئے شافی دوا ہے
- ٹیسٹس (فوطوں) میں سختی اور شدید درد
- اعصابی دردوں کیلئے نہایت اہم دوا ہے۔
- پٹھے ڈھیلے پڑ جاتے ہیں اور ان میں جھٹکے آتے ہیں۔
- پیشاب کی رکاوٹ ٹھیک کرتی ہے
- چہرہ۔ ہاتھوں اور کھوپڑی پر خارش ہوتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- سوزاک کے دب جانے یا سوزاک کے بداثرات سے ہونے والی تکالیف
- منی کی نالیوں میں درد اور پیشاب کی نالی میں سرسراہٹ ہوتی ہے۔
- پیشاب بار بار اور رُک کر آتا ہے۔
- کنپٹیوں میں سوراخ ہونے والا درد۔

- پلکوں کی سوزش اور آنکھوں کی پھڑ پھڑاہٹ ہوتی ہے۔
- بریسٹ کی سخت رسولی
- کھانے کے بعد بازو اور ٹانگوں میں کمزوری محسوس ہوتی ہے۔

کاربو ویج Carbo Veg

کی پوائنٹ Key Point:

- ڈکار۔ بار بار
- بھاری پن۔ زیادہ کھانے اور بار بار کھانے سے جیسے معدہ بھرا ہو۔
- غنودگی۔ سستی اور نیند آئے

اہم علامات Main Symptoms:

- پیٹ ہوا سے تنا ہوا۔ ہوا خارج نہ ہو
- درد۔ لیٹنے سے تکلیف بڑھے۔
- کھانا کھانے کے بعد ڈکاریں۔
- معدہ میں جلن۔
- پیٹ کا اپھارہ۔
- معدہ میں زبردست کمزوری جیسے بے ہوشی آئے گی۔ کمزوری کھانے سے کم نہیں ہوتی ہے۔
- مروڑ مریض کو دوہرا کر دیں۔ کھانا کھانے کے 30 منٹ بعد تکلیف ہو۔

نوٹ: کھانا کھانے کے پانچ دس منٹ بعد ہی پخانہ آ جائے مریض باتھ روم دوڑے تو یہ بہترین دوا ہے۔

کیکٹس Cactus Grand

کی پوائنٹ Key Point:

- دل کا درد بائیں بازو میں گولی لگنے جیسا شدید درد۔
- ایسے محسوس ہوتا ہے کہ دل لوہے کے شکنجے میں جکڑا ہے

- دل کے غلاف کی سوزش۔ دل کی کمزوری۔ دل کی شریانوں کی سختی
- چھاتی میں گھٹن جیسے چھاتی کس کے بندھی ہو۔
- سانس لینے میں مشکل ہوتی ہے جیسے سینے پر بوجھ رکھا ہو

اہم علامات Main Symptoms:

- گول پٹھوں کے ریشوں پر گہرا اثر رکھتی ہے پٹھوں میں گھٹن کا احساس ہوتا ہے۔
- اس دوا کا اثر دل کی شریانوں پر فوری ہوتا ہے
- مریض افسردہ۔ غمگین۔ موت کا خوف خاموش رہتا ہے
- پخانہ سیاہ۔ صبح کے وقت اسہال بواسیر کے مسے سوجے ہوئے جو درد کریں
- کانوں میں تپکن۔ دھندلا نظر آئے
- خوراک کی نالی کا تشنج زبان خشک جیسے جھلس گئی ہو کھانا نگلنے کیلئے زیادہ پانی پینا پڑے۔
- مثانہ کی گردن پر گھٹن پیشاب نہ اترے مثانہ سے خون آئے۔
- پیشاب کی نالی میں خون کے چھچھڑے آئیں
- ہاتھوں اور پاؤں کا استسقاء
- ہاتھ برف کی طرح ٹھنڈے
- عورتوں میں بچہ دانی کا تشنج منسز کی کمی یوٹرس اور اوور یز میں تپکن کے ساتھ درد
- پوٹینسی۔ 3x-Q

کیلشیم فاس Calcium Phos

کی پوائنٹ Key Point:

- اگر کیلشیم فاس کو ہڈیوں کی کمزوری اور ہڈیوں کی نشوونما کی دوا کہا جائے تو یہ غلط نہیں ہوگا۔
- چڑچڑے لوگ۔
- جسم سوکھا۔
- کام کے تیز۔

اہم علامات Main Symptoms:

- جسم میں کیلشیم کی کمی۔
- ہڈیوں کا کمزور ہونا۔
- بھُر بھری ہڈیاں۔
- ٹیڑھی ہڈیاں۔
- ذرا سی چوٹ سے ہڈی کا ٹوٹ جانا۔ بچوں کے سر کی ہڈی نرم پتلی اور ٹیڑھی۔
- بچہ ہمیشہ دودھ کا بھوکا رہے۔
- ہڈی ٹوٹ کے جلدی نہ جُڑے۔
- دانت دیر سے نکلیں۔
- ناخن کھُردرے۔ ناخنوں پے سفید نشان۔ جلد پے سفید دھبے۔
- قد کا نہ بڑھنا۔
- بھوک کی کمی۔
- رات کو پسینہ آنے کا رجحان۔
- ٹین ایج بچیوں کو ماہواری جلدی آئے۔
- لیکوریا سفید انڈے کی سفیدی جیسا۔ بوریکس

چائنا China

کی پوائنٹ Key Point:

- چائنا کی سب سے آسان سب سے اہم اور رہنما علامت ہے۔
- جسم سے کسی بھی رطوبت کا خارج ہو جانا اور اُس رطوبت کے خارج ہونے کی وجہ سے جو کمزوری آتی ہے اس کی دوا چائنا ہے
- اگر میں کہوں کہ چائنا یہاں اِس علامت پے ختم ہو جاتی ہے تو غلط نہیں ہوگا۔
- مگر آپ کو سمجھانے کی خاطر ان رطوبتوں کا ذکر کرتا ہوں۔

اہم علامات Main Symptoms:

1۔ چوٹ سے خون کا ضائع ہو جانا
2۔ حیض سے خون کا ضائع ہونا
3۔ نکسیر سے خون کا ضائع ہونا
4۔ احتلام کی وجہ سے کمزوری
5۔ دودھ پلانے والی ماں کی کمزوری

- لیکوریا کی وجہ سے رطوبت کے ضائع ہونے کی وجہ سے کمزوری

6۔ موشن۔ پیٹ خراب۔ اسہال کی وجہ سے پانی کا جسم سے نکل جانا

7۔ زیادہ پسینہ آنے سے پانی کا جسم سے نکل جانا

☜ یہ وہ رطوبتیں ہیں جو جسم سے نکل جانے سے کمزوری ہوتی ہے اور دوا چائنا بنتی ہے۔
اب ان رطوبتوں کے ضائع ہونے سے مریض نظر کیسا آتا ہے اور اُس میں علامتیں کیا آتی ہیں؟

☜ مریض کمزور نظر آتا ہے
☜ تھکا ہوا سست پیلا رنگ
☜ آنکھیں اندر کی طرف دھنسی ہوئی
☜ آنکھوں کے سامنے اندھیرا
☜ کانوں میں گھنٹیاں
☜ بے ہوشی
☜ جسم ٹھنڈا
☜ پتلے پخانے غیر ہضم شدہ
☜ گیس ہوا ریح
☜ ملیریا بخار میں ٹھنڈے پسینے آتے ہیں سردی لگتی ہے
☜ غرض یہ کہ مریض کمزور اور تھکا ہوا دیکھائی دے گا یہی چائنا کی اصل پکچر ہے

کیپسکم Capsicum

کی پوائنٹ Key Point:

☜ تنہائی پسند لوگوں کی دوا

اہم علامات Main Symptoms:

☜ اس دوا کے لوگ فارن کنٹری سے دوڑ آتے ہیں۔ کسی رشتہ دار اور کسی دوسرے شہر چلے جائیں تو ان کا دماغ گھر کی طرف ہی ہوتا ہے۔ حتکہ باہر دوستوں اور کسی محفل مین ٹک کر نہیں بیٹھ سکتے ہیں ہر چیز ادھورے چھوڑ کے گھر بھاگیں گے۔

☜ کمزور جسم اور جسم کے پٹھے کمزور ہوتے ہیں۔ زیادہ تر سستی اور کاہلی میں رہتے ہیں۔

☜ معدہ کمزور۔ جلن چبھن اور خوراک کا ہضم نہ ہونا جیسے لائیکو کی علامتیں ہیں۔

- معدہ کی نالی میں جلن۔ کھائی ہوئی خوراک کے ذرات گلے میں آجانا۔
- کان کی پچھلی ہڈی پر جلن اور ہونٹوں پر باریک دانے۔ زبان کی نوک پر جلن۔
- پھیپھڑوں سے بدبودار سانس باہر آئے۔ کھانسی سے چھاتی میں جلن اور درد ایسے محسوس ہو کہ چھاتی پھٹ جائے گی۔ ٹکڑے ہو جائے گی۔

چیلی ڈونیم Chelidonium

کی پوائنٹ Key Point:

- جگر کی Antibiotic میڈیسن
- یرقان۔ ہپاٹائٹس۔ خون کی کمی۔
- جگر کی خرابیاں۔ جہاں جگر کا نام آئے گا چیلی ڈونیم دوا ہو گی۔

اہم علامات Main Symptoms:

- جلد زرد۔ آنکھیں زرد۔ پیشاب زرد۔
- یرقان جو جگر کی خرابی کی وجہ سے ہو۔
- متلی۔ قے۔ گرم پانی پینے سے سکون ہو۔
- ذائقہ کڑوا منہ سے بدبو آئے۔
- معدہ میں درد جو کچھ کھانے سے وقتی طور پر کم ہو جائے۔
- زبان زرد زبان کے اوپر دانتوں کے نشان پڑ جائیں۔
- مریض ہر چیز گرم گرم کھانا پسند کرے۔
- قبض گول سُدے نما جیسے بھیڑ بکری کی مینگنیں۔
- گردن کی جڑ سے سر کی پُشت تک ساری جگہ سرد۔ جیسے وہاں برف رکھی ہو۔ اور جیسے وہ جگہ کافی وزنی ہو گئی ہو۔
- درد جو کانوں کے پیچھے سے کندھوں کے جوڑ تک جائے۔

- پیشاب پیلے رنگ کا جھاگ دار مقدار میں زیادہ آئے۔
- گردن کی جڑ میں درد۔
- دائیں کندھے میں اندر اور نچلے حصہ میں درد۔ بازو۔ کندھوں۔ ہاتھوں اور انگلیوں کے سروں پر درد۔
- انگلیوں کے سرے برف جیسے ٹھنڈے۔
- پوٹینسی۔ Q سے 30 تک زیادہ اچھا کام کرتی ہے۔

کاسٹی کم Casticum

کی پوائنٹ Key Point:

- جب جسم کے کسی بھی حصہ کے *فالج* کا نام آئے گا کاسٹی کم دوا ہو گی۔
- چہرے کا لقوا کاسٹی کم دوا۔
- لنگڑی کا درد (شیاٹیکا)
- جوڑوں کا درد۔

اہم علامات Main Symptoms:

- پٹھوں کا درد کھچاؤ۔
- پٹھوں کا فالج۔
- زبان کا فالج۔
- مثانہ کا فالج۔
- ہاتھ پاؤں اور آنکھوں کے پپوٹوں کا فالج۔
- مثانہ کا فالج۔ کمزور مثانہ۔
- کمزور مثانہ بار بار پیشاب آنا
- جوڑوں کی تکالیف۔ گینٹھیا
- پیشاب بغیر ارادہ کے نکل جائے بچے بستر پر پیشاب کریں۔
- موٹی رگوں کا کھچاؤ۔

- بچہ چلنا دیر سے سیکھے۔
- کمر اور کندھوں کے درمیان سختی اور گردن کے نیچے درد۔
- جوڑوں کی قدرتی شکل بگڑ جاتی ہے۔
- پٹھے کمزور اور تناؤ کھچاؤ۔
- کچھ چباتے وقت جبڑے کا درد۔
- میٹھا کھانے سے نفرت۔
- معدہ ایسے جیسے کوئی چیز پھٹکیاں مار کے اُبل رہی ہے۔
- معدہ کی طرف سے کوئی گولہ گلے کی طرف آنے کا احساس۔
- گوشت کا سالن کھانے سے تکلیف میں اضافہ مگر بھنا ہوا کھایا جائے۔
- پخانہ نرم نرم سُدے۔ گریس کی طرح کے ملائم۔

نوٹ: فالج اور مثانہ کی کمزوری میں ہیلپنگ میڈیسن۔ کالی فاس 6x اور جوڑوں کی تکالیف میں میگھ فاس 6x

- پوٹینسی۔ .200.30.1m اور Cm

کریٹیگس Cretaegus

کی پوائنٹ Key Point:

- جہاں لفظ دل کا روگ دوا کریٹیگس
- دل کی طاقت کی دوا۔
- یہ دوا دل کی حفاظت کرتی ہے۔
- دل کے پٹھوں کی کمزوری کی دوا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض گھبرایا ہوا۔ فکر مند۔
- ناامید۔ چڑچڑا۔ بدمزاج۔
- تھوڑا سا کام کر کے سانس پھول جانا
- محنت کرنے یا جوش میں آنے سے دل کی تکلیف میں اضافہ۔
- نبض کی رفتار تیز بے قائدہ۔ کمزور رُک رُک کے چلے۔
- ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا رنگ نیلا ہو جائے۔

- ☞ ہنسلی کی ہڈی کے نیچے درد ☞ دل کے پٹھوں کی سوزش۔
- ☞ دل کو چربی۔ سے ہونے والے نقصانات اور پیچیدگیاں۔
- ☞ پرانا امراض دل اور جسمانی کمزوری بہت زیادہ۔
- ☞ نیند کی کمی۔ ☞ ہائی بلڈ پریشر۔
- ☞ سینے میں بھاری پن۔ دباو ☞ جلد پر سردی لگے۔
- ☞ اس دوا کے مریض کی شریانوں۔ وردیدوں میں بہت سختی آ جاتی ہے اور اُن میں کولسٹرول جم جاتا ہے جس کی وجہ سے شریانیں تنگ ہو جاتی ہیں۔
- ☞ کریٹیگس شریانوں کی صفائی کر کے خون کی بندش کو ٹھیک کرتی ہے۔
- ☞ خون میں موجود کلاٹ۔ لوتھڑے اس دوائی سے پگل جاتے ہیں۔
- ☞ اس کے علاوہ۔ ہائی بلڈ پریشر میں خون کی سرکولیشن کو نارمل کر کے دل کو سکون بخشتی ہے۔
- ☞ پوٹینسی۔ Q مدر ٹینکچر میں ہی بہترین کام کرتی ہے۔

کالوسینتھس Colosynthis

کی پوائنٹ Key Point:

- ☞ انتہائی غصے والے اور بدمزاج لوگوں کی دوا۔
- ☞ جو ذرا سی بات پر چڑ چڑے ہو جاتے ہیں۔ لوگوں سے نفرت کرتے ہیں۔
- ☞ پیٹ درد شدید کہ مریض گھٹنے پیٹ کو لگا لے۔
- ☞ درد کولنج۔ پیٹ کا شدید درد۔ دبانے سے سکون۔
- ☞ انتڑیاں ایسے جیسے کسی چیز میں آ کر کچلی گئی ہیں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- ☞ زبان کھردری جیسے زبان پر ریت ہے۔
- ☞ ذائقہ تلخ۔ کڑوا۔ بے مزہ

- ☞ قے۔ سر درد جو دبانے اور کس کر باندھنے سے بہتر ہوتا ہے۔
- ☞ پیٹ درد میں مریض پیٹ کے بل لیٹتا ہے تو آرام محسوس کرتا ہے۔
- ☞ ناف کے نیچے درد
- ☞ ایسے محسوس ہو جیسے کسی نے لوہے کی تاروں سے اندر کس دیا ہے۔
- ☞ مریض دوران درد کچھ کھالے تو موشن آنا شروع ہو جاتے ہیں۔
- ☞ لنگڑی کا درد ☞ چیرنے پھاڑنے والے درد۔
- ☞ دبانے اور گرمی پہچانے سے افاقہ۔ ☞ پٹھوں اور بازوں میں درد۔
- ☞ دائیں کندھے میں درد۔ کولہوں میں درد۔
- ☞ عورتوں میں یوٹرس میں شدید درد کے جیسے کوئی سوراخ کر رہا ہے۔
- ☞ نیچے کی طرف دباو عورت پیٹ کو پکڑ کے سہارا دیتی ہے ورنہ شدید درد ہوتا ہے۔
- ☞ پوٹینسی۔ 20030.3x.Q.

کولنسونیا Collinsonia

کی پوائنٹ Key Point:

- ☞ بڑوں اور بچوں کی قبض۔ ☞ خونی بواسیر مہکوں والی
- ☞ آنتوں کی کمزوری۔ ☞ ویجانہ کی خارش
- ☞ کمزور انتڑوں کو بہتر کر کے آپریشن سے بچاتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- ☞ کولنسونیا کی خاص اور اہم علامت قبض۔ بواسیر خونی پخانہ کرتے ایسے محسوس ہو کہ **شیشے کے ٹکڑے مقعد کے اندر ہیں اور وہ مقعد (ریکٹم) کو چیر دیں گے۔**
- ☞ قبض جو انتڑوں کی کمزوری کی وجہ سے ہوتی ہے اور قبض کی وجہ سے بواسیر ہوئی ہو۔
- ☞ پخانے کے ساتھ خون آتا ہے۔

- پخانہ انتہائی خشک جو انتہائی قبض کا باعث بنتا ہے۔
- مریض گھٹن محسوس کرتا ہے۔
- دِل کی دھڑکن تیز۔
- سانس کی خرابی۔
- گلے کی خراش۔ زیادہ بولنے سے کھانسی آئے
- منہ کا ذائقہ تلخ عجیب سا ہوتا ہے۔
- حمل کے دوران قبض جس کے ساتھ خون کے چھیچھڑے آئیں۔
- عورتوں کی شرم گاہ پر خارش درد سرخی اور سوجن۔
- منسز درد کے ساتھ جس کے ساتھ جما ہوا خون آئے۔
- پوٹینسی۔ Q-3x-30

کلکیر یا فلور Calcarea Fluor

کی پوائنٹ Key Point:

- فیٹ ٹیومرز۔ ہڈیوں کے گومڑ
- پتھر جیسی سخت غدودوں کی دوا
- پستانوں کی گلٹیاں۔
- آنکھوں کا موتیا۔
- جسم کے مختلف حصوں پر چربی کی سخت گلٹیاں جو اپنی جگہ سے ہلتی ہوں۔
- آنکھوں کے آگے چنگاریاں اُڑیں

اہم علامات Main Symptoms:

- پیدائش کے بعد بچوں کے سر پر گومڑ جن میں خون بھرا ہو۔
- ہڈیوں کے ناسور جو گل سڑ رہے ہوں۔
- ہڈیوں کا بڑھنا (کلائی۔ ٹخنہ۔ گھٹنے) کی ہڈی بڑھ جانا اور کلائی کی رسولی
- ہاتھ کے جوڑوں میں سوزش۔ درد جوڑوں کا کام ٹھیک سے نہ کرنا۔
- جبڑے کی ہڈی کا درد اور ورم
- مسوڑے پھولے ہوئے زبان کٹی پھٹی۔

- ناک کے اندر بدبو۔ سڑن۔ سبز رنگ کا بدبودار مواد نکلے۔

نوٹ: مردوں کے فوطوں میں پانی پڑنے کی بہترین دوا ہے۔

- پوٹینسی۔ 6x-سب بہتر کام کرتی ہے اس کے علاوہ۔ 30-200 بھی کنڈیشن کے مطابق استعمال ہوتی ہے۔

سائکوٹا Cicuta

کی پوائنٹ Key Point:

- تشنجی کیفیات (جھٹکوں) کی سب سے بہتر دوا
- مرگی Epilepsy کی اعلیٰ ترین دوا
- گردن توڑ بخار

اہم علامات Main Symptoms:

- سر ایک طرف جھک جائے۔
- گردن کے پٹھوں میں کھچاو
- ریڑھ پیچھے کی طرف جھک جاتی ہے۔
- جسم میں کمان جیسی اکڑن ہو جاتی ہے۔
- اس دوا کا مریض شوخا۔ جوشیلا۔ مار دھاڑ کیلئے ہمیشہ تیار رہتا ہے۔
- عجیب خواہشیں کرتا ہے اور عجیب غریب حرکات کرتا ہے جو ایک نارمل انسان کرنے سے شرمسار ہوتا ہے۔
- چڑچڑا۔ افسردہ۔ لا پروا۔ گانے گانا۔ سر عام ڈانس کرنا۔ چھوٹے بچوں جیسی حرکات کرے جیسے اسے کوئی عقل ہی نہیں ہے۔
- آنکھوں کی پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ بھینگا پن۔ سر جھکانے پر پتلیاں اوپر چڑھ جاتی ہیں۔
- ہچکی لگ جاتی ہے۔ پیاس جلن۔ کوئلہ کھانے کی خواہش۔ سانس لینے میں دشواری۔ چھاتی میں گرمی محسوس ہو۔
- گدی کے پٹھوں میں کھنچاو۔ سر درد کی وجہ سے سر پیچھے کی طرف کھنچ جائے۔ مرگی کا دورہ

اچانک آئی بے ہوشی۔ جسم اکڑ جائے۔ منہ سے جھاگ آئے۔

- مریض اونچائنے۔ دورہ شروع ہونے سے پہلے سر میں تیز درد۔ چکر آتے ہیں۔ مریض ایک جگہ ٹکٹکی لگا کر دیکھتا رہتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-200-1000

کونیم Conium

کی پوائنٹ Key Point:

- مشہور فلاسفر سقراط کو یہی زہر دیا گیا تھا
- چکروں کی بہترین دوا۔
- بڑھاپے کی تکالیف۔ کمزوری۔ لرزہ۔
- زیادہ بولنا
- حافظہ کمزور پیشاب کی تکالیف۔
- جسم اور پستانوں میں سخت فیٹ کی پُر درد گلٹیاں جو اپنی جگہ سے ادھر اُدھر موو ہو جائیں۔
- فوطے (ٹیسٹس کی تھیلی) بڑھے ہوئے اور سخت۔

اہم علامات Main Symptoms:

- غدودوں کا بڑھنا۔
- مردوں کی جنسی خواہش بڑھی ہوئی
- مگر مباشرت کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔
- آنکھوں کی حرکت سے ہی چکر آنے لگیں۔
- شدید سر درد کہ مریض بہوش ہو جائے۔
- آنکھوں سے ٹھیک نظر نہ آئے۔
- آنسو بکثرت آئیں۔ نظر کی کمزوری ہو۔ قرینہ پر نوک دار پھنسیاں۔
- گلے کی خشکی کی وجہ سے بات کرنے اور ہنسنے سے کھانسی سٹارٹ ہو جائے۔
- کندھوں کے درمیانی مہروں میں درد

- چوٹ کے بعد کا کمر درد
- ہاتھوں پر پسینہ زیادہ آئے۔ پٹھوں کی کمزوری۔ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں بے حس۔
- جماع کی خواہش دب جانے سے لیکوریا جو پیشاب کرنے بعد زیادہ ہو۔
- پوٹینسی 30-200-1000

سائنا Cina

کی پوائنٹ Key Point:

- پیٹ کے کیڑوں کی دوا۔
- زیادہ میٹھا شوق سے کھانے والے بچے۔
- چڑچڑے بچے۔ چیخیں مارنے والے جو دوسرے بچوں سے لڑیں۔ ان پے غصہ کریں اور چلائیں۔
- سائنا کے بچوں کو غور سے دیکھیں یا ان کو پکڑ کر ڈانٹیں تو فوراً رونے لگ جاتے ہیں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- منہ ناک پر سفید اور نیلے نشان۔
- پیٹ میں مروڑ اُٹھتے ہیں
- بچے ناک ملتے ہیں۔
- رات کو سوتے میں دانت پیستے ہیں۔
- رات کو سوتے میں ڈر جاتے ہیں۔
- سوتے میں باتیں کرتے ہیں۔
- آنکھوں کے گرد حلقے۔
- ناک کے باہر اندر بار بار ہاتھ اور انگلی مارے ہیں۔
- پیٹو بچے۔ زیادہ کھانے اور بار بار کھانے والے بچے۔
- پیٹ کا درد جو زیادہ کھانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔
- بچہ مقعد میں خارش کرتا ہے اور سوتے میں اُٹھ جاتا ہے۔ (چومونے)

کولسٹرینم Cholesterium

کی پوائنٹ Key Point:

- پتہ کی تھیلی اور اندرونی پرتوں سے تیار ہونے والی دوا۔
- پتہ کی پتھری اور درد کی واحد دوا
- کولسٹرول لیول کو کم کرنے والی دوا
- پیلے یرقان میں مفید اور معاون دوا
- جگر کے کینسر کی اعلی دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- جگر میں اجتماع خون زیادہ ہو جاتا ہے۔
- جسم کے دائیں حصہ میں جگر کے مقام پر درد جو چلنے سے زیادہ ہو جاتا ہے۔
- جگر اور پتہ کا درد اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ مریض جگر والے مقام پر ہاتھ رکھ کر چلتا ہے۔
- اس کے علاوہ یہ دوا
- تلی کے بڑھ جانے اور دمکشی اور سانس کی تنگی دل کی دھڑکن بڑھ جانا میں بھی مفید ہے۔
- سانس کی تنگی کی وجہ سے دل کے پٹھوں کی سوزش اور دل کے ورم میں بھی مفید ہے۔
- پوٹینسی۔ 3X

کارسی نوسن Carcinosin

کی پوائنٹ Key Point:

- (نوسوڈز۔)
- کینسر کی دوا
- کینسر کی مختلف اقسام میں مفید ہے
- کینسر کے درد کی اعلی دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- کارسی نوسن کا نام کینسر جیسے موزی مرض سے جڑا ہوا ہے۔

- معدہ کمزور۔ ایسیڈیٹی۔ اپھارہ۔
- جسم میں کسی بھی جگہ کینسر کی گلٹی ہو دوا کارسی نوسن۔
- یوٹرس کے ٹیومرز۔ رسولیاں جو کینسر میں بدل جائیں دوا کارسی نوسن
- یوٹرس سے بدبودار رطوبت کا اخراج۔
- منسز وقت سے پہلے شدید درد کے ساتھ اور بلیڈنگ زیادہ ہوتی ہے۔
- بریسٹ کی گلٹیاں۔
- پرانے زخم جو گل سڑ رہے ہوں ان میں سے بدبودار مواد نکلے اور وہ ٹھیک نہیں ہو رہے ہوں تو باقی علاج سے پہلے اس کی ایک خوراک سے بہتری ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

نوٹ: اس دوا کی ڈوز دیر بعد دوہرائیں۔

- پوٹینسی۔ 30-200-1000

کینابس سیٹائیوا Cannabis Sativa

کی پوائنٹ Key Point:

- *Gonorrhoea* سوزاک کی سب سے اعلی دوا۔
- آلات بول کی اعلی دوا
- زبان کی لکنت کی دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض کو احساس ہوتا ہے کہ اس کے اوپر بوندیں گر رہی ہیں۔
- دودھ دیکھتے ہی غشی آئے۔ سر چکرائے
- سوزاک کی وجہ سے پیشاب کی نالی میں مسے نما بن جاتے ہیں انفیکشن۔ درد۔ جلن۔ پیپ۔
- آلہ تناسل کا سوراخ پیپ کی وجہ سے تنگ یا بند ہو جاتا ہے۔

- پیشاب کی نالی میں درد انتہائی حساس
- مریض چلتے وقت ٹانگیں چوڑی کر کے چلے۔ ٹیسٹس میں کھچاؤ
- پیشاب کی نالی میں سوئی چبھنے جیسا درد۔ جلن
- پیشاب کی نالی میں انفیکشن۔ پیشاب کرتے وقت جلن اور درد جو مثانہ تک پھیل جائے۔
- پیشاب کی دو دھاریں بنیں یا پیشاب کٹ کٹ کر آئے۔
- عورتوں میں منسز بہت کم آئیں۔ قبض
- پوٹینسی۔ مدر ٹینگچر
- زبان کی لکنت کیلئے 30
- سوزاک کیلئے۔ Cm-1M-200

چنی نم سلف Chinium Sulph

کی پوائنٹ Key Point:

- ملیریا کی دوا۔ مقعد کی خارش
- گردوں کی پرانی سوزش۔
- گھینٹیا۔ کمر درد آخری مہرے زیادہ درد کرتے ہیں۔
- آنکھوں کے اعصاب کی سوزش اور اندھا پن جو کم وقت میں آ جائے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اگر ملیریا بخار کنفرم نہ ہو رہا ہو تو اس دوا کی ایک خوراک دبے ہوئے ملیریا کو سامنے لے آتی ہے۔
- سر درد جو بخار میں زیادہ ہو۔ سر چکرائے۔
- بخار سہ پہر تین بجے سردی کے ساتھ ہو۔
- گرم کمرے میں بھی سردی لگے۔ وریدوں میں سوزش آ جائے۔

- اس دوا کی تمام علامات وقت کی پابندی سے آتی اور جاتی ہیں۔
- مریض یکدم خون کی کمی کا شکار ہو جاتا ہے۔ خون کے سرخ سیل کم اور سفید سیل زیادہ ہو جاتے ہیں۔
- کانوں میں گھنٹیوں کی آوازیں۔ بہرہ پن
- پیشاب چکنا۔ گدلا۔ یوریا۔ فاسفورس ایسڈ۔ یورک ایسڈ کی مقدار زیادہ خارج ہو۔
- پوٹینسی۔ 30-3x-1x

کلکیر یا سلف Calcarea Sulph

کی پوائنٹ Key Point:

- جسم میں کسی بھی جگہ سے پیلے رنگ کی پیپ مواد کا نکلنا اس دوا کے احاطے میں آتا ہے۔
- بھگندر۔ فسچولا جس سے پیلا مواد درد کے ساتھ نکلتا ہو۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض کے پاؤں کے تلوے جلتے ہیں اور ساتھ خارش ہوتی ہے۔
- غدود سوجھے ہوئے جن میں سے گاڑھی پیلی پیپ خارج ہو۔
- یہ دوا ہیپر سلف کے بعد بہترین دوا ہے مگر یہ ہیپر سلف سے بھی گہرا اثر رکھتی ہے۔
- چیسٹ انفکشن۔ پھیپھڑوں میں پیپ۔ زخم۔ کھانسی کے ساتھ پیلا بلغم
- ناک سے پیلا مواد آنا
- آنکھوں سے پیلا مواد (گید) اور سوزش
- چہرے اور جسم پر نکلنے والی پھنسیوں کا موثر علاج۔
- پھوڑے جن کو کٹ لگا کر پیلا مواد خارج کیا گیا ہو اور جو بڑے سائز کے ہوں ان کو خشک کرنے کیلئے شافی دوا۔
- پوٹینسی۔ 200-3x—30-2x

کالچیکم Colchicum

کی پوائنٹ Key Point:

- معدہ کمزور
- غذا سے نفرت۔

اہم علامات Main Symptoms:

- گھر میں کھانا پکنے کی سمل سے ہی شدید متلی پیدا ہو جاتی ہے
- طبیعت سخت خراب ہو جاتی ہے یہاں تک کہ غشی بیہوشی کی نوبت آ جاتی ہے۔
- لہٰذا غذا سے شدید نفرت ہوتی ہے
- یہ حالت عموماً ٹائیفائیڈ بخار کے بعد ہوتی ہے۔
- کھانا پینا تو بہت دور کی بات ہے غذا کے خیال سے ہی طبیعت خراب ہو جاتی ہے۔
- معدہ کی یہ علامت تقریباً جس بیماری میں بھی ہو کالچیکم کو طلب کرتی ہے۔
- گنٹھیا اور بائی کی دردوں کے مزاج والے مریض اور معدہ کی مندرجہ بالا علامات۔
- موسم خزاں کے پیچش جبکہ دن گرم اور راتیں ٹھنڈی ہوں۔
- گردن اور کمر میں درد جوڑوں کو حرکت کرنے سے بڑھتا ہے۔ کولہے اور گھٹنے میں درد
- پیشاب گرم اور خون ملا پیشاب کے اوپر سرخ ذرات نظر آئیں۔
- پیشاب کرنے کے بعد نالی میں جلن
- مثانہ میں درد اور پیشاب کے بعد خون کے قطرے آئیں (ملی فولیم+اپی کاک)
- پوٹینسی۔ 30-200-1000-

مرکیورس کار Merc Corr

کی پوائنٹ Key Point:

- بڑی آنت کی بڑی دوا
- پاخانہ گرم خون ملا بدبودار شدید درد کے ساتھ
- مسلسل آنتوں میں درد جو پخانہ کے بعد بھی رہے۔
- پیشاب شدید درد کے ساتھ جلتا ہوا گرم کم مقدار میں البومن آئے۔
- مثانہ کی کا درد۔ سوزاک پینس کا منہ سوجھا ہوا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض کا چہرہ سرخ پھولا ہو۔
- ہونٹ سیاہ پھولے ہوئے۔
- اعصابی درد جو ہڈیوں تک جائے۔
- زبان پھولی ہوئی نرم نمکین ذائقہ
- آنکھ کے پچھلے حصہ میں درد جیسے
- بخار میں ذرا سی ہوا سے بہت سردی لگے
- مریض بڑبڑاتا ہے۔ غنودگی پیشانی میں درد۔
- آنکھیں باہر آرہی ہیں۔ چندھیا پن۔ خراش دار آنسو۔
- نوزائیدہ بچوں کی آنکھ سے پانی آئے پپوٹے سوجے ہوئے۔

- ناک سے سرخ خون بہتا ہے چھیچھڑے آتے ہیں ناک کے اندر گلن سٹرن ہوتی ہے
- حمل کے ابتدا میں پیشاب میں البومن آئے۔

نوٹ: وارننگ اس دوا کا غلط استعمال گردوں کی چھلنی کو تباہ کر دیتا ہے۔

- پوٹینسی۔6-30-200

مینگیفیر انڈیکا Mangifera Ind

کی پوائنٹ Key Point:

- جسم کے مختلف عضاء سے اخراج خون روکتی ہے۔
- یوٹرس۔معدہ۔پھیپھڑوں۔اور آنتوں سے آنے والا اخراج خون روکنے کیلئے مفید دوا ہے۔
- ہتھیلیوں کی خارش۔
- کان کی لو اور ہونٹوں کی سوجن

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض کمزور ہوتا ہے۔
- غنودگی میں رہتا ہے۔
- گردشِ خون کمزور ہوتا ہے۔
- پٹھے ڈھیلے ہوتے ہیں۔
- جلد پر سفید نشان جن پر خارش ہوتی ہے۔
- ناک میں سوزش ہوتی ہے جس کی وجہ سے چھینکیں آتی ہیں۔
- حلق کی سوزش اور گلے کی شدید خرابیاں ہوتی ہیں جس کی وجہ سے سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے دم گھٹتا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ گلا بند ہوگیا ہے۔
- آنتوں کا السر ہوتا ہے۔
- خوراک کی نالی کی بلغمی جھلیاں ڈھیلی ہو جاتی ہیں
- پوٹینسی۔مدر ٹینگچر

مینگنم Manganum

کی پوائنٹ Key Point:

- یہ دوا خون کی کمی کو پورا کرتی ہے
- جگر کا بڑھ جانا۔فیٹی لیور۔اور دیگر خرابیاں
- مرطوب موسم میں بہرہ پن
- جسم کے ہر حصہ کو چھونے سے درد ہوتا ہے درد جسم کے کسی بھی حصے سے کان تک آتا ہے۔
- مریض آگے کی طرف جھک کر چلتا ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- سر بوجھل بلڈ سرکولیشن سر کی طرف ہوتی ہے۔
- نکسیر نزلہ سرد موسم میں اضافہ
- زبان کا درد اور سوزش
- نرخرے کی ٹی بی۔کھانسی شام کے وقت سرد موسم میں بڑھتی ہے۔
- خون کی کمی والی عورتوں میں منسز کے مسائل ہوتے ہیں۔
- سن یاس میں جسم میں سے گرم لپٹیں نکلنے کا احساس ہوتا ہے۔
- ہڈیوں اور جوڑوں کی سوزش اور جسم کے ہر حصہ کو چھونے سے درد ہوتا ہے۔
- ٹانگیں بے حس جوڑوں کے آس پاس پیپ کا رجحان اور ایکزیما ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔3x-30

ملیفولیم Millefolium

کی پوائنٹ Key Point:

- جسم کے کسی بھی حصہ سے سرخ خون بہنے کو بند کرتی ہے۔
- مثلاً۔نکسیر۔پھیپھڑوں۔آنتوں۔خونی بواسیر۔پیشاب۔یوٹرس۔اور کھانسی کے ساتھ

گلے سے سرخ چمکدار خون آنا اس دوا کے دائرے میں آتا ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض کا سر آہستہ چلنے سے بھی چکراتا ہے۔
- مریض کو یہ پریشانی رہتی ہے کہ وہ کچھ بھول گیا ہے۔
- ایسا محسوس ہو کہ سر خون سے بھرا ہوا ہے۔
- منسز یا کوئی بھی اخراج خون دب جانے سے جھٹکے لگتے ہیں اور کھانسی شروع ہو جاتی ہے جس سے بلغم میں خون آتا ہے۔
- جسم میں چیرا دینے جیسا درد ہوتا ہے
- عورتوں میں منسز وقت سے پہلے اور بلیڈنگ بہت زیادہ ہوتی ہے۔
- سرخ چمکدار پتلا خون آتا ہے
- پوٹینسی۔ 3x-Q

میوریکس Murex

کی پوائنٹ Key Point:

- عورتوں کی دوا۔ زندہ دل محبت کرنے والی خواتین۔
- عورتوں میں خواہش جماع بہت آسانی سے بھڑک جاتی ہے۔
- یوٹرس کے دائیں جانب درد بائیں پستان تک جاتا ہے۔
- یوٹرس اپنی جگہ سے ہٹ جاتا ہے عورت ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھتی ہے۔
- معدہ میں شدید کمزوری جیسے جان نکل جائے گی۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کی عورتوں میں جنسی حس بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔

- مرد عورت کو ذرا سا چھولے تو خواہش مباشرت بھڑک اٹھتی ہے۔
- یوٹرس کی سوزش یوٹرس اپنی جگہ سے ہٹ جاتا ہے اور یوٹرس کا سائز بڑھ جاتا ہے۔ ایسا محسوس ہو کہ یوٹرس باہر نکل آئے گا۔
- یوٹرس میں درد ہوتا ہے منسز بے قاعدہ بلیڈنگ میں لمبے لوتھڑے آتے ہیں۔
- برسٹ کی رسولیاں جن میں منسز کے دوران درد ہوتا ہے۔
- سبز اور خون ملا لیکوریا آتا ہے۔
- پوٹینسی 3x-30-200

نکس وامیکا Nuxvomica

کی پوائنٹ Key Point:

- کچلا۔ زہر
- یہ کچلا کے پھل سے بیج نکال کر بنائی جاتی ہے
- کچلا ایک زہر ہے جو کیڑے مکوڑے اور جانوروں کو مارنے کے کام آتا ہے۔ مثلاً کتے وغیرہ۔
- بے قاعدہ زندگی گزارنے والے لوگوں کی دوا ہے یہ لوگ عیاش اور اچھی پرسنیلٹی کے ہوتے ہیں۔
- جو بے وقت اور بیٹھ کے کام کرتے ہیں اور مرغن مصالہ والی اشیا فاسٹ فوڈ اور تلی اشیا پسند کرتے ہیں۔
- یہ لوگ کھانا وقت پر نہیں کھاتے۔ اور بے وقت کھاتے ہیں۔ زیادہ بیٹھ کر کام کرنے والے۔ درزی۔ ڈرائیور۔ ڈاکٹرز۔ بینکرز۔ کمپیوٹر پے کام کرنے والے۔
- ایک مخصوص طبقہ اس دوا کے زیر اثر ہوتا ہے۔ نشہ کرنے والے افراد مثلاً شراب نوشی۔ سگریٹ۔ افیون۔ اور نسوار اور دیگر نشہ کرنے والے۔ دوکاندار۔ جو زیادہ بیٹھ کے کام کرتے ہیں۔ ذہنی و دماغی کام کرنے والے لوگ۔ رات کو جاگنے والے۔ ان میں سے

زیادہ تر لوگ بے وقت کھاتے پیتے اور بے تکا کھاتے ہیں

- اس لئے ان کا نظام ہضم اکثر خراب رہتا ہے. جس کی وجہ سے ان کو قبض اور اس کے بعد بواسیر ہو جاتی ہے۔ پخانہ کی بار بار نامکمل حاجت ہوتی ہے مگر پخانہ تھوڑا سا آتا ہے اور کچھ دیر کیلئے یہ آرام محسوس کرتے ہیں۔ یہ لوگ ہاضمہ کی دوائیاں اور جلاب آور دوائیں لیتے رہتے ہیں۔
- اسی وجہ سے یہ لوگ چڑچڑے۔ جھگڑالو۔ اور فضول بحث کرنے والے ہوتے ہیں۔ ان کی تمام حسیں بڑھی ہوئی اور تیز ہوتی ہیں۔ یہ لوگ شور برداشت نہیں کرتے ہیں اسی لئے معمولی سی بات پے جھگڑا شروع کر دیتے ہیں
- اس دوا کی تمام علامات صبح کے وقت زیادہ ہوتی ہیں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- قبض معدہ میں درد۔ بدہضمی۔ کھانا کھانے کے ایک دو گھنٹہ بعد معدہ میں بوجھ کا احساس۔ بخار میں سردی مریض اپنے اوپر کوئی کپڑا کمبل لئے رہتا ہے۔ چہرا سرخ۔ ناک بند۔ کمر درد۔
- عورتوں میں ماہواری جلدی جلدی اور کثرت سے ہوتی ہے اور اس دوران تمام تکالیف بڑھ جاتی ہیں
- نکس وامیکا رات کو استعمال کرانے سے زیادہ اچھا رزلٹ ملتا ہے۔

ناجا ٹرپ Naja

کی پوائنٹ Key Point:

- کوبرا سانپ کا زہر۔
- دل کے مقام پر سوئیاں چبھنے کا احساس
- سرگرم ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور نیلے

- مریض اکیلا خوف کھائے
- تنگ کپڑے نہ پہن سکے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اگر ہم سانپ کے کاٹے کا آنکھوں دیکھا حال بیان کریں تو اس دوا کو آسانی سے سمجھا سکتا ہے۔
- جب کسی انسان کو سانپ ڈس لیتا ہے تو کچھ یوں علامات پیدا ہوتی ہیں۔
- سانپ کے ڈسنے کا کوئی خاص زخم نہیں ہوتا ہے۔ بس دو دانتوں کے نشان نظر آتے ہیں۔
- کچھ دیر تو کچھ ظاہر نہیں ہوتا مگر پھر تیزی سے علامتیں آتی ہیں۔
- مریض کو جیسے نشہ ہونے لگتا ہے
- بولنے اور نگلنے کی طاقت ختم ہو جاتی ہے
- نبض بے قاعدہ چلتی ہے
- آنکھوں کے پپوٹوں کا فالج ہو جاتا ہے۔
- عضاء کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں
- منہ سے رال آتی ہے
- مریض ہوش میں رہتا ہے
- سردی شدید لگتی ہے
- مریض گلا پکڑے کہ سانس بند ہو رہا ہے۔
- سانس خراب ہو جاتا ہے اور آخر میں سانس رُک جاتا ہے۔
- دل پر بوجھ ہوتا ہے دل کی دھڑکن بے قاعدہ۔ دل پر درد۔ کنپٹیوں میں درد
- دائیں کنپٹی اور دائیں آنکھ میں درد زیادہ ہوتا ہے۔
- گردش خون اوپر کی طرف بڑھتا ہے
- گہری بیہوشی ہو جاتی ہے مریض خراٹے لیتا ہے۔
- عورتوں میں آپریشن ہونے کے بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ عضاء دل کی طرف کھنچ رہے ہیں۔
- بائیں اووری میں درد ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 6-30-200

نیٹرم نیٹریکم Natrum Nitric

کی پوائنٹ Key Point:

- ہر قسم کی سوزش کیلئے مفید دوا
- یورک ایسڈ۔ پیشاب میں ٹھوس مواد اور (ہیموگلوبن) خون سفید اور سرخ سیل کا آنا۔
- ناک کی جھلی میں سے خون کا آنا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض آرام کرنے والا ہوتا ہے
- کوئی ذہنی و جسمانی کام نہیں کرنا چاہتا ہے۔
- ٹی بی کی دردیں۔ پھیپھڑوں کی بیماری کی وجہ سے تھوک میں خون کا آنا۔
- دل کے آس پاس درد۔ نبض نہایت سست
- کان کا درد۔ گال جبڑے کی ہڈیوں کا درد۔ جس کا دباو اندر کی طرف ہوتا ہے۔
- پٹھوں میں جھٹکے لگتے ہیں جیسے وہ ریڑھ کی ہڈی کی طرف کھنچ رہے ہوں۔
- معدہ خراب۔ ترش ڈکاریں۔ اپھارہ۔ سینے میں درد۔ پخانہ کی حاجت رہتی ہے کہ اور آئے گا۔
- ہر قسم کی حرکت سے تکلیف زیادہ ہوتی ہے اور ڈکار آنے سے سکون ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-3x-2x

نیٹرم سلف Natrum Sulph

کی پوائنٹ Key Point:

- جگر کے مسائل بہترین دوا
- سوزا کی زہر کو ختم کرنے والی
- تھوجا کے بعد بہترین دوا۔
- پرانے ملیریا کی دوا۔

- دماغ پر چوٹ لگنے کی دوا۔
- دمہ و سانس کی چوٹی کی دوا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- آنکھیں پیلی۔ جلد اور پیشاب پیلا نیٹرم سلف پیلے یرقان کا شافی علاج۔
- جگر کا سائز بڑھ جائے۔
- جگر کے مقام پر درد جو بے چینی پیدا کرے۔
- جگر کی خرابی کی وجہ سے پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے مریض درد سے بے چین گھومتا ہے۔
- زبان کا ذائقہ کڑوا۔ اور زبان جڑ سے گندی نظر آئے۔
- سرد موسم میں علامات بڑھ جاتی ہیں۔
- نمی والی جگہوں پر رہنے والے لوگ اس دوا کے احاطے میں آتے ہیں۔
- اس دوا کی سب سے زیادہ اچھی خاصیت چھاتی پر بہترین اثر ہے۔
- تر کھانسی جو صبح کے وقت زور پکڑے۔ سبز بلغم کا اخراج ہو۔ مریض کھانستے وقت چھاتی تھام لے۔
- دمہ و دیگر سانس کی تکالیف۔
- پوٹینسی۔ 200-30.6x. اچھا کام کرتی ہیں۔

نیٹرم کلور Natrum Chlor

کی پوائنٹ Key Point:

- یوٹرس کی کمزوری
- جگر کی خرابیاں
- زبان سوجی ہوئی۔ مسوڑوں میں درد۔ نکسیر۔ جما ہوا خون آئے

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض بلغمی مزاج۔ سست مزاج۔ لاغر بدن ہوتا ہے
- صبح کے وقت ہاتھوں پر سوجن ہوتی ہے۔ ٹخنے اور گھٹنے انتہائی کمزور۔

- سر چکراتا ہے اور پیشانی میں درد ہوتا ہے جیسے کھوپڑی پانی پے تیر رہی ہے۔
- زبان کی اطراف اور حلق میں سوزش زبان گندی ڈھیلی پھولی ہوئی اور ذائقہ خراب ہوتا ہے۔
- زبان پر دانتوں کے نشان پڑتے ہوں۔
- کھانا کھانے کے بعد غنودگی ہو۔
- پیشاب گہرے رنگ کا آتا ہے جس کے ساتھ البومن خارج ہوتا ہے۔
- سوزش گردہ۔ کمر کے نیچے درد جو کمر کے آر پار ہوتا ہے۔
- عورتوں میں یوٹرس کی کمزوری ہوتی ہے۔ بیٹھنے پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یوٹرس اوپر کی طرف دھکیلا جا رہا ہے یوٹرس کبھی کھلتا کبھی بند ہوتا ہے۔
- لیکوریا جس کے ساتھ کمر درد ہو۔
- یوٹرس سے زیادہ اخراج خون ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-200

نیٹرم کارب Natrum Carb

کی پوائنٹ Key Point:

- دودھ سے نفرت
- ذہنی و دماغی کمزوری۔ بات دیر سے سمجھے۔
- سردی اور گرمی دونوں سے حساس
- خون کی کمی۔ جلد دودھیا سفید ٹخنے کمزور۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض زندہ دل ہوتا ہے مگر شور برداشت نہیں کرتا شور موسیقی کی آواز سے تکلیف بڑھ جاتی ہے۔
- چہرہ زرد آنکھوں کے گرد نیلے حلقے
- کمزور معدہ۔ ذائقہ تلخ۔ بدہضمی۔ ہر وقت ڈکار آئیں۔

- جسم گرم ہونے پر ٹھنڈا پانی پینے کی خواہش۔
- کوئی بھی دماغی و سوچنے سمجھنے والا کام شروع کرتے ہی سر درد ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

ذرا سی دھوپ سے سن سٹروک ہو جاتا ہے اور سر درد شروع ہو جاتا ہے۔

- صبح وقت ساتھ اُٹھ جاتا ہے۔ بڑی آسانی سے پاؤں مڑ جاتے ہیں جس سے موچ آجاتی ہے۔
- عورتوں میں یوٹرس کی گردن کی سختی
- یوٹرس کا نیچے کی طرف دباو
- منسز ہونے سے پہلے پیٹ میں شدید درد ہو پھر منسز سرکل سے لیٹ اور مقدار میں کم ہوں۔

نوٹ: جن عورتوں کے اندر مرد کا مادہ منویہ نہیں ٹھہرتا ان کیلئے مفید ترین دوا ہے۔

- پوٹینسی۔ 30-200

نفتھالین Naphtalian

کی پوائنٹ Key Point:

- زکام۔ چھینکیں۔ آنکھوں سے پانی۔ تیز بخار۔ سر گرم۔ سانس کی تنگی۔ دمہ اور دیر تک کھانسی آئے۔ (کرونا)
- پھیپھڑوں کی ٹی بی
- سوزاک۔ گردہ کی سوزش

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض چہرہ زرد۔ بے قرار۔ جیسے نشہ کیا ہو مریض اس حالت میں لیٹا رہتا ہے۔
- تنگ کپڑوں میں سانس کی تنگی ہوتی ہے۔
- آنکھوں کے پردہ (لینز) اپنی جگہ سے الگ ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے نظر کمزور جالا۔

اندھا پن۔

☞ آنکھ کے پردے پر سیاہ دھبے پڑ جاتے ہیں پردے میں پھنسیاں نکلتی ہیں جن میں مواد آتا ہے۔

☞ درد و سوزش مثانہ۔ مریض پیشاب نہیں روک سکتا ہے۔

☞ پیشاب کی نالی اندر سے سرخ۔ متورم۔ بدبودار پیشاب سیاہی مائل تکلیف کے ساتھ آتا ہے۔

☞ جلد کی سوزش منہ کے کونوں پر خارش اور دانے بنتے ہیں۔

☞ ناخنوں کے ارد گرد داغ پڑ جاتے ہیں۔

☞ پوٹینسی۔ 30-3

اوپیم۔ افیون Opium

کی پوائنٹ Key Point:

☞ انتہائی قبض۔ ڈر۔ خراٹے۔ غنودگی۔ سکتہ۔

☞ نباتاتی نام۔ پیپاور سومنی فیرم

☞ اجزا۔ اوپیم میں *25* سے زیادہ اجزا ہوتے ہیں جو کسی بھی پودے میں سب سے زیادہ اجزا ہیں۔ جنہیں الکلائیڈز بولتے ہیں۔

☞ مثلاً: *مارفین*۔ *کوڈین*۔ *نیکوٹین*

☞ افیون کا سارا اثر مارفین کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اسی کی وجہ سے افیون نشہ کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

☞ خشخاش کے بیج سے پودا لگایا جاتا ہے۔

☞ پودا جب بڑا ہو جاتا ہے تو اُس پر ایک پوپی نما پھل لگتا ہے جیسے ڈوڈا بھی بولتے ہیں۔

☞ اُس پھل کو کٹ لگاتے ہیں اس میں سے ایک دودھیا مواد نکلتا ہے جو وقت کے ساتھ

گاڑھا سرخی مائل ہو جاتا ہے اسے کچھی افیون بولتے ہیں اس کو ٹکڑوں میں کاٹ کر ایک پروسیس کے بعد میڈیسن بنانے کے لئے کام میں لایا جاتا ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

☞ مریض رات کو خراٹے لیتا ہے۔ ☞ سخت قسم کی قبض

☞ افیون انتڑیوں کی زائد حرکت کو روکتی ہے۔

☞ جیسے انتڑیوں اور مثانہ کا فالج بھی بولتے ہیں۔

☞ انتڑیوں کی کم حرکت کے وجہ سے خوراک ٹھیک طرح سے ہضم نہیں ہوتی تو اس کی وجہ سے شدید قبض ہو جاتی ہے۔

☞ جس کی وجہ سے پخانہ سیاہ گولیوں جیسا آئے گا۔

☞ اور بعض اوقات پیشاب بھی رُک جاتا ہے۔

☞ مریض غنودگی میں رہے گا۔ ☞ سوتے میں خراٹے لے گا۔

☞ مریض دن میں جاگتے اور رات کو سوتے میں ڈرتے ہیں۔

☞ مریض ٹھنڈی جگہ رہنا پسند کرتا ہے۔ ☞ جلد اور جسم گرم ہو گا

☞ مریض کو نیند نہیں آتی۔ ☞ مریض منہ کھول کے سوتا ہے

☞ عجیب آوازیں سنتا ہے۔ ☞ پوٹینسی 200-30

اولیم جیکورس Oleum Jec

کی پوائنٹ Key Point:

☞ عورتوں کے چہرے اور جسم کے فالتو بالوں کیلئے لاجواب دوا۔

☞ جگر اور لبلبہ کی تکالیف میں کام آتی ہے۔

☞ ٹی بی کا بخار شام کو سردی لگے، رات کو پسینہ آئے۔ ہتھیلیاں گرم۔

اہم علامات Main Symptoms:

- بچوں کا سوکھا پن۔
- یہ دوا جسم کی پرورش کرتی ہے۔
- پٹھے سخت۔ پرانا گینٹھیا۔
- پھیپھڑوں کا درد۔ کھانسی۔
- کہنی۔ گھٹنوں اور دمچی کی ہڈی کا درد۔
- رات کو بے قراری۔ الجھن بڑھ جاتی ہے اور بخار ہو جاتا ہے۔
- آواز خراب ہو جاتی ہے۔ سینہ میں چبھن والا درد اور خشک کھانسی آتی ہے۔
- ٹی بی کی وجہ سے پھیپھڑوں میں زخم کھانسی کے ساتھ خون آئے۔
- پوٹینسی۔ 200-30-3X

اوفورینم Oophorinum

نیا نام......اوینینیم Ovininum

کی پوائنٹ Key Point:

- اس دور میں خاص طور پر لڑکیوں میں اووری سسٹ کا رجحان عام ہے جس کی وجہ سے منسز کی خرابیاں بن رہی ہیں۔
- منسز میں درد کا ہونا اور بے اولادی جیسے مسلے پیدا ہو رہے ہیں۔
- اس کے علاوہ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ عورتوں میں یوٹرس کی رسولی بھی عام بات ہو گئی ہے۔
- ان سب کا حل *اوفورینم*۔

اہم علامات Main Symptoms:

- یوٹرس کی رسولیوں اور سسٹ کی سب سے اعلیٰ دوا۔
- جب یوٹرس نکال دیا جائے اُس وقت یہ دوا اپنا خاص اثر رکھتی ہے۔
- سن یاس۔ مینوپاز میں اس کا اک الگ مقام ہے۔

- جلد کے امراض جن میں گلابی دانے بنیں اور خارش ہو۔ پیریڈز میں ڈسٹربنس
- پوٹینسی۔ 30-3x.-Q

اوسیمم کین Ocimum Can

کی پوائنٹ Key Point:

- دائیں طرف کے گردے کی پتھری کی اعلیٰ دوا۔
- یورک ایسڈ کی بہترین دوا
- بائیں فوطے کی سوجن کی دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- یہ دوا گردوں۔ مثانہ۔ اور پیشاب کی نالی کی تکالیف کی شافی دوا ہے۔
- دائیں گردے میں پتھری کنکریشن۔ سرخ ریت کا اخراج۔
- گردے کی نالیوں کا درد۔ اینٹھن۔ پیشاب زیادہ آتا ہے۔
- یورک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے پیشاب میں جلن۔ پیشاب گدلا گاڑھا اور پیپ جیسا خون ملا آتا ہے۔
- پیشاب بدبودار آتا ہے۔
- عورتوں میں ران اور بریسٹ کے غدودوں کی سوجن۔
- بریسٹ جیسے بھرے ہوئے ہوں۔ ویجائنہ کی سوزش اور شدید درد
- یوٹرس اپنی جگہ سے ٹل جاتا ہے اور ویجانہ سے اخراج ہوتے ہیں۔
- پوٹینسی۔ 30-3x-Q

انوسموڈیم Onosmodium

کی پوائنٹ Key Point:

- میگرین Migran کی سب سے اعلیٰ دوا

- آدھے سر کا درد شافی دوا۔
- کثرت جماع سے عصابی کمزوری

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض تنگ کپڑے نہیں پہن سکتا ہے۔ کپڑے اتارنے اُلٹا لیٹنے سے اور کھانا کھانے سے سکون ہوتا ہے۔
- مریض بے شعور۔ سروزنی اور درد۔ سر چکراتا ہے۔ دماغ کی طرف دباؤ آئے۔
- کنپٹی اور کان کی ہڈی میں درد۔
- پٹھوں کی وجہ سے نظر کمزور۔ دھندلی۔
- کمر درد پاؤں اور ٹانگیں بے حس۔
- باریک کام کرنے سے یا نظر لگا پڑھنے سے ہونے والا سر درد۔
- بے حسی۔ پٹھوں میں درد۔ دردسر۔ چکر اور آنکھوں کی علامات واضع ہوتی ہیں۔
- یہ اُن عورتوں کیلئے مفید ہے جنہوں نے اپنی جنسی حس کو دبا کر رکھا ہو۔
- مثلاً۔ کوئی بیوہ عورت یا جس کا شوہر کسی دوسرے ملک گیا ہو۔ جس کی وجہ سے اُن کی جنسی حس ختم ہوگئی ہو۔
- یوٹرس کا شدید درد۔ یوٹرس کا نیچے کی طرف دباؤ۔
- خواہش جماع بلکل ختم۔ بریسٹ میں درد اور نپل میں خارش
- منسز وقت سے پہلے آئیں اور پھر دیر تک رہیں۔
- پوٹینسی۔ 30-200

اوکسی ڈنڈرون Oxydendron

کی پوائنٹ Key Point:

- استقاء۔ سوجن۔ جلندھر۔ اُڈیما۔ اسائیز۔ ڈراپسی۔ کی اعلیٰ درجے کی دوا۔
- خون میں موجود پانی کا جلد کے نیچے جمع ہو جانا جس کی وجہ سے سوزش ہو جاتی ہے۔

- جب پیشاب رکتا ہے تو گردوں کا پانی پیٹ میں آجاتا ہے جس کی وجہ سے پیٹ پھول کر سوج جاتا ہے۔
- یہ تین بہنیں ہیں
- اوکسی ڈنڈرون۔
- ایپس میلیفیکا۔
- ایپوسائنم۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اوکسی ڈنڈرون سب سے بڑی اور سمجھ دار ہے مگر ہومیوپیتھی اس دوا کے ساتھ سوتیلوں والا سلوک کرتے ہیں۔
- حالانکہ یہ دوا سوزش۔ استقاء۔ جلندھر۔ اُڈیما میں باقی دو بہن دواؤں سے بہتر ہے مگر ہم اپنی کم علمی اور اس دوا کی پہچان ناواقفیت کی وجہ سے اس سے فائدہ نہیں لے پاتے ہیں۔
- مریض کو سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔
- پیشاب میں البومن آتا ہے۔
- گردے۔ جگر۔ مثانہ اور پراسٹیٹ گلنڈز کی خرابیوں کی وجہ سے پیشاب کا کم آنا اور اس کی وجہ سے جسم میں سوجن آنے کی وجوہات کی مفید دوا۔
- پیٹ۔ پاؤں۔ اور جسم میں ہونے والی سوزش
- مثانہ کی سوزش مثانہ کی پتھری اور مثانہ کی گردن کی سوزش۔
- پوٹینسی۔ Q. مدر ٹینگچر۔

اوری گینم Origanum

کی پوائنٹ Key Point:

- *مشت زنی* کی عادت کو ختم کرنے کی اعلی دوا۔
- اعصابی کمزوری کیلئے مفید ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض جسمانی طور پر صحت مند ایکسرسائز کرنے اور دوڑ لگانے والا ہوتا ہے۔
- مشت زنی کی عادت اس حد تک بڑھ جاتی ہے کہ مریض دن میں کئی بار مشت زنی کرتا ہے۔
- عورتوں میں جنسی حس بہت زیادہ ہوتی ہے جس کے ساتھ لیکوریا ہو جاتا ہے۔
- جنسی خیالات دن رات ہر وقت ذہن پر طاری رہتے ہیں جس کی وجہ سے بریسٹ میں تکلف ہوتی ہے۔
- عورتوں کی جنسی حس دب جانے کی وجہ سے جوان لڑکیوں کو ہسٹیریا کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔
- عورتوں میں سر کا پچھلا حصہ انتہائی ٹھنڈا ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 3x

پلمبم میٹ Plumbum Met

کی پوائنٹ Key Point:

- ناف کی ہرنیا۔ انتڑیوں کا الجھ جانا۔
- شدید قبض۔
- بچوں کے فالج۔ شریانوں کی سختی۔ گھٹنوں کی سختی۔ ناف کے درد کی اعلیٰ ترین دوا پلمبم میٹ۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اکثر مریض ایک علامت دیتے ہیں کہ میری ایک انگلی سوئی ہوئی ہے۔ میرا ہاتھ۔ بازو یا پاؤں سویا ہے سُن ہے اس علامت کی بہترین دوا پلمبم میٹ ہے۔
- گھٹنوں کے جوڑ میں سختی مریض گھٹنے کو اُوپر نیچے کرنے اور چلنے سے کھچاؤ اور تکلیف اور

سختی محسوس کرے تو دوا پلمبم میٹ۔

- انتڑیوں کا الجھ جانا جس کی وجہ سے کئی دن کی قبض۔ پیٹ میں درد پیشاب کا رُک جانا ہوا کا خارج نہ ہونا آپریشن تک نوبت آ جائے تو شافی علاج پلمبم میٹ۔
- مریض مارے (قتل) کیے جانے کا خوف رکھتا ہے۔
- مریض بڑبڑاتا ہے۔ اُلٹ پلٹ باتیں کرتا ہے۔
- پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔
- گلے سے کوئی گولہ اُٹھ کے دماغ کی طرف جارہا ہے۔
- کانوں میں گونج او شور کی آوازیں آتی ہیں۔
- آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے
- مسوڑوں پر نیلی لکیریں۔
- زبان سرخ
- مسلسل الٹی آتی رہے۔
- پیٹ میں درد جو سارے جسم میں پھیل جائے۔
- پیٹ سکڑ جاتا ہے۔ ہوا خارج نہیں ہوتی ہے۔
- شدید قسم کی قبض۔
- سیاہ رنگ کے سُدے خارج ہوں اور مقعد میں درد ہوتی ہے۔
- پیشاب کی حاجت ہوتی ہے مگر پیشاب آتا نہیں یا قطرہ قطرہ آتا ہے جس کے ساتھ پیٹ درد ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30. بہتر کام کرتی ہے ضرورت کے تحت 1M200. بھی دی جاتی ہے۔

پلاٹینا Platina

کی پوائنٹ Key Point:

- ہسٹیریا۔ فالج۔ لرزہ۔ عورتوں کے امراض کی اعلیٰ ترین دوا۔
- بانجھ پن۔ غلبہ شہوت۔ رحم کی خارش۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مغرور لوگوں کی دوا۔
- ان لوگوں کا دل کرتا ہے کہ ہر اُس شخص کو ماردیں جو ان کی بات نہیں سنتا۔
- جو ان کی تعریف نہیں کرتا۔
- جو ان کی شان میں قصیدے نہیں پڑھتا۔
- جو ان کو اُٹھ کے سلام اور تعظیم نہیں کرتا یہ اُس شخص کو قتل کر دینا چاہتے ہیں۔
- خود کو اچھا۔ عمدہ اور اعلیٰ ترین سمجھنے اور لوگوں کو حقیر کمزور اور چھوٹا سمجھنے والے بدمزاج بد تمیز بداخلاق۔ لوگوں پے چیخنے والے اور چھوٹی سوچ کے مالک لوگوں کی دوا * پلاٹینا *۔
- سر درد ماتھے اور کنپٹی میں سکڑاؤ۔
- کان ایسے محسوس ہوں جیسے بے حس ہو گئے ہوں۔ تیز درد گرج اور گڑگڑاہٹ کی آوازیں۔
- اس دوا کے مریض ہر وقت کھانے کو تیار رہتے ہیں جو ملا ہڑپ کر جاتے ہیں۔
- پیٹ میں گیس درد اور دل خراب ہوتا ہے۔
- ناف کے آس پاس درد جو کمر کی طرف جاتا ہے۔
- عورتوں میں حیض کی بے قاعدگیاں۔
- حیض کثرت سے اور وقت سے پہلے ہوں۔
- گہرے رنگ کے کلاٹ درد کے ساتھ خارج ہوں۔
- عورت کے کے اعضائے مخصوصہ میں گدگداہٹ اور جنسی حس کا بڑھ جانا رحم میں جلن ہونا۔
- حیض دب جانے کے بعد ذہنی علامات پیدا ہونا تب جسمانی تکلیف کم اور ذہنی تکلیف بڑھ جاتی ہے۔
- پوٹینسی 30-200-1000

فیریولس Phaseolus

کی پوائنٹ Key Point:

- دل کی علامات بہت اہمیت کی حامل ہیں
- نبض تیز۔ تیز دھڑکن۔ نبض کمزور۔ دائیں طرف پسلیوں میں درد۔
- دل اور پھیپھڑوں کی جھلی میں پانی آ جاتا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- سر اور دماغ کی طرف بلڈ سرکولیشن کی وجہ سے آنکھ۔ پیشانی میں مسلسل درد رہتا ہے۔
- پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ روشنی کا کوئی اثر نہیں ہوتا ہے
- مریض کا سانس آہستہ اور مریض آہیں بھرتا ہے
- دل کی تیز دھڑکن کے ساتھ موت کا خوف ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 200-30-6x

پیسیفلورا Passiflora

کی پوائنٹ Key Point:

- پیسی فلورا کی پہچان نیند آور دوا
- ذہنی سکون کی دوا پیسی فلورا

اہم علامات Main Symptoms:

- ہسٹیریا کی مریضہ کی بے چینی اور نیند نہ آنے کی دوا۔
- پاگل و ذہنی امراض کے مریضوں کے لیے سکون آور دوا۔
- بخار کسی اور بیماری کی وجہ بچوں کو جھٹکے لگنا۔
- مریض ساری ساری رات جاگتا رہے

- نیند نہ آنے کی وجہ سے الجھن کا شکار رہے۔
- ذہنی و دماغی کام کر کے تھکے ہوئے لوگوں کو نیند نہ آئے۔
- کھانا کھانے کے چار سے چھ گھنٹے بعد معدہ میں وزن۔ اپھارہ۔ کھٹے ڈکار آئیں۔
- چائے کافی قہوہ پینے والوں کی بے خوابی۔
- شراب۔ افیون کھانے والوں کا نشہ چھڑوانے میں انتہائی مددگار دوا۔
- اعصاب کے کھچاؤ کو بہتر کر کے سکون پہنچاتی ہے۔
- پوٹینسی۔ Q مدر ٹینکچر نیند کے لئے کم از کم بیس سے چالیس قطرے ایک خوراک رات کو بالغ افراد کیلئے۔
- افیون۔ مارفین چھڑوانے کیلئے بیس قطرے تین بار+ ہیلپنگ میڈیسن ایونا سٹائیوا Q دس دس قطرے تین بار۔
- جسم درد کیلئے میگ فاس اور بیلا ڈونا یوز کروائیں۔

پوڈوفائیلم Podophyllum

کی پوائنٹ Key Point:

- اسہال۔ موشن۔ ڈائیریا کی اعلیٰ ترین دوا
- بچوں کے دانت نکالتے وقت کا ڈائیریا۔
- یرقان اور بخار کی دوا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- یہ دوا چھوٹی آنت۔ بڑی آنت اور جگر پر گہرہ اثر رکھتی ہے۔
- پخانہ بغیر درد کے زیادہ آتا ہے۔
- پخانہ بدبودار اور زور لگا کر خارج کرنا پڑتا ہے۔

- اس دوا کا مریض فضول میں اکیلا بیٹھا بولتا رہتا ہے۔
- سر کو اِدھر اُدھر پٹکتا ہے۔
- مریض ٹھنڈا پانی زیادہ پیتا ہے۔
- متلی۔ اور قے آتی ہے۔
- گرم ترش ڈکار آتے ہیں۔
- سوتے وقت بچے کا سر پسینہ سے تر ہو جاتا ہے۔
- صبح پتلے موشن۔ بچوں کے دانت نکالتے وقت کا ڈائیریا۔
- چہرہ گرم اور زبان کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔
- مریض مسوڑوں کو زور سے دبائے
- پیٹ میں خالی پن کا احساس
- عورت کی دائیں اووری میں درد۔
- یوٹرس اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔ کمر میں درد کا ہونا۔
- حمل کے دوران بواسیر
- رانوں اور گھٹنوں میں درد۔
- پوٹینسی۔ 200-30

پکرک ایسڈ Picric Acid

کی پوائنٹ Key Point:

- سٹوڈنٹس کی دوا جو پڑھنے سے بھاگتے ہیں کتاب پکڑتے ہی نہ یاد ہونے کا خوف آنے لگتا ہے۔
- آگ سے جلے کیلئے بیرونی لوشن کے طور پر بہترین علاج۔
- سوچ سمجھ کے دماغی کام کرنے سے ڈرنے والے لوگ۔ کام غلط ہونے کا خوف۔
- سر درد کی وجہ سے سر پر کس کے پٹی باندھنے والے افراد۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض کی جنسی حس تیز ہوتی ہے۔ غلبہ شہوت
- مادہ منویہ کا زیادہ مقدار میں اخراج جس کی وجہ سے کمزوری اور ٹیسٹس میں درد ہوتا ہے۔
- دماغ کمزور کمر درد اور اعصابی و پٹھوں کی کمزوری ہوتی ہے۔

- ☜ پاؤں ٹھنڈے حرکت سے تکلیف زیادہ۔
- ☜ خون کی کمی ہوتی ہے جو بہتر نہیں ہوتی۔
- ☜ یہ لوگ دماغی کام کرنے میں خود اعتماد نہیں ہوتے کوشش کرتے ہیں کہ کوئی بھی دماغی کام نہ کرنا پڑے۔
- ☜ ریڑھ کی ہڈی اور اعصاب سے آنے والی آلات تناسل کی کمزوری۔ پیشاب گہرے رنگ کا خون ملا قطرہ قطرہ آتا ہے۔
- ☜ کھانسی جو چلنے سے ہونے لگے بیٹھنے اور لیٹنے سے ٹھیک ہو جائے۔
- ☜ عورتوں میں منسز شروع ہونے سے پہلے دائیں اووری میں درد۔ لیکوریا اور یوٹرس کی خارش اہم علامات ہیں۔
- ☜ پوٹینسی۔ 30-3x

Peonia Officinalis پیونیا

☞ کی پوائنٹ Key Point:

- ☜ خونی بواسیر۔ قبض اور ناسور فسچولا کی اعلیٰ ترین دوا۔

☞ اہم علامات Main Symptoms:

- ☜ مریض کا سر چلتے وقت چکراتا ہے گھبراہٹ ہوتی ہے
- ☜ بلڈ سرکولیشن سر کی طرف زیادہ ہو جاتی ہے۔
- ☜ کانوں میں گونج کی آوازیں آنا شروع ہو جاتی ہیں۔
- ☜ گری گے سینہ سے درد شروع ہو کر کمر تک چلا جائے۔
- ☜ ہاتھ پاؤں کے پنجوں اور گھٹنوں ٹانگوں تک درد چلا جائے۔
- ☜ آنکھوں میں جلن شروع ہو جاتی ہے۔
- ☜ ریکٹم۔ پخانہ کی آنت اور بریسٹ کے زخم ورم جن میں سے خون آئے۔

- ☜ ریکٹم پھولا ہوا اور شدید درد شدید خارش قبض والا پخانہ زور لگا کر آئے۔
- ☜ پخانہ کرنے کے بعد جلن ہو۔
- ☜ بھگندر پھوڑا۔ مقعد کے ایک انچ کے فاصلہ پر زخم (ناسور) ورم جس سے خون آلود پیپ آئے۔
- ☜ خونی بواسیر جس سے ریکٹم میں سیاہی مائل زخم بن جائیں۔
- ☜ پخانہ کرتے شدید درد ہو اور کمزوری ہو جائے۔
- ☜ پوٹینسی۔ 30-3x-Q

پوتھس فائی ٹیڈس Pothos

☞ کی پوائنٹ Key Point:

- ☜ دمہ پھیپھڑوں کیلئے مفید دوا
- ☜ ڈسٹ الرجی کا شافی علاج

☞ اہم علامات Main Symptoms:

- ☜ چھینکیں آتی ہیں۔ ناک سے پتلا پانی بہتا ہے۔ کھانسی گلے میں درد ہوتا ہے۔
- ☜ دمہ۔ ذرا سی ڈسٹ اور آٹا چھانتے ہوئے سانس کا خراب ہونا جس کی وجہ سے جھٹکے لگیں۔
- ☜ کھلی اور پُر فضا مقام میں سکون ہوتا ہے
- ☜ جھٹکوں والے درد جو جگہ بدلتے ہیں۔
- ☜ پیٹ کا پھول جانا
- ☜ گیس کی وجہ سے یوٹرس کا پھیل جانا
- ☜ پخانہ آنے سے سکون ہوتا ہے۔
- ☜ پوٹینسی۔ مدر ٹنکچر۔ 3x-1x

Pareira Brava پریرا بریوا

☞ کی پوائنٹ Key Point:

- ☜ گردہ اور مثانہ کی پتھری کی دوا
- ☜ مثانہ کا درد جو رانوں تک جائے
- ☜ پروسٹیٹ کے ورم اور سوزاک کے بعد کی پیچیدگیوں کیلئے مفید دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض ڈراونے خواب دیکھے کہ اسے زندہ دفن کیا جارہا ہے۔
- اس دوا کا مریض بیٹھ کر پیشاب نہیں کرسکتا ہے۔
- مریض کو گھٹنوں کے بل بیٹھ کراور سرزمین پر رکھ کر پیشاب کرنا پڑتا ہے۔
- مریض جب بیٹھے تو سیون پر گولا رکھنے کا احساس
- پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے۔
- پیشاب میں سیاہی مائل خون آتا ہے۔
- مسلسل پیشاب کی حاجت رہتی ہے
- پیشاب کیلئے بہت زور لگانا پڑتا ہے۔
- ایسا محسوس ہو کہ مثانہ پھیل رہا ہے۔
- پیشاب کی نالی میں درد سوزش اور خارش ہوتی ہے۔ پنیس کے سوراخ اور منہ پر شدید درد ہوتا ہے۔
- ٹانگوں کے اگلے حصوں اور رانوں میں شدید درد ہوتا ہے۔
- پوٹینسی 3x-Q

پلانٹیگو میجر Plantago Major

کی پوائنٹ Key Point:

- دانت درد کی بے مثال دوا
- کان کے درد میں بھی مفید دوا
- پیشاب کا بلا ارادہ نکل جانا
- یہ میڈیسن۔ حقہ۔ سگریٹ چھوڑوانے کیلئے بہترین کام کرتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- دانتوں کا درد جس کی وجہ سے رخسار تک سوزش ہو جائے۔
- دانت درد آنکھوں کے پپوٹوں تک چلا جاتا ہے۔ حساس دانت ٹھنڈی ہوا اور چھونے سے درد زیادہ۔

- کھانا کھاتے دانت درد کم ہو جاتا ہے
- کان کا درد جو ایک کان سے شروع ہو کر سر کے اوپر سے دوسرے کان تک جائے۔
- آواز سننے کی طاقت بڑھ جاتی ہے اور زیادہ آواز سے تکلیف ہوتی ہے۔
- کان اور دانت میں اکٹھے درد ہوتا ہے
- ناک سے پیلا بلغم نکلتا ہے
- آنکھوں کے ڈیلے انتہائی حساس
- آنکھوں سے پانی بہتا ہے
- چیزیں دھندلی نظر آتی ہیں
- بواسیر کھڑا ہونا مشکل ہو
- سر کا درد جو چہرے تک پھیل جاتا ہے۔
- چہرے کا درد جو صبح فجر کے مقررہ وقت پر ہو اور دو بجے دن تک رہے۔
- پخانہ کی حاجت ہو مگر پخانہ نہ آئے۔
- پیشاب مقدار میں زیادہ اور بیٹھے بیٹھے یا واش روم جاتے راستے میں بلا ارادہ نکل جائے۔

نوٹ: یہ دوا دانت درد میں بیرونی طور پر لگانے سے دانت درد فوراً ٹھیک ہو جاتا ہے۔

- پوٹینسی۔ مدر ٹینکچر

کواشیا Quassia

کی پوائنٹ Key Point:

- کمزور معدہ۔ بدہضمی۔ اپھارہ۔ تیزابیت۔ جلن۔ درد۔
- کمزور معدہ کو طاقت دیتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض جو کھاتا ہے اسی چیز کی قے کرتا ہے۔ پیٹ خالی محسوس ہوتا ہے۔
- زبان پر خشک بھورے رنگ کی لیسدار میل جما ہوتی ہے۔
- کمر پر ٹھنڈک کا احساس ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ جسم کے اندر بھی سردی کا احساس ہوتا ہے۔

- دائیں پسلیوں کے درمیان جگر کے اوپر والی جگہ پر اور تلی میں بھی درد ہوتا ہے
- آنکھوں کا موتیا اور دھند آتی ہے۔
- پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہے۔
- پیشاب کو روکا نہیں جا سکتا ہے۔
- بچہ نیند سے جاگتا ہے مگر بستر پر ہی پیشاب نکل جاتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-3x-1x

رومیکس Rumex

کی پوائنٹ Key Point:

- گلے میں الجھن سرسراہٹ ہونے سے خشک کھانسی جو سرد ہوا سے بڑھ جائے۔
- جسم۔ سر اور چہرے کو ڈھانپ لینے سے کھانسی رُک جاتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- خشک کھانسی جو رات کو سونے نہ دے۔ ذرا سا گلے کو چھونے سے کھانسی شروع ہو جاتی ہے۔
- ناک اور منہ سے پانی جیسی پتلی جھاگ اور بلغم نکلتی ہے۔ بلغم بعد میں سخت اور ریشہ دار ہو جاتی ہے۔
- ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے گلے میں کوئی گانٹھ رکھی ہے۔
- مریض بار بار گلا صاف کرنے کی کوشش کرتا ہے۔
- رومیکس کی کھانسی بولنے۔ سرد ہوا سے زیادہ ہو جاتی ہے۔
- اس دوا کے درد ایک جگہ نہیں ٹھہرتے اور مسلسل بھی نہیں رہتے۔
- زبان کے کنارے پر درد اور گندی طے۔
- مریض گوشت نہیں کھا سکتا ہے ورنہ بہت ڈکار آتے ہیں۔ ایسا محسوس ہو جیسے معدہ میں

کوئی چیز رکھی ہے۔

- درد معدہ جو مسلسل ہو۔ کھانا کھانے کے بعد سینے کے بائیں جانب درد۔ سینے میں انتہائی شدید درد۔
- یہ دوا خارش کیلئے بھی کارگر ہے۔
- پوٹینسی۔ 200-30-6-3

روٹا Ruta

کی پوائنٹ Key Point:

- آنکھوں کی بینائی کو بہتر کرنے والی ایک اعلیٰ دوا
- ہڈیوں کے پردوں کی تکالیف کی دوا
- موچ آنے کے بعد کی تکلیف کی دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- ناامیدی۔ سر ایسے جیسے کیل ٹھونک دی ہو۔
- جسم کے تمام حصوں پر کچلے جانے والا درد۔
- کمزوری کی وجہ سے ٹانگیں وزن نہ سنبھال سکیں۔
- کلائی اور ہاتھوں کی ہڈیوں میں درد۔
- سر درد جو باریک کام کرنے سے ہو۔ باریک حروف پڑھنے کی وجہ سے آنکھیں سرخ اور گرم ہو جائیں۔
- قریب کی نظر کے نظام میں خلل۔
- آنکھوں کے آئی بال کے اندر درد پپوٹے اور آئی برو پر درد۔
- ریڑھ میں دکھن۔ کمر درد جو صبح وقت زیادہ ہو۔ ٹخنوں کے پٹھوں میں درد۔

- معدہ میں کترنے والا شدید درد۔

نوٹ: روٹا آئی ڈراپ آنکھوں کی بینائی بہتر کرنے کیلئے بہترین ہیں۔

- پوٹینسی۔ 30-200

رسٹاکس Rhutox

کی پوائنٹ Key Point:

- جوڑوں اور پٹھوں کے دردوں کی دوا۔
- جلدی امراض۔ خصوصاً ایگزیما۔
- سردی میں بھیگ جانے سے فالج۔
- کھچاؤ اور بھیگ جانے سے تکالیف میں آضافہ۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض دوران تکلیف بے چین ہو گا۔ چپ چاپ۔ بات کم کرے گا۔ کروٹیں بدلے گا۔
- تکلیف کی وجہ سے چلتا پھرتا رہے گا سکون اور آرام سے نہیں بیٹھ سکتا کیونکہ چلنے پھرنے سے تکلیف میں سکون اور افاقہ رہتا ہے۔
- اس دوا کے مریض کو کلینک میں بھی آپ بیٹھا نہیں سکتے وہ بولے گا مجھے بیٹھنے سے تکلیف زیادہ ہوتی ہے تو تھوڑی سی بھی جگہ پر چلتا پھرتا رہے گا۔
- کیونکہ اس مریض کی دردیں اور باقی تکالیف کو گرمی یا جسم کو گرمی پہنچانے سے سکون اور سردی یا ٹھنڈے موسم میں تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے۔
- اس دوا کی سب سے بڑی علامت بھی یہی ہے دردیں جو چلنے سے بہتر ہوں۔
- گنٹھیا۔ جوڑوں کی دردیں۔
- پٹھوں کا کھچاؤ
- زبان میلی اور نوک سرخ
- شدید کمر درد۔ کھچاؤ

- سرد موسم میں بارش میں بھیگ جانے سے فالج۔ کھچاؤ اور دردیں۔

نوٹ: ایکزیما میں ہیلپنگ میڈیسن۔ مزریم۔ گریفائٹس۔

- پوٹینسی۔ 10000-1000-20030.

روبینا Robinia

کی پوائنٹ Key Point:

- معدہ کے السر کی اعلیٰ دوا
- معدہ کا درد اور پیٹ کا شدید درد
- معدہ میں HCL تیزابیت کا بڑھ جانا
- پروٹین۔ البومن والی چیزیں (انڈا۔ گوشت) جلد ہضم ہوتی ہوں۔
- نشاستہ والی اشیاء (مکھن۔ دہی۔ پنیر۔ کیک۔ پیزہ۔ ہضم نہ ہوں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کی رہنما علامت تیزابیت کی وجہ سے پیشانی میں درد ہونا ہے۔
- انتہائی کھٹے ڈکار اور سبز مواد والی قے جس کے ساتھ معدہ کی نالی سے لیکر گلے تک بہت زیادہ خراش ہو۔
- معدہ کی درد کی وجہ سے اپھارہ ہو جائے۔ شدید پیٹ درد ہو۔ قولنج
- پخانہ ترش بدبو والا
- بچوں کے جسم سے بھی ترش بدبو آتی ہے۔
- عورتوں میں جنسی حس زیادہ۔ ترش بدبودار لیکوریا جو زیادہ مقدار میں خارج ہو۔
- ویجائنہ اور اس کے اردگرد دھدری جیسے دانے بن جاتے ہیں۔
- منسز کے پندرہ دن بعد خون کے داغ لگنا۔
- پوٹینسی۔ 30-3x

رس ایرومیٹکا Rhus Arom

کی پوائنٹ Key Point:

- شوگر۔ گردہ۔ مثانہ۔ پیشاب پر کنٹرول نہ رہنا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- گردے کمزور۔ شوگر کے مریض اور بزرگ افراد جن کا مثانہ بیماریوں کی وجہ سے یا ایج فیکٹر کی وجہ سے انتہائی کمزور ہو چکا ہو اور جن کا پیشاب بستر سے اُٹھتے اُٹھتے یا واش روم تک پہنچنے سے پہلے ہی کپڑوں میں نکل جائے۔ یہ دوا ان کی اس تکلیف کو بہتر کرتی ہے۔
- شوگر کے مرض میں بھی یہ دوا کارآمد
- شوگر والے مریض کا وزن کم ہو جاتا ہے۔
- ہے۔ پیشاب میں البومن کا آنا۔
- پیشاب کا بار بار اور زیادہ مقدار میں آنا۔
- پیشاب کی حاجت ہوتے ہی مثانہ میں تیز درد۔
- پیشاب قطرہ قطرہ آنا۔
- پوٹینسی۔ Q. مدر ٹینگچر۔

رٹینیا Ratanhia

کی پوائنٹ Key Point:

- مقعد کی تکالیف کیلئے بہتر ہے
- بواسیر۔ مقعد کی خارش
- آنکھ کے سفید پردہ کا شافی علاج

- ہچکی جو لگا تار رہے

اہم علامات Main Symptoms:

- درد معدہ۔ شدید درد
- پخانہ انتہائی درد کے ساتھ آنتوں میں جیسے کانچ کے ٹکڑے بھرے ہوں۔
- مقعد کی سکڑن اور جلن جیسے انگارے رکھے ہوں۔
- حاجت کے بعد گھٹنوں تک درد اور جلن ہوتی ہے۔
- مقعد میں خشکی اور گرمی کا احساس۔ بے قراری۔ جیسے آنت سکڑ گئی ہو۔
- پخانہ خارج کرنے کیلئے زور لگانے سے بواسیر کے مسے باہر نکل آتے ہیں۔
- بچوں بڑوں میں پخانے کے ساتھ سفید باریک کیڑے نکلتے ہیں۔
- عورتوں میں بریسٹ کے نپیز کٹے پھٹے ہوتے ہیں۔
- پوٹینسی۔ 200-303x.

سلینیم Selenium

کی پوائنٹ Key Point:

- جنسی و اعصابی کمزوری
- ہتھیلیوں پر خشک خارش
- جنسی حس تیز۔ جماع کی خواہش زیادہ مگر جماع کرنے کی طاقت کم ہوتی ہے۔
- مادہ منویہ پتلا اور بے بو ہوتا ہے۔
- سر پر ایکزیما کی طرح کے کھرنڈ جن کے نیچے پیپ ہوتی ہے۔ انگلیوں کے درمیان چھالے
- سر۔ آئی برو۔ اور داڑھی کے بال گریں
- سگریٹ پینے کے بعد ہچکی

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض غمگین۔ نا اُمید۔ اداس رہتا ہے۔ جنسی خیالات کا غلبہ رہتا ہے مگر قوت جماع کم

ہوتی ہے۔

- ذرا سے ذہنی وجسمانی کام سے تھک جاتا ہے۔
- سر درد جو چائے پینے سے اور بڑھے۔
- معدہ۔ کھانا کھانے کے بعد سارے جسم میں پھڑ پھڑاہٹ ہوتی ہے۔
- تیز ذائقہ والی تُرش کھٹے مشروبات پینے کی خواہش۔
- گلا کی ابتدائی ٹی بی۔ صبح کی کھانسی خون ملا بلغم نکلے آواز بگڑی ہوئی
- آدھی رات کے بعد نیند آئے صبح مقررہ وقت پر جلدی جاگے۔
- پوٹینسی۔ 3x-30-200

سباڈیلا Sabadilla

کی پوائنٹ Key Point:

- زکام۔ چھینکیں۔ آنکھیں سرخ کم سنائی دیتا ہے اور آنسو بہتے ہیں۔
- مہواری دیر سے اور رُک رُک کر آتی ہے۔
- مریض گھبرایا ہوا۔ شرمسار۔ آسانی سے ڈر جانے والا۔ انتہائی وہمی جو یہ گمان کرتا ہے کہ وہ شدید بیمار ہے اس کے اعضاء سکڑ گئے ہیں وہ حاملہ ہے اور اُسے کینسر ہوگیا ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا اثر ناک کی بلغمی جھلی اور آنسوؤں کے غدود پر ہے۔
- سردی سے تکلیف بڑھتی ہے اور گرمی سے کم ہوتی ہے۔
- سر چکراتا ہے۔ پپوٹے سرخ آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے نظر آتے ہیں۔
- گلے میں کچھ لٹکے ہونے یا گیند رکھے ہونے کا احساس مریض لگتا رہے
- سخت بلغم نکلتا ہے گلے کے بائیں طرف تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔
- مریض مٹھائی کھانا چاہتا ہے

- پیاس بہت کم روٹی کھانا پسند اور گرم گرم اشیاء کھاتا ہے۔
- بخار کی حالت میں ہاتھ پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے چہرے اور سر پر گرمی لگتی ہے۔
- پوٹینسی۔ 3x-30

سلفر Sulphur

کی پوائنٹ Key Point:

- اینٹی سورک میڈیسن
- جلدی امراض کی شافی دوا
- مریض گندہ رہنے کا عادی
- خارش جو بستر کی گرمی سے بڑھے۔
- ہومیوپیتھی میں سب سے بڑی اینٹی سورک میڈیسن سلفر ہے۔
- نہانے اور صاف ستھرا رہنے سے نفرت کرتا ہے۔
- ڈاکٹرز کی بہترین منتخب کردہ دوا اگر کام نہیں کر رہی ہے تو سلفر اس دوا کیلئے راستہ ہموار کرتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض اپنے آپ کو گندہ رکھتا ہے وہمی ہوتا ہے کندھے جھکا کر چلتا ہے
- کھانسی جو بولنے سے زیادہ ہو۔
- بیکار کپڑوں کو بھی خوبصورت سمجھتا ہے۔
- خارش جو گرمی سے بڑھے بہار اور سردی کے شروع میں خارش بڑھتی ہے۔
- پینس پر خارش۔ غیر ارادہ منی کا اخراج عضو تناسل ٹھنڈا ڈھیلا مردانہ طاقت کم ہو جاتی ہے۔
- صبح کے وقت دل گھبراتا ہے غشی آتی ہے کچھ کھانے سے سکون ہوتا ہے۔
- سر کی چوٹی اور ہاتھ پاؤں میں جلن ہوتی ہے۔
- صبح کے وقت بغیر درد کے اسہال آتے ہیں جو اُٹھتے ہی بستر سے بھگاتے ہیں۔
- پیشاب کیلئے بھاگ کر واش روم جانا پڑتا ہے پیشاب کرتے نالی میں جلن اور درد ہوتا ہے۔

- بھوک ختم یا زیادہ ہو جاتی ہے۔
- مقعد کی خارش میں مفید ہے مقعد کے گرد سرخی اور خارش ہوتی ہے
- منسز کی بندش اور ویجائنہ کی خارش
- لیکوریا جلن اور خراشدار ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 3x-30-200

سٹینم Stannum

کی پوائنٹ Key Point:

- سانس کی نالیوں اور پھیپھڑوں کی پرانی تکالیف۔
- کھانسی سبز رنگ کا میٹھا بلغم نکلے
- شدید کمزوری جو بولنے سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔ مریض روشنی میں رہنا پسند کرتا ہے
- مریض ایک ٹانگ سینے کے ساتھ لگا کر سوتا ہے۔
- مریض کو چھوٹی چیزیں بڑی نظر آتی ہیں۔
- کھانا پکنے کی خوشبو سے متلی ہوتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا اعصاب اور سانس کے اعضاء پر گہرا اثر ہے مریض پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف کی وجہ سے ٹی بی کی مرض کی طرف جا رہا ہو۔
- بلغم کے اخراج کیلئے زور لگانا پڑے۔
- مریض غمزدہ۔ بے قرار۔ کم ہمت۔ لوگوں کا ہجوم دیکھ کر ڈر جانے والا۔
- پیشانی اور سر درد سر جیسے رسی سے بندھا ہو۔
- گال کی ہڈیوں اور آئی بالز میں کھنچاؤ اور درد ہوتا ہے۔
- شام سے آدھی رات تک خشک کھانسی جو ہنسنے اور بولنے سے زیادہ ہو۔

- گلے میں لیسدار بلغم جو تھوکا نہ جائے۔
- انتہائی شدید کمزوری جیسے فالج کی ہوتی ہے ہاتھ سے چیزیں گر جائیں۔ سیڑیاں اترتے وقت چکر بیٹھے ہوئے ٹانگیں تھک جائیں۔
- عورتوں میں یوٹرس ٹل جاتا ہے نیچے کی طرف دباو جو ویجائنہ اور کمر میں ریڑھ کی ہڈی کی طرف جاتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 3x-30-200

سائزیجیم Syzygium

کی پوائنٹ Key Point:

- جامن کی گٹھلی سے تیار ہوتی ہے۔
- شوگر کنٹرول کرنے کی اعلیٰ دوا
- شوگر کو کنٹرول اور بہتر کرنے میں اس دوا کوئی ثانی نہیں ہے۔
- پیشاب میں شکر کے اخراج کو ختم کر کے شوگر کو کنٹرول کرنے والی واحد دوا سائزیجیم۔

اہم علامات Main Symptoms:

- لبلبہ۔ کا ناکارہ یا ڈیڈ ہو جانا۔
- خون میں شوگر (گلوکوز) کا لیول بڑھ جاتا ہے۔ جس کا بروقت علاج ضروری ہے۔ ورنہ اس بیماری سے پیچیدگیاں بڑھ جاتی ہیں۔
- مثلاً۔ دل کے امراض۔
- گردوں کی خرابیاں۔
- آنکھوں کی بینائی متاثر ہو جانا۔
- پاؤں سُن رہنا۔
- گردے خراب ہونے لگتے ہیں اور پیشاب میں پروٹین خارج ہونے لگتی ہے۔
- خون کی نالیوں کی تنگی کی وجہ سے ہارٹ اٹیک ہو جاتی ہے۔
- زخموں کا جلدی ٹھیک نہ ہونا۔
- مریض کو بہت پیاس لگتی ہے۔
- کمزوری اور تھکاوٹ ہوتی ہے
- آنکھوں کے سامنے دھندلا پن۔

- پیشاب زیادہ۔ Polyuria رات کو بار بار پیشاب کی حاجت۔
- بھوک زیادہ اور بار بار لگتی ہے جو برداشت نہیں ہوتی ہے۔
- جسم میں پانی کی کمی کے وجہ سے بلڈ پریشر اکثر لو رہتا ہے۔
- کھڑا ہونے پر مریض کو چکر آتے ہیں کہ جیسے گر کے بہوش ہو جائے گا۔
- پوٹینسی -Q مدر ٹینگچر

سمفوری کارپس Symphoricarpys

کی پوائنٹ :Key Point

- پریگنینسی کے دوران قے کی سب سے اچھی پرفیکٹ اور واحد دوا جس کا کوئی متبادل نہیں ہے۔

اہم علامات :Main Symptoms

- اس دوا کو قے۔ الٹی کی دوا کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔
- سمفوری کارپس کا نام آتے ہی دماغ میں حمل کے دوران قے کا آجاتا ہے۔
- ماہواری میں بھی آنے والی قے کی بہترین دوا ہے۔ جو چلنے پھرنے اور حرکت کرنے سے بڑھتی ہے۔ مریضہ اُلٹا لیٹ کے بہتر محسوس کرتی ہے۔
- نظام ہاضمہ کے مسائل
- کبھی بھوک کم کبھی زیادہ۔
- منہ کا ذائقہ تلخ اور کڑوا۔
- دوران حمل قبض کا ہونا
- پوٹینسی۔ 30-200

سارسپریلا Sarsarilla

کی پوائنٹ :Key Point

- دردگردہ
- گردے کی پتھری کی خاص دوا

- خاص کر جب گردہ دائیں طرف والا ہو۔
- بچوں کا درد گردہ اور پیشاب کے مسائل۔
- خون صافی دوا جو جلد کا رنگ بہتر کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔
- سوزاک۔ آتشک۔ ایگزیما۔ میں موثر۔

اہم علامات :Main Symptoms

- عورتوں میں عضا پوشیدہ پر خارش۔
- مریض کی زبان سفید۔ پیاس کم لگتی ہے۔
- پیشاب کم قطرہ قطرہ اور آخر میں شدید درد کے ساتھ۔
- پیشاب کے ساتھ سرخ خون آئے۔
- گردہ کا درد اور گردے کی پتھرے کی وجہ سے مریض بیٹھ کے پیشاب نہ کر پائے۔ کھڑے ہو کر پیشاب کرے۔
- درد گردہ کی وجہ سے کمر درد ہو۔
- پیشاب میں ریت آئے۔ پیشاب میں خون آئے۔ پیشاب کم چکنا اور ریت نظر آئے۔
- بچے پیشاب کے بعد درد کی وجہ سے چیختے اور روتے ہیں۔

نوٹ: میرے پرسنل ایکسپیرینس کے مطابق۔

- سارسپریلا Q اور آئیوڈیم Q کے پانچ پانچ قطرے دن میں تین بار دینے سے خون صاف اور جلد کا رنگ بہت زیادہ بہتر (گورا) ہو جاتا ہے۔
- پوٹینسی۔ Q مدر ٹینگچر۔ 30

سبیل سرولاٹا Sabal Serr

کی پوائنٹ :Key Point

- پراسٹیٹ گلینڈ کی سوزش کی اعلیٰ ترین دوا۔

- پراسٹیٹ کی سوزش۔
- فالج۔ سوزاک۔ پیشاب کی دشواری۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا مریض ہمدردی پسند نہیں کرتا ہے۔
- ہمدردی کرنے والے افراد پہ غصہ کرتا ہے۔
- رات کو مسلسل پیشاب کی حاجت رہتی ہے۔
- پیشاب بلا ارادہ بستر یا واش روم جاتے جاتے نکل جاتا ہے۔
- پیشاب کی نالی کی جھلیوں اور پراسٹیٹ پر اس دوا کا بہت گہرا اثر ہے۔
- یہ دوا جسم کی پرورش کرتی ہے۔
- پوشیدہ اعضا کی کمزوری میں موثر ہے۔
- فوطوں کی اندرونی جلد کی سوزش میں کام آتی ہے۔
- فوطوں کی تھیلی میں بننے والے گانٹھ دار پھوڑے کیلئے اکسیر ہے۔
- اعصابی درد۔ سر درد۔ درد ناک سے شروع ہو کر ماتھے میں آ کر رک جاتا ہے۔
- یہ دوا جسم کے نئے ریشے بناتی ہے۔
- عورتوں میں بریسٹ سکڑے ہوئے۔
- بیضہ الرحم کمزور۔ ایسی عورتوں کیلئے مفید ہے جن کی نفسانی خواہش دب چکی ہو۔
- پوٹینسی۔ 3X-Q

سٹرامونیم Stramonium

کی پوائنٹ Key Point:

- بلا وجہ مسلسل بولنے والے افراد۔
- گانے گانے والے۔
- روحوں سے باتیں کرنے والے۔
- غائبی آوازیں سننے والے۔

- خود غرض۔ کینے۔ کبھی ہنسے کبھی رونے والے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- ذرا ذرا سی بات پہ قسمیں کھانے والے لوگ۔
- مذہبی جنون میں مبتلا بس خود کو ٹھیک اور بہتر سمجھنے والے لوگ۔
- آنکھیں ایک جگہ پہ ٹکا کے رکھیں۔
- پتلیاں پھیلی ہوئیں نظر آنا بند ہو جائے۔
- مریض وہمی طبیعت اپنے جسم کو دو حصوں میں محسوس کرے۔
- اندھیرے سے ڈرے۔ روشنی میں رہنا پسند کرے۔
- کسی کے ساتھ اس کا ہاتھ پکڑ کے رہنا پسند کرے۔ ڈر سے سوتے میں بڑبڑا کے اٹھ جائے۔ نیند آئی ہو مگر سو نہ سکے۔
- پیشانی میں درد۔ اپنا سر اٹھا کے تکیے پہ مارے۔
- چھوٹی چھوٹی باتوں پر بچوں بیوی اور گھر والوں سے الجھ پڑے اور تشدد کرے۔
- عورتوں میں زچگی کے درمیان ذہنی علامات آ گئیں۔
- پوٹینسی۔ 30-200-1000

سیلیکس نائیگرا Salix Nigra

کی پوائنٹ Key Point:

- مردانہ و زنانہ آلات تناسل کی اصل دوا۔
- جنسی خواہش حد سے زیادہ بڑھی ہوئی۔
- سوزاک کے سٹارٹ ہوتے ہی اس دوا کا استعمال کارگر ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- ہر وقت جنسی خیالات دماغ پر مسلط رہتے ہیں۔

- چہرہ۔آنکھیں سرخ ناک کی نوکیں جیسے سوزش ہو
- اس دوا کا مریض چھوا جانا برداشت نہیں کرتا ہے۔
- بالوں کی جڑوں میں درد۔
- منسز درد کے ساتھ ہوں
- کمر کے نچلے حصہ میں درد
- مریض زیادتیز نہ چل سکے۔
- شہوانی۔سیکس کے خیالات ہر وقت دماغ پے حاوی رہتے ہیں۔
- فوطوں کی حرکت سے درد محسوس ہو۔
- خوابوں میں بھی جنسی معاملات کے خواب دیکھے اور احتلام ہو۔
- مشت زنی کے بدنتائج کے بعد کی حالتوں کی دوا۔
- عورتوں میں جنسی حس زیادہ۔منسز کے دنوں میں گھبراہٹ اور درد۔
- یہ دوا مرد عورت دونوں کی جنسی زیادتی کو کنٹرول کر کے ذہنی سکون فراہم کرتی ہے۔
- پوٹینسی۔Q-30

سیپیا Sepia

کی پوائنٹ Key Point:

- عورتوں کے امراض کی بہترین دوا
- لیکوریا۔یوٹرس کا نیچے کی طرف بوجھ
- منسز بے ترتیب۔کبھی کم کبھی زیادہ
- جلدی امراض۔چنبل۔ایکزیما۔آتشک۔
- جوان لڑکیوں کے چہرے کے داغ
- کھانا کی خوشبو آتے ہی متلی اور دل خراب ہونے لگے۔ہر چیز نمکین لگے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- سیپیا کا مریض اپنے گھر والوں سے لا پرواہ ہوتا ہے۔اپنی بیماری یا حالات بتاتے رونے لگے۔
- مریض بدمزاج۔کنجوس۔غمگین۔تنہائی میں ڈرنے والا۔

- عورتوں کا گہرے زرد یا سبز رنگ کا لیکوریا۔جس کے ساتھ خارش ہوتی ہے۔
- لیکوریا کو روکنے کیلئے عورت ٹانگ پر ٹانگ رکھ کے بیٹھے۔یوٹرس کا نیچے کی طرف دباؤ۔
- منسز کبھی دیر سے بلیڈنگ کم اور کبھی وقت سے پہلے بلیڈنگ زیادہ ہوتی ہے
- یوٹرس میں شدید سوئیاں چبھنے جیسا درد جو ناف تک پھیل جاتا ہے۔
- منسز کے دنوں میں شدید جھٹکوں والا سر درد
- ناک سے گاڑھی سبزی مائل رطوبت۔جس کے ساتھ موٹے لوتھڑے خارج ہوں۔
- پرانا نزلہ گلے میں ٹپکے جو منہ کے راستے تھوکنا پڑے۔
- آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے اور نظر کمزور ہو جاتی ہے۔
- پیشاب سرخ چھیلنے والا ریت کے ذرات آئیں۔
- پوٹینسی۔30-200

سینگا Senega

کی پوائنٹ Key Point:

- چیسٹ انفیکشن کی مکمل اور بے مثال واحد دوا۔
- پلیورسی۔پھیپھڑوں کے پردوں اور سینے میں پانی آ جانا۔
- بلغمی کھانسی۔پرانا دمہ کی دوا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- سینگا کا مریض اونچی جگہ اور سیڑیاں نہیں چڑھ سکتا۔
- سینہ میں گڑگڑاہٹ۔بلغم زیادہ نکلتا ہے۔
- مگر بزرگ زیادہ بلغم نہیں نکال سکتے ہیں اسی لئے چھاتی سے آوازیں آتی ہیں۔
- ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے سینہ پر بوجھ ہے اور سینہ جیسے تنگ ہو گیا ہے۔
- اس دوا کے مریض ہر چھوٹی سی بات پر جھگڑا شروع کر دیتے ہیں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- فضول بولنے اور بکواس کرنے والے لوگ۔
- اس دوا کا مریض رات کے اندھیرے سے ڈرتا ہے۔
- سورج غروب ہونے سے سورج نکلنے تک تکلیف زیادہ رہتی ہے۔ صبح اُٹھ کر رات کو ہونے والی تکلیف کے بارے میں پریشان رہتا ہے۔
- کنپٹی سے پار ہونے والا سر درد۔
- بالوں کا جھڑنا۔ کھوپڑی کی ہڈیوں میں درد مریض ایسا محسوس کرے کہ کھوپڑی کی ہڈیاں اُڑ جائیں گی۔
- جلد پر بھورے رنگ کے بدبودار دانے۔
- آنکھوں کی سوزش جو بار بار ہو۔ قرینہ پر زخم۔ آنسو بکثرت۔ پپوٹے متورم۔ رات کو پپوٹوں میں درد زیادہ۔
- ناک کا ناسور۔
- دانتوں کے کنارے تیز۔ زبان میلی۔ رال زیادہ آتی ہے۔ آواز ختم ہو جاتی ہے۔
- عورتوں میں یجائنہ کے زخم۔ خراش دار لیکوریا زیادہ۔
- پوٹینسی۔ 200-1M-10M. زیادہ وقفے سے استعمال کرائیں۔

سمفائی ٹم Symphytum

کی پوائنٹ Key Point:

- ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے والی دوا
- بڑی آنت اور معدہ کے درد میں مفید
- آنکھ کی چوٹ کی اعلیٰ درجہ کی دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض کے سر کھوپڑی اور پیشانی پر جگہ بدلنے والا درد ہوتا ہے۔

- یہ دوا موٹی رگوں اور ہڈیوں کی چوٹ جن میں ہڈیوں کے پردوں کو نقصان پہنچے انتہائی مفید ہے۔
- ٹوٹی ہوئی ہڈی میں ورم اور شدید درد جو کانٹا چبھنے جیسا ہو
- اور ان زخموں کیلئے بھی کارگر ہے جو ہڈیوں تک پہنچ گئے ہوں۔
- اس دوا میں ایسے اجزا موجود ہیں جو زخمی جلد کو دوبارہ ٹھیک کر دیتے ہیں
- نچلے جبڑے کی ہڈی کی سوزش۔ جبڑے میں سرخی اور کھچاؤ ہوتا ہے۔

نوٹ: اس کے مدر ٹنکچر سے زخموں کو صاف کرنا انتہائی مفید ہے اور مقعد کی خارش کیلئے لگانے سے خارش ٹھیک ہو جاتی ہے۔

- پوٹینسی۔ 30-200

تھائرو ڈینیم Thyroidinum

کی پوائنٹ Key Point:

- بھیڑ کے گلے کا خشک دودھ
- گلہڑ
- بچوں کا قد رُک جانا۔
- گلے کے غدودوں کے مسائل۔
- ہڈیوں کا ٹیڑھا پن۔ ٹوٹی ہڈیوں کو جوڑنے میں معاون دوا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- بھوک زیادہ لگتی ہے مگر جسم سوکھتا جاتا ہے۔
- کمزوری۔ رات کو بستر پر پیشاب نکل جانا۔
- غنودگی۔ بے قراری۔ چڑچڑاپن۔ محنت سے باغی۔ کسی کا ٹوکنا پسند نہیں کرتا۔
- اس دوا کا استعمال پٹھوں کی کمزوری۔ چہرے کے عضاء کے جھٹکے فالج پیدا کرتا ہے۔
- دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے۔ آنکھیں باہر نکل آتی ہیں اور پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ سیاہ دھبے اُڑتے نظر آئیں۔

- گیٹھیا کا درد اور جوڑوں کی سوزش۔ بازو اور ٹانگیں سرد۔ ہڈیوں کا ٹیڑھا پن۔
- گلا خشک۔ سرخ اور جلن۔ بائیں طرف زیادہ تکلیف ہو۔
- بینائی کمزور اور حافظہ بڑھ جاتا ہے۔ ☜ نبض کمزور۔ انگلیاں بے حس۔
- پیشاب بار بار۔ البومن آئے۔ ☜ عورتوں میں بریسٹ کی رسولی۔
- رحم کی ریشہ دار رسولی۔
- پستانوں میں دودھ کی کمی۔ اس کیلئے حمل کے شروع سے ہی علاج شروع کر دینا چاہیے۔ حمل کی قے۔

نوٹ: اس دوا کے استعمال سے اکثر مریضوں کے بلڈ پریشر بڑھنے کی شکایات ہوتی ہیں لہذا مریض کا بلڈ پریشر چیک کرتے رہیں۔

- پوٹینسی۔ 6 سے 30.

تھوجا Thuja

کی پوائنٹ Key Point:

- ڈر۔ وہم۔ جذباتی۔ حساس۔ اور رو دینے والے لوگوں کی دوا۔ سوزاک کے جراثیم کیلئے قاتل دوا۔
- پیشاب کی نالی کی سوزش۔ ورم اور خون آنے کی دوا تھوجا۔

اہم علامات Main Symptoms:

- تھوجا اپنی ایک علامت یا ایک جلدی بیماری سے پہچانی جاتی ہے اور وہ بیماری ہے۔ *مسے*۔ *مہکے*۔
- مگر اس کے باقی فوائد اور اس بے مثال میڈیسن کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے صرف یہ بول کر کہ یہ مہکوں کی دوا ہے۔
- حالانکہ اس دوا کو استعمال کر کے آپ *ذہنی*۔ جلدی۔ کان اور *سوزاک* جیسے

مہلک اور ضدی مرض سے بھی چھٹکارا پا سکتے ہیں۔

- اکثر بچے اور بڑی عمر کے افراد بھی۔ آپ کو ایک علامت دیتے ہیں کہ!
- مجھے ایسا لگتا ہے کہ میرے پیچھے کوئی چل رہا ہے۔
- اہم ذہنی علامت۔ ☜ میرے پیچھے کوئی بیٹھا ہوا ہے۔
- میرے ساتھ کوئی لیٹا ہے۔ ☜ مجھے کوئی دیکھ رہا ہے۔
- میرا جسم اور روح الگ الگ ہیں۔ ☜ ایسے لوگ بہت حساس ہوتے ہیں۔
- مجھے لگتا ہے میرے جسم کے اندر کوئی زندہ چیز ہے۔
- ڈر خوف ان کے دماغ میں یہ وہم پیدا کرتا ہے۔
- جس کی وجہ سے ان کو ایسا محسوس ہوتا ہے۔
- ایسے مریضوں کی اول دوا تھوجا ہے۔ ایسے لوگ جذباتی ڈرامہ۔ فلم دیکھتے رو دیتے ہیں۔
- بچوں اور بڑوں کے کانوں سے گاڑھی بدبودار پیپ کا اخراج ہوتا ہے۔
- سوزاک کے ہو جانے کے بعد پیپ اور خون کا اخراج۔ درد جلن اور مثانہ کے پاس درد۔ پیشاب دو دھاروں میں آتا ہے۔
- بواسیر کی وجہ سے مقعد کے مہکے۔
- چہرے جسم اور انگلیوں پر پھول گوبھی کی شکل کے مہکے۔
- پرانے زخموں میں بھی کارآمد دوا ہے۔
- طاقت۔ Q مدر ٹینکچر سے Cm تک ہر پوٹینسی میں لاجواب کام کرتی ہے۔ اور Q بیرونی طور پر لگانے کے بھی مثبت فوائد ہیں۔
- مگر زیادہ تر 30.200 پوٹینسی استعمال ہوتی ہے۔

ٹریلیم پنڈولم Trillium Pend

کی پوائنٹ Key Point:

- یوٹرس سے چمکدار سرخ گہرے رنگ کا خون آنا۔

- اسقاط حمل کا خطرہ ہو
- ریشہ دار رسولیوں کی وجہ سے یوٹرس سے خون آئے۔
- ڈائریا کا پرانا مسلۂ دست۔ پچش جن کے ساتھ خون آئے۔
- نکسیر سرخ چمکدار خون بہے
- دانت نکلوانے کے بعد خون کو روکتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- ٹریلیم کے مریض کو محسوس ہوتا ہے کہ آنکھ کا آئی بال زیادہ بڑا ہوگیا ہے جس کی وجہ سے ہر چیز نیلی دیکھائی دے۔
- سر اور پیشانی کا درد جو شور سے زیادہ ہو۔
- معدہ میں گرمی محسوس ہو اور خون گرے۔ معدہ سے جلن اُٹھ کر خوراک کی نالی تک آئے۔
- کھانسی جس کے ساتھ پیپ جیسی بلغم اور خون آئے
- چھینکیں زیادہ آئیں سینہ کے نچلے حصہ میں شدید درد ہو جو سینے کے آر پار ہو جائے۔ سانس خراب ہو دم گھٹنے لگے۔
- عورتوں میں رحم کا ٹل جانا لیکوریا ذرا سی حرکت سے یوٹرس سے بکثرت چمکدار خون آئے جس کے ساتھ کولہے اور کمر شدید درد ہو
- پوٹینسی۔ Q-1x-3x-30

Terebinthina ٹیربین تھینا

کی پوائنٹ Key Point:

- گردے کی سوزش اور گردے کے ناکام ہونے کی مفید دوا
- پیشاب گدلا اور گہرے رنگ کا خون ملا آئے
- پیشاب رُک رُک کر مقدار میں کم قطرہ قطرہ جس کے ساتھ البومن آئے۔

- پیشاب سے گھوڑے کے پیشاب جیسی بدبو آئے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا خاص تعلق بلغمی جھلیوں کے ساتھ ہے جن سے خون آتا ہو۔
- سوزش گردہ۔ گردہ کی خرابیاں اور گردہ کا ناکام ہونا اس دوا کے زمرے میں آتا ہے۔
- اس دوا کے مریض کا سر ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے رسی سے بندھا ہو۔
- نظر کمزور۔ توازن برقرار نہ رکھ سکے۔
- کثرت شراب نوشی سے گردوں اور آنکھوں کے مسائل
- بخار میں گرمی لگے پیاس زیادہ چکنائی والا پسینہ آئے۔
- نبض کمزور۔ گردوں کے مقام پر کمر میں درد اور جلن ہو۔
- اپنی آواز ہی کانوں میں ریپیٹ ہو
- کان کا درد اور اونچی آواز۔ شور برداشت نہ ہو۔
- زبان خشک۔ سرخ۔ نوک چمکدار اور سانس بدبودار ہوتا ہے۔
- متلی اور قے ہوتی ہے۔
- آنتوں کے کیڑے۔ آنتوں میں ورم خون گرتا ہے۔
- عورتوں کو یوٹرس میں شدید جلن خون آئے اور سوزش۔
- پوٹینسی۔ 1x سے 200

Thlaspi B.P تھلاسپی برسا

کی پوائنٹ Key Point:

- یورک ایسڈ کو پیشاب کے ذریعے خارج کرتی ہے۔
- بند پیشاب جاری کرتی ہے یہ دوا کیتھڈر کی ضرورت نہیں پڑنے دیتی۔
- یوٹرس سے خون آنا۔

- یوٹرس کی رسولی۔ یوٹرس کی پرانی بیماریوں کی بلمثل دوا۔
- گردے اور مثانہ کی سوزش۔ گردوں میں ریت پتھری اور نکسیر۔

اہم علامات Main Symptoms:

- پیشاب کی بار بار حاجت۔ پیشاب میں فاسفیٹ زیادہ مقدار میں خارج ہو۔
- گہرے براون رنگ کا پیشاب فوارے کی طرح اور پیشاب میں خون آئے
- مریض کا سر کھڑا ہونے پر چکراتا ہے
- پیشانی کا درد جو شام کو زیادہ ہو جائے آنکھیں اور چہرہ پھولا ہوا
- گردہ مثانہ اور یوٹرس سے جما ہوا اخراج خون جس کی وجہ سے کمر میں درد ہو۔
- کانوں کے پیچھے چھلکوں والے دانے۔
- ناک کے آپریشن کے بعد کا اخراج خون روکتی ہے۔
- مردوں کی مادہ منویہ کی نالیوں میں چلتے ہوئے درد ہوتا ہے۔
- عورتوں میں یوٹرس سے خون کا زیادہ مقدار میں آنا
- ہر تیسرے ماہ منسز کا زیادہ مقدار میں آنا
- پوٹینسی۔ 3x-1x-Q

ٹیوبرکولینیم Tuberculinum

کی پوائنٹ Key Point:

- (نوسوڈز)
- ٹی بی کے پہلے درجہ کی مفید دوا
- مثانہ کی سوزش
- موسمی تبدیلی برداشت نہ کرنے والے لوگ
- علامات ہمیشہ بدلتی رہیں۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اگر بہترین تجویز کردہ دوا بھی کام نہ کرے تو یہ دوا اس دوا کا اثر بہتر کرتی ہے۔

- مسلسل بخار رہتا ہے۔ مریض تھکا ہوا۔ سست۔ حرکت کرنا کام کرنا پسند نہیں کرتا ہے۔
- مریض جنونی۔ چڑچڑا ہوتا ہے اور افسردہ رہتا ہے
- سانس گھٹے آسانی سے نہیں نکلتا ہے کھلی ہوا میں رہنے سے افاقہ
- ایسا محسوس ہو کہ سانس گھٹ جائے گا۔
- سینہ میں گڑگڑاہٹ۔ کھانسی۔ بلغم زیادہ آئے۔
- گوشت سے نفرت اور ٹھنڈا دودھ پینے کی خواہش ہوتی ہے۔
- جانوروں سے ڈرتا ہے خاص کر کتے سے۔
- فحش گفتگو کرتا ہے۔
- سر میں شدید درد رہتا ہے
- کان سے بدبودار مواد نکلتا ہے۔
- ذرا سی ہوا لگتے ہی زکام ہو جاتا ہے۔
- سبز پیپ والے چھوٹے پھوڑے نکلتے ہیں جو ناک میں بھی نکلتے ہیں۔
- عورتوں میں بریسٹ کی رسولی۔ منسز شدید درد کے ساتھ بکثرت اور وقت سے پہلے ہوتے ہیں۔
- پوٹینسی۔ 1M-200

ٹریکسیکم Taraxacum

کی پوائنٹ Key Point:

- ہاضمہ کی خرابیاں۔
- زبان پر کسی ملک کے نقشے جیسے نقش
- جگر کا بڑھ جانا۔ مثانہ کا کینسر

اہم علامات Main Symptoms:

- معدہ کی خرابیوں کی وجہ سے سر درد اور زبان اور جسم پر زرد نشان۔
- آنتوں میں جیسے بلبلے اُٹھ رہے ہوں۔
- کھانا کھانے کے بعد سردی لگنا اور پانی پینے سے سردی کا بڑھ جانا۔

- ڈکار۔ زبان پُرحس۔ سرخ۔ تلخ ذائقہ
- جگر بڑھا ہوا۔ جگر پر تیز چبھن۔
- سر کی چوٹی پر تیز گرمی کا احساس
- گھٹنے میں درد جو دبانے سے کم ہو۔
- ہاتھوں پاؤں میں بے قراری۔
- چہرہ اور پاؤں کی انگلیوں میں سردی لگنا۔ نیند آتے ہی پسینہ آ جانا۔
- پوٹینسی۔ 30-3x-Q

ٹیلیوریم Tellurim

کی پوائنٹ Key Point:

- جلد، آنکھ، کان اور ریڑھ کی علامات اہم ہیں۔ ایکزیما، چنبل، فنگل انفیکشن اور ہاتھ پاؤں کی خارش کی مفید دوا
- آنکھ کے سفید حصہ کا قرینہ پر چڑھ جانا
- کمر انتہائی حساس، دُمچی کا درد
- پپوٹے سوجے ہوئے اور خارش ہو
- کان کے پچھلی طرف کا ایکزیما جس سے مچھلی کی بو جیسا مواد خارج ہو۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض کو سیب کھانے کی خواہش ہوتی ہے۔ معدہ میں کمزوری اور معدہ خالی ہونے کا احساس ہوتا ہے
- زکام جس کے ساتھ آنسو اور چھینکیں آئیں
- ریڑھ کی ہڈی کے پانچویں مہرے میں اور دُمچی میں درد جو زور لگانے اور کھانسنے سے زیادہ ہو۔
- گھٹنے کے پٹھوں اور رگوں میں سکڑاؤ
- جسم سے بدبو آئے اور پاؤں پر بدبودار پسینہ آئے۔
- آنکھ کے پپوٹوں کی سوجن، آنکھ کا موتیا جو چوٹ لگنے کے بعد آیا ہو
- سفید پردہ کا کچھ حصہ موٹا ابھرا ہوا جیسے آبلے بنے ہوں جو قرینہ کے کچھ حصہ پر چڑھ جائے
- پوٹینسی۔ 200-30-6

ٹرائی ٹیکم Triticum

کی پوائنٹ Key Point:

- مثانہ کی سوزش اور درد کے ساتھ پیشاب آنا اس کے ساتھ گردہ کی سوزش
- پیشاب کی دشواری۔ قطرہ قطرہ۔ پیشاب میں ذرات۔ پیپ جیسا اخراج ہو۔
- سوزاک کی جلن پیپ اور پیشاب میں درد

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض ہر وقت ناک صاف کرتا رہتا ہے
- بلا ارادہ پیشاب نکل جاتا ہے
- پیشاب کی حاجت متواتر برقرار رہتی ہے
- عموماً یہ علامات زیادہ تر بزرگ افراد میں پائی جاتی ہیں
- پوٹینسی۔ 3x-Q

یورینیم نائٹ Uranium Nitricum

کی پوائنٹ Key Point:

- شوگر کی اعلیٰ دوا
- یہ دوا پیشاب کی مقدار اور اس میں شکر کی مقدار کو بڑھاتی ہے
- جلندھر۔ استسقاء۔ پانی والی سوزش
- شوگر کے باعث مکمل نامردی ہو

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض ذہنی پریشان۔ کمزور۔ لاغر ہوتا ہے

- ہلکا ہلکا سر درد نتھنوں پر درد پیپ جیسا خراش دار مواد نکلتا ہے
- گوہانجی۔ پپوٹے سوجے اور جڑے ہوئے
- پیاس کی زیادتی۔ متلی۔ قے۔
- مریض بہت زیادہ کھانا کھائے جیسے کافی دنوں سے بھوکا ہو
- اپھارہ۔ خوراک کی نالی میں جلن ہوتی ہے
- پوٹینسی۔ 3x

اُسنیا باربٹا Useea Barb

کی پوائنٹ Key Point:

- سن سٹروک کی وجہ سے آنے والی تکالیف
- سر میں اجتماع خون
- سر درد جیسے سر پھٹ جائے گا
- کنپٹیوں میں پھٹنے والا شدید درد
- گردن کی رگوں میں وائی بریشن
- سر میں بلڈ سرکولیشن کی وجہ اور سر درد کی وجہ سے آنکھیں ایسے محسوس ہوں جیسے باہر نکل آئیں گی۔

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کی تمام علامات سن سٹروک کے بعد کی علامات جیسی ہیں اس لئے گلونائن کے بعد اس دوا کا استعمال انتہائی کارآمد ہوتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-3x-Q

اُسٹی لیگو Ustilago

کی پوائنٹ Key Point:

- یوٹرس میں خون کا جمع ہونا اور یوٹرس کا ڈھیلا ہونا

- اسقاط حمل کے بعد خون کا زیادہ اخراج۔ ذرا سی حرکت پر سرخ چمکدار اور جما ہوا یا گہرا جما ہوا چھیچھڑوں کی شکل میں لمبا کھینچنے والا خون آئے۔
- مشت زنی کا عادی دن میں کئی بار مشت زنی کرے۔
- عورتوں کو مہواری کی جگہ نکسیر آئے

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض بدمزاج اور ناامید
- پٹھے کمزور جیسے کمر کے ساتھ ابلتا پانی بہہ رہا ہو
- بال گریں۔ چھوٹے پھوڑے نکلیں
- سر پر ایکزیما نما داد جس پر کھرنڈ ہو
- آنکھ کے ڈھیلوں میں درد جس کے سات آنسو نکلیں
- پوٹینسی۔ 3x-Q

یوریا Urea

کی پوائنٹ Key Point:

- پیشاب آور دوا
- گردوں کی خرابی۔ گردوں کا فعل ہونا
- گردوں کی بیماری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ٹانگوں اور پیٹ پر سوجن آ جانا

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کا تعلق گردوں کے امراض سے ہے
- اس لئے پیشاب میں البومن اور شکر کا اخراج ہوتا ہے اور مریض کا وزن کم ہو جاتا ہے
- جوڑوں کی سوزش ہوتی ہے اور ایکزیما بن جاتا ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-Q3x

Vesicaria ویسی کیریا

کی پوائنٹ Key Point:

- پیشاب اور گردوں کی تکالیف
- گردہ کی سوزش گردہ کا فعل ہونا۔
- مثانہ کی سوزش
- پیشاب بار بار اور پیشاب کی جلن۔ پیشاب انتہائی بدبودار

اہم علامات Main Symptoms:

- عموماً اس دوا کا استعمال گردہ مثانہ کے امراض میں ہوتا ہے جہاں گردہ کے فعل ہونے یا خراب ہونے کی ہیسٹری ملتی ہو
- سردی کے باعث مثانہ کی سوزش ہو گئی ہو
- سوزاک جس میں جلن ٹیس پڑتی ہو
- گردوں کے ناکام ہونے کی وجہ سے سوجن اور پیشاب بند ہو گیا ہو
- پوٹینسی۔ Q

Viburnum Opulus وائی برنم

کی پوائنٹ Key Point:

- اٹھرا کی بے مثال اور واحد دوا۔
- اسقاط حمل۔
- یوٹرس کی کمزوری۔
- بانجھ پن۔
- حیض کی خرابیاں۔
- رحم۔ یوٹرس کی تمام بیماریوں کی اینٹی بیوٹک دوا وائی برنم۔

اہم علامات Main Symptoms:

- *اٹھرا*۔ یہ وہ لفظ ہے جس سے اکثر معالج اور عام لوگ بھی ناواقف ہیں۔

- اکثر لوگ اس کو جادو سایہ یا کچھ عجیب سی ہی بیماری سمجھتے ہیں۔
- اس لفظ کو اردو۔ پنجابی جس بھی زبان میں ٹرانسلیٹ کریں اس کا مطلب *یوٹرس کی کمزوری* کی وجہ سے حمل کا ضائع ہو جانا۔
- دوران حمل بچے کی کی گروتھ نہ ہونا۔
- مردہ بچے پیدا ہونا۔
- وقت سے پہلے بچے پیدا ہونا۔
- اگر بچہ ان سب حالات کے باوجود پیدا ہو جاتا ہے تو دوران حمل پیدا ہونے والی کمزوری اور خامیوں کی وجہ سے بچے کی موت ہو جانا اٹھرا کے زُمرے میں آتا ہے۔
- اس کے مریض کا درد کمر سے چاروں طرف پھیلتا ہوا یوٹرس تک جاتا ہے۔
- شروع کے دنوں میں ہی حمل کا ضائع ہو جانا۔ (اٹھرا)
- حیض کے دوران کمر اور رانوں میں درد۔
- حیض۔ منسز دیر بعد اور کم مقدار میں۔
- عورتوں کی ویجائنا پُر حس ایسے محسوس ہو کہ یوٹرس خون سے بھرا ہوا ہے مگر جب منسز آ جائیں تو بہتر محسوس ہوتا ہے۔
- یوٹرس کی اینٹھن دار دردیں جو چبھن کے ساتھ اور تیز دردیں ہوں۔
- حاملہ عورتوں کی پنڈلیوں میں درد۔
- بانجھ پن کے لیے یہ دوا کوئی ثانی نہیں رکھتی ہے۔
- پوٹینسی۔ Q مدر ٹنکچر میں ہی سب سے اچھا کام کرتی ہے

Vinca Minor ونکا مائنر

کی پوائنٹ Key Point:

- جلدی امراض کی اعلی دوا
- شدید خارش مریض اپنا خون نکال لے

اہم علامات Main Symptoms:

- اس دوا کے مریض کے کانوں میں گھنٹیوں اور سیٹیوں کی آوازیں آتی ہیں۔
- چکر آتے ہیں گلا بند بمشکل نگلا جائے۔
- آنکھوں کے آگے سیاہ دھبے نظر آتے ہیں۔
- یہ دوا سر کے ایکزیما کیلئے لاجواب ہے
- سر کی چوٹی پر خارش۔ (چندیا) چوٹی
- سر کی چوٹی پر بلیک داغ جن سے لیکوڈ نکلے۔
- ایکزیما کے لیکوڈ کی وجہ سے سر کے بال آپس میں جڑ کر ایک ٹوپی نما شکل بنا لیتے ہیں۔
- ایکزیما کی وجہ سے بالوں کا سر سے ختم ہو جانا ایسے جیسے گنج ہو گیا ہو۔
- ناک سرخ۔ سرخ دانے۔ ایک نتھنا بند
- ناک کے پھوڑے ناک کی جڑ میں پیپ والے دانے جن پر بعد میں موٹا کھرنڈ بن جاتا ہے۔
- اوپر والے ہونٹ کے اوپر دانے جن میں پیپ کے بعد کھرنڈ بن جاتا ہے۔ جنہیں ہم بخار کے بعد کے دانے بولتے ہیں۔
- عورتوں میں منسز کا زیادہ آنا۔
- کمزوری۔ یوٹرس سے خون آنا جو یوٹرس کی رسولی کی وجہ سے ہو۔

نوٹ: ایکزیما کی وجہ سے سر کے بال جو ختم ہو جاتے ہیں وہ اس دوا سے دوبارہ اُگ آتے ہیں۔

- پوٹینسی۔ 3x-1x-Q

ونا ڈیم Vanadium

کی پوائنٹ Key Point:

- جسم اور پھیپھڑوں میں آکسیجن کی کھپت کو بڑھاتی ہے۔ ٹی بی کے پہلے درجہ کی دوا۔

- خون کے سرخ ذرات RBC (ہیموگلوبن) کو بڑھاتی ہے۔
- نظام انہظام کو بہتر کرتی ہے۔
- ونا ڈیم۔ قوت مزاحمت اور جسمانی قوت کو بڑھاتی ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض کا سر چکراتا ہے۔ جھٹکے لگتے ہیں۔
- دل دماغ اور جگر کا فیٹی ہو جانا۔
- خون کی کمی ہوتی ہے۔ بھوک بہت کم لگتی ہے
- سینہ میں دباؤ کا احساس ہوتا ہے۔
- پیشاب میں البومن اور دیگر ذرات کا اخراج ہوتا ہے۔
- ناک۔ گلے اور آنکھوں کی سوزش ہوتی ہے۔
- کمزور جسم والے افراد جن کا وزن بھی بہت کم ہوتا ہے۔
- پھیپھڑوں میں آکسیجن کی کمی سے سانس اور خشک کھانسی جیسے مسائل کا شکار رہتے ہیں۔
- یہ دوا جسم کے ہر حصہ میں آکسیجن کی کھپت پوری کر کے زہریلے مادے اور نقصان دہ خلیات کو ختم کرتی ہے۔
- پوٹینسی۔ 200-30-12-6

ایکسرے X-Ray

کی پوائنٹ Key Point:

- زنانہ، مردانہ بانجھ پن کی بے مثال دوا
- مردوں کے سپرمز اور عورتوں کے اوومز کو طاقت دیکر مضبوط اور سائز میں بہتر کرتی ہے۔
- خون کے سفید ذرات WBC کی بڑھی مقدار کو نارمل کرتی ہے
- آگ سے جلے ہوئے زخم اور چنبل کو ٹھیک کرتی ہے
- ایکسرے کی شعاعوں سے پیدا ہونے والے جلدی امراض کیلئے خاص دوا

اہم علامات Main Symptoms:

- سر اور چہرے میں شدید درد
- کانوں کے پیچھے تیز درد
- ناخنوں کے پاس سرخ داغ
- زبان کھردری خشک
- پوٹینسی۔30-200
- اوپر والے جبڑے میں ہلکا درد
- خارش والا ایکزیما۔ جلد کھردری
- کانوں میں گھنٹیوں کی آوازیں
- جنسی حس ختم ہوتی ہے۔

یوہمبینم Yohimbinum

کی پوائنٹ Key Point:

- مردانہ طاقت کیلئے مفید دوا
- انسانی غلطیوں کی وجہ یا کسی بیماری یا ایج فیکٹر کی وجہ سے آنے والی مردانہ کمزوری کو بہتر کرتی ہے۔
- مریض کو شہوت نہیں آتی ہے
- عورتوں کی چھاتیوں میں دودھ کی مقدار کو بڑھاتی ہے

اہم علامات Main Symptoms:

- مریض بے قرار۔ چہرا گرم۔ منہ سے رال زیادہ نکلے
- پیشاب کی نالی کی سوزش
- بخار میں پسینہ آئے اور جسم سے سردی کی لہریں اٹھیں
- نیند کی کمی چھوٹی چھوٹی باتیں دماغی پریشانی کا باعث بنیں اور رات بھر نیند نہ آئے۔
- پوٹینسی۔3x-Q

زنجبار Zingber

کی پوائنٹ Key Point:

- (سونٹھ)
- گردوں کا ناکام ہونا

- آدھے سر کا درد۔ ریڑھ کی ہڈی کا ناکارہ پن۔
- معدہ کی خرابیاں۔
- ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں میں درد۔

اہم علامات Main Symptoms:

- نظام انہظام کی بہترین دوا
- جو کچھ کھایا ہو اس کا ذائقہ کافی دیر تک منہ میں رہے۔
- ایسا محسوس ہو کہ معدہ میں پتھر رکھے ہیں۔
- تربوز اور گندہ پانی پینے سے پیٹ خراب پیٹ درد اور قے کی تکالیف۔
- معدہ میں ترشی۔ تیزابیت۔ صبح جاگنے پر معدہ بھرا ہوا محسوس ہو۔ معدہ سے سینہ تک جلن۔
- پیشاب بار بار آئے۔ پیشاب گاڑھا بدبودار
- پیشاب کی نالی میں ڈنگ لگنے جیسا درد۔
- مردوں میں جنسی خواہش زیادہ۔

سانس کی دشواری۔ جس کی وجہ سے بے چینی ہو۔

- تکلیف دہ کھانسی جس کے ساتھ بلغم آئے۔
- گلے میں خراش سینہ میں سوئی گڑھنے جیسا درد
- پوٹینسی۔1-6

ہومیو پیتھک کے بارہ نمکیات...... بائیو سالٹ

کلکیر یا فاسفوریکا Calcarea Phos

کی پوائنٹ Key Point:

- یہ غیر نامیاتی مرکب اسہال، ہیضہ، کمی خون، ٹائیفائیڈ، کمزور کرنے والی بیماریاں، بچوں کا سوکھا پن، دانت نکالنے کے ایام کی تکلیف، وزن کی کمی، ہڈیوں کے امراض، ہڈیوں کی کمزوری یا ٹیڑھا پن، ٹوٹی ہوئی ہڈی کا نہ جڑنا، موسم کی تبدیلی سے پیدا ہونے والی

تکلیف خاص طور پر جوڑوں کا درد۔

- پوٹینسی۔ 6x-3x

کلکیریا فلور Calcarea Fluor

کی پوائنٹ Key Point:

- یہ دوا غدودوں، وریدوں، گلٹیوں میں مفید ہے جن میں پتھر کی طرح سختی پائی جائے۔
- اس کے علاوہ بواسیر کے مسوں اور بھگندر میں بھی مفید دوا ہے۔
- پستانوں کے نمایاں نہ ہونے، پستانوں پر گانٹھیں، سخت گلہڑ، موتیا بند، کان بہنے کی مزمن شکایت اور ہڈیوں کے بڑھنے کیلئے مفید دوا ہے۔
- پوٹینسی۔ 6x-3x

کلکیریا سلفوریکا Calcarea Sulph

کی پوائنٹ Key Point:

- جلدی امراض، مزمن بواسیر، وریدی تکالیف، سینے کے امراض میں فائدہ مند ہے، پیپ اور مواد کا نکلنا، گاڑھے زرد رنگ کے اخراجات اور پھوڑے پھنسی میں بہت مفید ہے۔
- پوٹینسی۔ 6x-3x

فیرم فاس Ferrum Phos

کی پوائنٹ Key Point:

- تمام Acute امراض میں فیرم فاس مفید ہے۔
- سوزش میں فیرم فاس کی افادیت بہت کارآمد ہے۔
- چمکدار جریان اور کمی خون میں بہت فائدہ مند ہے۔
- پوٹینسی۔ 6x-3x

کالی فاسفوریکم Kali Phos

کی پوائنٹ Key Point:

- عصاب کی طاقت کے لیے خزانہ
- تمام اعصابی اور دماغی امراض کے لیے مفید ہے۔
- اس دوا کی تمام تکالیف تمام اخراجات بدبودار ہوتے ہیں۔
- پوٹینسی۔ 6x-3x

میگھنیشیا فاس Meg-Phos

کی پوائنٹ Key Point:

- ہر قسم کے دردوں کیلئے شافی دوا ہے
- پٹھوں۔جسم۔معدہ کا درد، یوٹرس کا درد اور تشنجی کھانسی کے لئے مفید ہے۔
- اس دوا کے مریض کو دبانے، گرمی اور ٹکور سے آرام آتا ہے۔
- یہ دوا تشنج اور اعصابی امراض میں بہت فائدہ مند پائی جاتی ہے۔
- پوٹینسی۔ 6x

کالی میور Kali Mur

کی پوائنٹ Key Point:

- نمونیہ کا دوسرا درجہ، نزلہ، زکام، کھانسی میں بہت مفید ہے۔
- کالی میور کے مریض کی زبان سفید یا میلی جڑ سے شروع ہو کر ساری زبان میلی ہوتی ہے۔

- تمام سوزش میں خاص طور پر کان اور آنکھ کی سوزش میں مفید ہے۔
- پوٹینسی ۔ 6x to 1x

نیٹرم میور Natrum Mur

کی پوائنٹ Key Point:

- اس دوا کی سب سے بڑی علامت نمک کی خواہش ہے۔
- لو بلڈ پریشر کیلئے مفید ہے
- پتلے اخراج نزلہ، زکام، نوبتی بخار، جلدی امراض میں نیٹرم میور فائدہ مند ہے۔
- اس دوا کی خصوصی علامت قبض، سر درد، پیاس۔
- تکالیف صبح دس سے گیارہ بجے تک شروع ہوتی ہیں۔
- گرمی کے موسم میں اور گرمی سے علامات کا زیادہ ہونا اس دوا کی خاص علامت ہے۔
- پوٹینسی ۔ 30-6x

نیٹرم فاس Nat-Phos

کی پوائنٹ Key Point:

- یہ دوا نظام ہضم کی خرابی کو دور کرتی ہے۔
- جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
- نظام ہضم کی خرابی کو اس وقت دور کرتی ہے جب کہ کھٹی بو، کھٹا ذائقہ اور تیزابیت کے آثار موجود ہوں۔
- زبان اور تالو کے پچھلے حصوں پر زرد سنہری تہہ موجود ہو۔
- یہ دوا یرقان، درد جگر، صفراء، دردسر، چھوٹے جوڑوں کے درد اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔
- پوٹینسی ۔ 6x-3x-1x

نیٹرم سلفوریکم Natrum Sulph

کی پوائنٹ Key Point:

- یہ غیر نامیاتی نمک امراض ملیریا، جگر اور صفراء کی زیادتی کے لئے مفید ہے۔
- اس نمک کے مریض کی تکلیف کی علامات میں مرطوب موسم اور دلدلی جگہوں پر اضافہ ہوتا ہے۔
- سوزاک اور صفراء کے اخراج کا سنہری مائل ہونا اس دوا کی حاجت کا ثبوت ہے۔
- زبان پر سبزی مائل تہہ یا بھورے رنگ کی تہہ کا ہونا اس دوا کی حاجت کا ثبوت ہے۔
- زبان پر سبزی مائل تہہ یا بھورے رنگ کی تہہ کا ہونا اور منہ کا ذائقہ کڑوا ہونا بھی
- جریان خون روکتی ہے۔
- پوٹینسی ۔ 6x-3x

کالی سلفوریکم Kali Sulph

کی پوائنٹ Key Point:

- ہر قسم کی سوزش کا علاج۔
- تمام تکالیف میں گرمی سے اضافہ۔
- کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں آرام۔
- اخراج رطوبت کا رنگ زرد۔
- دردوں کا مقام بدلنا اور شام کو علامات کی شدت میں اضافہ۔
- پوٹینسی ۔ 200-30-12x-6x

سلیشیا Silicea

کی پوائنٹ Key Point:

- یہ غیر نامیاتی مرکب جلدی امراض، پرانے زخم، خنازیری تکلیف، قوت باہ کی کمزوری اور کثرت بول کے لئے مفید ہے۔
- خصوصی علامات میں پاؤں پر شدید بدبودار پسینہ، سر کو ٹھنڈی ہوا سے تکلیف اور لیٹنے سے آرام، چاند کے ابتدائی ایام میں تکلیف میں زیادتی ہوتی ہے۔

نوٹ: چھوٹی طاقت میں پیپ کا اخراج کرتی ہے اور زیادہ پوٹینسی میں زخم کو بھرتی ہے۔

- پوٹینسی۔ 3x-30-200-1000

☆ ☆ ☆

گائیڈ و نسخہ جات

بخار Fever

ایکونائٹ Aconite Nap:

- پہلے چوبیں گھنٹوں میں آئے بخار جس میں پیاس۔ بے چینی۔ سردی۔ چہرہ سرخ۔ چہرے پر ٹھنڈے پسینے۔ جسم میں سردی کی لہریں دوڑیں۔ اور گرمی وقفے وقفے سے لگے۔

آرسینکم البم Arsinic Album:

- سر درد۔ بے چینی مریض جگہ بدلتا رہتا ہے۔ سردی سے سکون ہو۔
- رات کے وقت تکلیف میں اضافہ۔ کمزوری۔ تیز بخار وقت مقررہ پے آئے۔
- پیاس جو کم نہ ہو۔

بیلا ڈونا Belladonna:

- تیز بخار۔ خون کی رگیں پھولی ہوئی۔ جلد سرخ و گرم۔ چہرہ تمتماتا ہوا۔ پیاس ختم۔ سر گرم جسم ٹھنڈا۔ سر کے علاوہ تمام جسم پر پسینہ۔ پیاس ختم

برائی اونیا Bryonia:

- حرکت سے تکلیف میں اضافہ۔ سردی لگے۔ پسلیوں میں درد۔ سر اٹھائے تو چکر آئیں۔ ہونٹ خشک۔ پیاس کی زیادتی۔ نبض تیز بھری ہوئی۔

اپی کاک Ipecac:

- متلی۔ قے۔ مریض چڑچڑا ہر کسی کو حقارت سے دیکھے۔ آنکھوں کے گرد نیلا گھیرا۔ پیاس نہ لگے۔ سردی کم وقت مگر گرمی زیادہ وقت لگے۔ کھانے سے بخار پھر ہو جائے۔

یوپیٹوریم Eupatorium Perf:

- ملیریا بخار کی دوا

- ہڈیوں میں شدید تکلیف دہ درد
- بازو اور ٹانگوں میں شدید درد صبح سات سے نو بجے کے درمیان بخار ہو اور سردی لگے۔ متلی ہو پھر صفرا کی قے آئے۔

بیپٹیشیا Beptasia:

- ٹائیفائیڈ بخار کی دوا، یہ دوا جسمانی قوتِ مدافعت کو تقویت دے کر ٹائیفائیڈ لانے والے جراثیم کو مارتی ہے۔
- ہلکا بخار سردی کے ساتھ جو ہر وقت رہے
- پخانہ۔ پسینہ۔ پیشاب سب بدبودار
- جسم ایسے جیسے ٹوٹ گیا ہو

فیرم فاس Ferum Phos:

- یہ دوا ہر قسم کے بخار میں معاون دوا ہے۔
- خون کی کمی۔ مریض کمزور۔
- گردن اکڑی ہوئی۔ جوڑوں میں درد۔
- ہر روز دوپہر کو سردی لگے۔
- ٹانسلز پھولے ہوئے۔ چہرہ سرخ تمتماتا ہوا اور چہرہ کا اعصابی درد۔ سر درد جو ٹھنڈک سے بہتر ہو۔

ٹائیفائیڈ بخار Typhoid Fever

بیپٹشیا Baptisia:

- بخار میں سردی
- نڈھال کر دینے والا بخار

بیلا ڈونا Belladonna:

- درد سوزش بخار
- سر گرم پاؤں ٹھنڈے

یوپیٹوریم پرف Eupatorium P:

- ہڈیوں اور گوشت میں درد۔ سردی لرزہ اور ملیریا جیسی حالت۔

- ہیلپنگ میڈیسن جو علامات کے مطابق دی جا سکتی ہیں۔

برائی اونیا Bryonia:

- حرکت میں تکلیف میں اضافہ
- سردی لگے پسلیوں میں درد
- سر اٹھائے تو چکر آئیں
- ہونٹ خشک پیاس کی زیادتی
- نبض تیز بھری ہوئی

جیلسیمیم Gelsemium:

- کمزوری۔ جسم۔ زبان۔ ہاتھ۔ ٹانگیں کانپیں۔
- بخار۔ سردی۔ کمر اور ریڑھ کی ہڈی میں زیادہ درد محسوس ہو
- سر کے پچھلے حصہ میں درد
- مریض چپ چاپ اکیلا رہتا ہے

آرنیکا Arnica:

- جسم درد جیسے کسی نے پیٹا ہو۔

آرسینک البم Arsenicum Album:

- بے چینی۔ پیاس کم۔ ابتدائی دوا۔

نوٹ: اوپر دی گئی ان سب میں علامات دیکھیں۔

- عموماً ان میں سے ہی ایک دو میڈیسن سلیکٹ ہو جاتی ہیں
- پرہیز۔ ٹائیفائیڈ بخار۔ چودہ دن روٹی چھوڑوا دیں۔ نرم غذا دلیہ۔ چائے رس۔ کھچڑی تڑکے والی۔ بریڈ۔ ساگودانے کی کھیر کھلائیں

گردن توڑ بخار Meningitis

- تعریف: دماغ اور حرام مغز کو جھلیوں نے کور کیا ہوتا ہے ان جھلیوں میں اگر انفیکشن ہو جائے تو یہ جھلیاں سوزش کا شکار ہو جاتی ہیں اور بخار ہو جاتا ہے جسے گردن توڑ بخار کہتے ہیں۔
- زیادہ تر یہ بخار موسم سرما اور بہار میں ہوتا ہے۔

- شروع میں سردی لگتی ہے اور بخار ہو جاتا ہے بخار 102 سے 105 تک تیز ہوتا ہے۔
مریض روشنی برداشت نہیں کرتا۔ شدید سر درد۔ الٹی۔ قے اور دل خراب۔
- گردن اکڑنے لگتی ہے۔
- ایک کے دو دو نظر آتے ہیں۔
- پیشاب رُک جاتا ہے۔
- جسم پر دانے نکل آتے ہیں۔
- زبان انتہائی خشک ہو جاتی ہے۔
- بچے شدید رونے لگتے ہیں۔
- آنکھوں کی پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔

علاج:

ایکونائٹ Aconite:
- گھبراہٹ۔ بے چینی۔ خوف۔ سردی۔

جیلسیمیم Gelsemium:
- بے چینی۔ ہجوم سے نفرت۔ جسم کمزور۔ کپکپی۔ مریض بولنا نہیں چاہتا۔

برائی اونیا Bryonia:
- حرکت سے تکلف۔ تیز بخار۔ پیاس زیادہ۔ ذائقہ کڑوا۔ دردیں۔ چبھن۔ قبض۔

ہائیوسامس Hyoscymus:
- مریض الٹ پلٹ باتیں کرے اپنے آپ کو ننگا کرے۔

سائکوٹا Sicuta Virosa:
- تیز بخار کی وجہ سے جھٹکے۔ بے ہوشی۔ جسم کمان کی طرح ہو۔

ہیلی بورس Helle Borus:
- بچہ کی ایک ٹانگ ایک ہاتھ خود بخود حرکت کرے۔

فیرم فاس Ferrum Phos:
- سوزش۔ بخار۔ ورم۔ بخار کے سٹارٹ میں جلدی جلدی دینے سے بخار کا زور ٹوٹ جاتا ہے اور یہ دوا سب میڈیسن کی ہیلپنگ دوا ہے۔

ایپس میلیفیکا Apis Melifica:
- جھلی میں سوزش اور پانی۔ جلدی امراض کے دبنے کی وجہ سے بخار ہوا ہو

ملیریا بخار Malaria Fever

- یہ مرض Falciparam Plasmodium نام کا ایک جراثیم ہوتا ہے جو انسانی جسم میں ایک مچھر کے کاٹنے سے داخل ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے ملیریا بخار ہو جاتا ہے۔

اہم علامات Main Symptoms:
- بخار سے پہلے سردی لگتی ہے۔
- تمام جسم میں دردیں ہوتی ہیں۔
- طبیعت میں سستی آجاتی ہے رنگت پیلی ہو جاتی ہے۔
- منہ کا ذائقہ کڑوا۔ متلی قے۔ پسینہ زیادہ آتا ہے اور بخار اتر جاتا ہے جیسے ہی پسینہ آنا ختم ہوتا ہے بخار پھر ہو جاتا ہے۔
- ملیریا کی وجہ سے خون کی کمی ہو جاتی ہے۔

یوپیٹوریم پرف Eupatorium Perf:
- جسم درد۔ ہڈیوں میں شدید درد۔ کمر درد۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔ منہ سے کڑوا پانی آتا ہے۔ پیاس زیادہ۔ متلی قے۔ سردی گردن سے شروع ہو کر سارے جسم میں پھیل جاتی ہے۔

چائنا China:
- ملیریا کی نئے اور پرانے کیسوں میں انتہائی مفید دوا ہے
- بخار۔ سردی لگنے سے پہلے کم پیاس سردی لگنے کے بعد پیاس زیادہ ہو جاتی ہے۔

چنی نم سلف Chininum Sulph:
- بخار۔ کمزوری۔ پیاس زیادہ پیاس کے ساتھ سردی زیادہ لگتی ہے۔ پسینہ آنے کے بعد

بھی پیاس زیادہ لگتی ہے۔ بخار کے دوران چھینکیں اور جمائیاں آتی ہیں

اپی کاک Ipecac:

بخار۔ متلی۔ قے۔ مریض چڑچڑا ہر کسی کو حقارت سے دیکھے۔ آنکھوں کے گرد نیلا گھیرا۔ پیاس نہ لگے۔ سردی کم وقت مگر گرمی زیادہ وقت لگے۔ کھانے سے بخار پھر ہو جائے۔

آرسینکم البم Arsinic Album:

بخار۔ شدید جلن۔ جلن کے باوجود گرم اشیاء سے سکون ملتا ہے۔ شدید کمزوری۔ تھوڑے پانی کی بار بار پیاس۔ بے چینی مریض جگہ بدلتا رہتا ہے۔ سردی سے سکون ہو۔ رات کے وقت تکلیف میں اضافہ۔

جیلسیمیم Gelsemium:

بخار۔ سردی۔ سردی کمر اور ریڑھ کی ہڈی میں زیادہ محسوس ہو۔ سر کے پچھلے حصہ میں درد۔ مریض چُپ چاپ اکیلا رہتا ہے۔

رسٹاکس Rhus Tox:

بخار۔ زبان پر سرخ نشان۔ سردی۔ سردی کندھوں اور رانوں کے درمیان سے شروع ہوتی ہے۔ بے چینی۔ حرکت سے آرام

سیڈرن Cedron:

تمام علامات گھڑی کے وقت مطابق ظاہر ہوں۔ ملیریا بخار۔ شدید اعصابی درد۔ سر درد۔ جسم بے حس۔ شام کو سردی لگے۔ پیشانی میں درد جو سارے سر میں پھیل جائے۔ آنکھیں سرخ۔

نمونیہ Pneumonia

پھیپھڑوں کی سوزش کو نمونیہ کہتے ہیں۔ ایک پھیپھڑے میں سوزش ہو تو سنگل نمونیہ دونوں پھیپھڑوں میں سوزش ہو تو ڈبل نمونیہ کہلاتا ہے۔

بچوں بڑوں میں عموماً ٹھنڈ۔ سردی لگنے کی وجہ سے نمونیہ ہو جاتا ہے۔ بخار۔ کھانسی۔

سانس میں دشواری اور پسلیوں میں درد۔

ایکونائٹ Aconitine:

تیز بخار۔ بے چینی۔ موت کا خوف۔ کھانسی۔ سانس کی دشواری۔ مریض ایک جگہ پر لیٹا رہتا ہے۔

بیلاڈونا Belladonna:

بخار تیز۔ سر گرم پیر ٹھنڈے۔ خشک کھانسی۔ کھانستے چہرہ سرخ۔

برائی اونیا Bryonia:

دائیں پھیپھڑے کا نمونیہ۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ۔ درد والی جگہ کے بل لیٹنے سے افاقہ۔ کھانسی کے ساتھ سینے میں چبھن۔ منہ خشک۔ پیاس زیادہ۔

انٹم ٹارٹ Antimonium Tart:

سینہ میں بلغم کا جماؤ۔ چھاتی میں گھڑ گھڑاہٹ کی آوازیں۔ بلغم آسانی سے باہر نہ نکلے کافی کھانسنے کے بعد بلغم نکلے۔

اپی کاک Ipecac:

یہ دوا بچوں کے نمونیہ میں زیادہ مفید ہے۔ سانس تیز مگر مشکل سے نکلے۔ چہرہ زرد۔ چھاتی سے آوازیں۔ قے کے ساتھ بلغم نکلے۔

فاسفورس Phosphorus:

پھیپھڑوں کی زیادہ سوزش۔ تیز بخار۔ کھانسی۔ خون و نمکین بلغم۔ ٹھنڈے پانی کی خواہش۔ بچوں کے نمونیہ میں برائی اونیا کے ساتھ بہت اچھا کام کرتی ہے۔

آرسینک البم Arsenicum Album:

بخار۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔ موت کا خوف۔ خشک کھانسی۔ یہ دوا قوت مدافعت کو بڑھا کر مرض کو کنٹرول کرتی ہے۔

☜ ہائیوسائمس Hyoscyamus:

☜ مسلسل خشک کھانسی جو لیٹنے سے زیادہ ہو۔ بیٹھنے اور آگے جھکنے پر افاقہ ہو۔

ڈائیریا Diarrhoea...... پیچش Dysentery

☜ پوڈوفائلیم Podophyllum:

☜ پانی کی طرح پتلا بدبودار پخانہ جو درد کے بغیر زیادہ مقدار میں خارج ہو۔

☜ کروٹن ٹیگ Croton Tig:

☜ ہر وقت پخانہ کی حاجت۔ آنتوں سے گڑگڑاہٹ کی آوازیں آئیں۔ پخانہ پانی کی طرح پتلا بہت زور سے خارج ہو۔

☜ چائنا آف China Off:

☜ پھل کھانے کی وجہ سے پیچش تھوڑی سی بھی غذا کھانے پر پیٹ میں وزن غیر ہضم شدہ پخانے۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔ پیٹ ہوا سے بھرا ہوا

☜ میگنیشیا کارب Magnesia Carb:

☜ پخانہ جھاگ جیسا۔ پخانہ سے پہلے شدید پیٹ درد ہو۔ بچوں کے سبز پخانے اور غیر ہضم شدہ دودھ کے بدبودار پخانے۔

☜ مرک کار Merc Corr:

☜ گرم پخانہ پخانہ سے پہلے اور بعد میں پیٹ درد قائم رہے۔ پخانہ کیلئے بہت زور لگانا پڑے۔ پخانہ میں خون اور چربی اور بلغمی جھلیوں کا اخراج ہو۔

☜ مرک سال Merc Sol:

☜ پخانہ درد کے ساتھ۔ چکنائی چربی نما زیادہ اور خون کی آمیزش کم ہو تو یہ دوا کارگر ہے۔

☜ ایلوز Aloes:

☜ ہوا۔ گیس خارج کرتے ہوئے اور پیشاب کرتے ہوئے پخانہ کا خارج ہو جانا۔

☜ کُرچی kurchi:

☜ جب سب میڈیسن ناکام ہو جائیں مریض پانی کی کمی سے موت کے منہ میں ہو تو یہ دوا کام آتی ہے۔

دانتوں کے مسائل Toothache

☜ دانتوں کا درد Toothache:

☜ دانتوں کا کیڑا لگنا Caries Dental

☜ دانتوں کا پھوڑا Abscess Tooth

☜ آج کل دانتوں کے مسائل عام ہیں

☜ جس کی سب سے بڑی وجہ دانتوں کا خیال نہ رکھنا ہے۔

☜ میٹھا کولڈ ڈرنکس آرٹیفیشل جوسز اور فاسٹ فوڈ کا زیادہ استعمال ہے

☜ اس کے علاوہ دانتوں کی صفائی کا خاص خیال نہ رکھنا ہے۔

☜ خوراک کے ذرات دانتوں کے خلا میں پھنس جانے سے کیمیکل تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں جس سے دانتوں کی باہر والی سطح Enamel کو نقصان پہنچتا ہے اور دانت گل سڑ جاتے ہیں۔

☜ اس طرح دانتوں کے سوراخوں میں جراثیم داخل ہو جاتے ہیں جس سے کھوڑیں۔ مسوڑوں کے مسائل۔ اور دانتوں کے نیچے پس بننا شروع ہو جاتی ہے۔

☜ اور دانتوں کی تکلیف کا آغاز ہو جاتا ہے۔

☜ دانتوں کیلئے کیلشیم کی ضرورت ہوتی ہے کیلشیم کی کمی بھی دانتوں کے مسائل کی بڑی وجہ ہے۔

علاج Treatment:

پلانٹیگو Plantago:

- دانت درد کی شافی دوا ہے روئی پر لگا کر دانت پہ رکھ دیں پانچ منٹ میں درد ختم۔

ایکونائٹ Aconite:

- بیرونی طور پر دانتوں پر لگانے سے درد ختم ہو جاتا ہے۔

اینٹی مونیم کروڈ Antimonium Crud:

- منہ سے بو آئے کھوڑ والے دانتوں کے درد کیلئے مفید ہے۔

سلیشیا Silica:

- دانتوں کے پھوڑے کیلئے پُر اثر دوا ہے۔

زنتھو کسائلیم Xanthoxylum:

- دس قطرے نیم گرم پانی میں ملا کر گھونٹ گھونٹ پلائیں دس منٹ میں درد ختم۔

کلکیریا فلور Calcarea Flour:

- دانتوں کی کھوڑ میں مجرب دوا ہے۔

سٹفی سائگیریا Staphysagria:

- ہر ماہ ایک خوراک دیں انشااللہ کھوڑیں بھر جائیں گی۔

کریوزوٹ Kreasote:

- دانتوں کے درد کی اعلیٰ دوا
- دانت کالے جیسے کوئلہ مسوڑے نرم خون نکلے بچوں کے دانت بہت تکلیف سے نکلیں اور تیزی سے گریں۔

گن پاوڈر Gun Powder:

- دانتوں کا پھوڑا اور دانت نکلوانے کے بعد کا درد۔

ہیکلا لاوا Hekla Lava:

- دانتوں کی پیپ میں اثر دار ہے۔

نوٹ: کیلن ڈولا۔

- ہومیو پیتھی میں سب سے بڑی اینٹی سپٹک دوا ہے دانتوں کی ہر تکلیف میں نیم گرم پانی میں ملا کر Mouth wash کے طور پر استعمال کرنے سے منہ اور دانتوں کے تمام جراثیم مر جاتے ہیں۔

آنکھوں کی بیماریاں

بیلا ڈونا Belladonna:

- آنکھیں سرخ۔ درد۔ سوزش روشنی برداشت نہ ہو۔

یوفریزیا Eupharasia:

- آنکھوں سے تیزابی پانی آنا جس کی وجہ سے گال چھل جائیں۔

فائیسوسٹگما Physostigma:

- کمزور نظر۔ پتلیاں سکڑی ہوئی آنکھوں کے پٹھوں میں جھٹکے۔ آنکھوں کے سامنے روشنی کی لپٹیں اور کیڑے مکوڑے نظر آئیں۔

کالی کارب Kali Carb:

- بھوؤں کے بال گرنا

ایلومینیا Alumia:

- پلکوں کے بال گرنا

ایپس میلیفیکا Apis Melifica:

- آنکھوں کی سوزش ڈنگ لگنے جیسا درد ہوتا ہے۔

سلفر Sulphur:

- آنکھوں اور پپوٹوں میں خارش اور جلن ہوتی ہے۔

کلکیر یا کارب Calcarea Carb:

- صبح جاگنے پر آنکھیں گید سے چپکی ہوں۔

روٹا Ruta:

- نزدیک کی نظر کمزور۔ باریک کام کرنے یا زیادہ پڑھنے کی وجہ سے آنکھوں سے پانی نکلے درد سرخ اور گرم ہو جائیں

کالچیکم Colchicum:

- پڑھنے کے بعد نظر مدہم دھندلا پن ہو جائے آنکھ کی پتلی سکڑ جائے۔

فاسفورس Phosphorus:

- آنکھوں کے سامنے کالے ستارے اُڑیں اور شدید جلن ہو

اگاریکس Agaricus:

- آنکھوں کے پپوٹے پھڑکیں۔

کروکس Crocus:

- آنکھیں جھپکتے رہے

سٹیفی سائگر یا Staphysagria:

- آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے بنے۔

کروٹیلس Crotalus:

- آنکھوں سے خون بہے

ریومیکس Rumex

- آنکھوں میں جلن ہو

بھینگا پن

بھینگا پن کی مفید دوائیں:

- جیلسیمیم۔ Gelsemium
- سائکلامن۔ Cyclamen
- کالی فاس۔ Kali Phos

آنکھوں کے پٹھوں کی کمزوری

میگنیشیا فاس Magnesia Phos:

- آئی بال کا متواتر حرکت کرتے رہنا۔

سفید موتیا

کلکیر یا فلور۔ Calcarea Flour:

- سفید موتیا کیلئے سب سے مفید دوا ہے۔

سینیر یا مارٹیما۔ Cineraria:

- سفید موتیا میں یہ دوا کھانے اور آنکھوں میں آئی ڈراپس ڈالنے سے سفید موتیا ختم ہو جاتا ہے۔

زنکم سلف Zincum Sulph:

- آنکھوں کے لینز کو صاف کر کے دھندلا پن ختم کرتی ہے۔

آنکھوں کا فالج

- رسٹاکس Rhustox
- کاسٹیکم Causticum
- جیلسیمیم Gelsemium
- کالی فاس Kali Phos
- آنکھوں کے چھپر کا فالج مریض آنکھیں کھول نہ سکے آنکھیں وزنی ہوں

گوہانجنیاں

ہیپر سلف ۔ SulphHeper:

- آنکھوں کی پلکوں میں نکلی گوہانجنی میں پیپ پڑ جائے۔

پلساٹیلا Pulsatilla:

- اوپر والی پلکوں میں گوہانجنی بننے کا رجحان

سٹفی سائگریا Staphysagria:

- دونوں پلکوں پر گوہانجنی شافی دوا۔

آرجینٹم نائٹ Argentum Nit:

- گوہانجنی میں ایک خوراک دیں اور رزلٹ دیکھیں۔

ویلڈنگ کرنے والوں کی آنکھوں کو تیز روشنی کی وجہ سے آنکھوں کی سوزش۔ سرخی رگڑ۔ جلن

- بیلا ڈونا Belladonna
- مرک سال Merc Sol
- سلیشیا Silicea

گوہانجنیاں Styes

- آنکھوں کے پپوٹوں کی بیماری

علاج Treatment:

سٹفی سائگریا Staphysagria

- یہ دوا اس مرض میں نمبر 1 مانی جاتی ہے۔ ہر قسم کی گوہانجیوں میں مفید ہے چاہے وہ اوپر والے پپوٹے میں یا نیچے والے پپوٹے پہ ہوں۔

پلساٹیلا Pulsatilla:

- اوپر والے پپوٹے پر بنی گوہانجیوں کی شافی اور خاص دوا ہے۔

ہیپر سلف Heper Sulph:

- بڑی گوہانجنی پیپ زیادہ اور گوہانجنیاں بار بار نکلیں جب باقی دوائیں ناکام ہو جائیں تو یہ دوا بیلا ڈونا کے ساتھ بہت کارگر دوا ہے۔

کان کا درد Earache

- کان کی بیماریاں۔ مکمل تفصیل

ایکونائٹ Aconite:

- ابتدائی کان درد کی موثر دوا

بیلا ڈونا Belladonna:

- کان کا درد۔ سرخی۔ ورم۔

کیمومیلا Chamomilla:

- کان کا شدید درد ضدی اور رونے والے بچے

میگنیشیا فاس Meg Phos:

- عصابی کان کا درد جس میں پیپ نہ ہو۔

پلساٹیلا Pulsatilla:

- کان کا درد جس کے ساتھ پیلے رنگ کا مواد نکلے۔

فیرم فاس Ferrum Phos:

- کان کا درد شروع ہوتے ہی مفید ہے

کالی سلف Kali Sulf:

- کان کا درد۔ ورم۔ سبز رنگ کی پیپ بہے

سلیشیا Silicea:

- کان کا بہنا بدبودار مواد کا اخراج

ہیپر سلف Hepar Sulf:

- کان کا درد۔ پھنسیاں اور کان کا بہنا

کالی بائی Kali Bi:

- کان کا بہنا چپکنے والا اخراج

آرم میٹ Aurum Met:

- کان کا پردہ پھٹ جائے۔ کان میں سرسراہٹ۔ مکھیوں کے بھنبھناہٹ کی آواز۔ انتہائی بدبودار مواد کا اخراج

نائٹرک ایسڈ Naitric Acid:

- کان کا درد۔ پیلا مواد اور آنکھوں سے آنسو

کلکیریا سلف Calcarea Sulph:

- کان درد۔ گاڑھی بدبودار خون ملی زرد پیپ

پلانٹیگو Plantago:

- درد کی صورت میں نیم گرم کر کے کان میں چار قطرے ڈالنے سے درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔
- بہرہ پن۔ اونچا سننا Deafness

کالی میور Kali Mur:

- بہرہ پن کی سب سے اوّل اور لاجواب دوا

ہیپر سلف Hepar Sulp:

- کان میں سوراخ۔ ورم پھنسیوں کی وجہ سے بہرہ پن۔

برائٹا کارب Baryta Carb:

- گلے کی خرابیوں کی وجہ سے کم سنائی دے چٹخنے کی آوازیں۔

کاسٹیکم Causticum:

- فالج کی وجہ سے بہرہ پن ہو جائے
- کانوں میں شور Noises

کالی میور Kali Mur:

- گاڑی چلنے اور پرندوں کی آوازیں۔

گریفائٹس Graphites:

- دھماکوں اور گولی چلنے کی آوازیں

ایلومینا Aluminna:

- کھانا چباتے وقت کان میں گڑگڑ کا شور

کالی آئیوڈ Kali Iod:

- جیسے چھت پر بارش برس رہی ہو
- گانے اور سوں سوں کی آوازیں

بالوں کا گرنا Hair Falling

نیٹرم میور Natrum Mur:

- سر کی خشکی اور عورتوں میں بچہ کی پیدائش کے بعد بال گرنا۔

سیپیا Sepia:

- دوران حمل بالوں کا گرنا

فاسفورس۔ کلکیریا فاس:

- سر کے بال گچھوں میں اتریں

وینکا مائنر Vinca Minor:

- سر کا ایکزیما و جلدی امراض کی وجہ سے بالوں کا اُتر جانا سر کی جلد ایسے ہو جائے جیسے گنجا

پن ہو گیا ہے۔

ویز بیڈن:

☜ کنگی کرتے بال گریں یہ دوا بالوں کی جڑیں مضبوط کر کے گہرے کرتی ہے

ایسڈ فاس Acid Phos:

☜ سر کے بال گریں اس کے علاوہ بھنوؤں اور پلکوں کے بالوں کا گرنا۔

ایلومینیا Alumina:

☜ کھوپڑی وجسم سے کافی مقدار میں بالوں کا گر جانا دوا ایلومینیا۔

میڈورنیم Medorrhinum:

☜ خارش وجلدی امراض کی وجہ سے سر کے بال گرنا۔

☜ *اس کے علاوہ*۔ایسڈ فلور۔نائٹرک ایسڈ۔تھوجا۔اُسٹیلیگو قابل ذکر دوائیں ہیں۔

قبل از وقت بالوں کا سفید ہو جانا

☜ وجوہات۔خوراک کی کمی۔دماغی کمزوری۔ٹینشن۔ڈپریشن۔نیند کی کمی۔جنسی غلط کاریاں۔

علاج Treatment:

☜ تھائروڈینیم۔Thyroidinum ☜ ایسڈ فاس۔Acid Phos

☜ لائیکوپوڈیم.Lycopodium ☜ ویسبڈن۔

☜ علامات کے مطابق میڈیسن سلیکٹ کریں

☜ اپنی نیند اور خوراک کو بہتر کریں

آدھے سر کا درد Migraine

علاج Treatment:

☜ انوسموڈیم۔Onosmodium

☜ آدھے سر کا درد۔بائیں کنپٹی میں شدید درد جو کان تک جائے۔پیشانی اور پشت میں درد۔سر بھاری۔چکر۔

سفلینیم Syphilinum:

☜ آدھے سر کا درد جو کنپٹی سے پار ہو جائے اور آنکھ کے پیچھے تک چلا جائے۔درد کی وجہ سے نیند نہ آئے اور مریض احمقوں کی طرح بکواس کرے۔

سپائیجیلیا Spigelia:

☜ پیشانی کے اُبھار سے کنپٹیوں کے نیچے تک درد جو آنکھوں تک پھیل جائے۔آنکھوں کی پُتلیاں پھیل جاتی ہیں جیسے آنکھیں بڑی ہو گئی ہیں آنکھوں سے پانی آتا ہے۔

نیٹرم میور Natrum Mur:

☜ ایسا شدید سر درد کہ نظر آنا کم ہو جائے۔جیسے سر پر ہتھوڑے مارے جا رہے ہیں۔محسوس ہو کہ سر بڑا ہو گیا ہے۔خوف۔غصہ۔افسردگی اور زیادہ نمک کھانے کے بد اثرات کی وجہ سے ہونے والا میگرین۔

جیلسیمیم Gelsemium:

☜ کنپٹی میں شدید درد جو کان تک جائے۔درد سے نظر آنا کم ہو جائے۔چکر آئیں بوجھل پن جیسے سر کے گرد پٹی بندھی ہے۔درد گدی سے شروع ہو کر آگے تک پھیل جائے۔

گلونائن Glonine:

☜ دھوپ برداشت نہ کرنے والے لوگ۔شدید سر درد جو چہرے کی طرف آئے۔دل کی دھڑکن کان میں سنائی دے۔چہرہ تمتماتا ہوا اور گرم نیلا۔سر بھاری جو تکیے پر نہ رکھ سکے۔

اگنیشیا Ignatia:

☜ صدمہ۔غم۔دکھ۔غصہ۔شدید سر درد جیسے کیل سر کے آر پار کھینچی جا رہی ہے۔جیسے سر کھوکھلا ہے سر آگے کی طرف جھکانے سے درد میں اضافہ۔

پکرک ایسڈ Picric Acid:

☜ شدید سر درد جو کس کر باندھنے سے کم ہو۔ سر کے پچھلے حصے کا درد۔ ذرا سی دماغی محنت اور پڑھنے سے سر درد شروع ہو جائے۔

انڈیم Indium:

☜ آدھے سر کا درد۔ سر درد جیسے سر پھٹ جائے گا۔ کنپٹیوں اور ماتھے میں درد۔ متلی۔ غنودگی۔ پخانہ کرتے شدید سر درد۔

نکسیر

آرنیکا Arnica:

☜ اگر نکسیر چوٹ لگنے کی وجہ سے آئے تو کارگر ہے۔

فیرم فاس Ferrum Phos:

☜ بچوں کی نکسیر خون کا رنگ سرخ چمکدار۔

ملی فولیم Millifolium:

☜ ہر طرح کے جسم سے آنے والے خون کو روکتی ہے۔ شافی علاج ہے۔

ہیما میلس Hamamelis:

☜ خون کا رنگ گہرہ سرخ ہوتا ہے۔

کلکیر یا فاس Calcarea Phos:

☜ تمام میڈیسن کی ہیلپنگ میڈیسن ہے اس سے خون کا جمنا نارمل ہو جاتا ہے۔

چائنا China:

☜ زیادہ نکسیر آنے سے جو کمزوری ہو جاتی اُس کیلئے بہترین ہے۔

ایچ پائیلوری H Pylori

☜ ایک بیکٹیریا

☜ یہ بیکٹیریا معدہ اور چھوٹی آنت میں موجود ہوتا ہے

☜ معدہ اور چھوٹی آنت کی دیواروں میں میں زخم بنا دیتا ہے

☜ جس کی وجہ سے معدہ میں موجود ***HCL* **KCL *NACL* ایسڈز یا گیسٹرک جوس اس کمزور دیوار میں زخم بنا کے السر (زخم) Ulcer بنا دیتا ہے

☜ جیسے UlcerPeptic بولتے ہیں

☜ جس کی وجہ کھانا کھانے کے بعد جلن اور معدہ میں درد شروع ہو جاتا ہے

☜ ایسڈیٹی تیزابیت ہو جاتی ہے۔

علاج Treatment:

ہائیڈراسٹس Hydrastis:

☜ معدہ کی سوزش و زخم۔ کھانا کھانے کے بعد درد۔ ہاضمہ کمزور۔ معدہ میں مسلسل درد جیسے معدہ میں کوئی نوکیلی چیز رکھی ہو۔ ذائقہ تلخ۔

آرجینٹم نائٹ Argentum Nit:

☜ مٹھائی کھانے کی خواہش۔ معدہ کے زخم۔ درد۔ جلن۔ اپھارہ۔ معدہ کے چاروں طرف درد پھیلے۔ اونچی آواز میں ڈکار آنا۔

کالی بائی Kali Bi:

☜ معدہ کی سوزش۔ زخم۔ درد۔ کھانے کے بعد معدہ میں بھاری پن۔ پانی پینے سے نفرت۔ گوشت ہضم نہ ہو۔ کھانا کھانے کے بعد معدہ کا درد کم اور پیٹ میں درد زیادہ ہو جاتا ہے۔

☜ چمکدار پیلے مادے کی قے آتی ہے۔

گیسٹرک السر Gastirc Ulcer:

- معدہ میں ہر وقت درد جو لگاتار ہوتا رہتا ہے کھانا کھانے یا نہ کھانے سے درد میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔
- متلی، قے ہوتی ہے۔ مریض کو بھوک بہت کم لگتی ہے۔ وزن کم ہو جاتا ہے۔

پیپٹک السر Peptic Ulcer

ایچ پائیلوری H Pylori

- یہ بیکٹیریا معدہ اور چھوٹی آنت میں موجود ہوتا ہے
- معدہ اور چھوٹی آنت کی دیواروں میں میں زخم بنا دیتا ہے
- جس کی وجہ سے معدہ میں موجود *NACL* KCL** *HCL*** ایسڈز یا گیسٹرک جوس اس کمزور دیوار میں زخم بنا کے السر (زخم) Ulcer بنا دیتا ہے۔

علاج:

ہائیڈراسٹس Hydrastis:

- معدہ کی سوزش و زخم۔ کھانا کھانے کے بعد درد۔ ہاضمہ کمزور۔ معدہ میں مسلسل درد جیسے معدہ میں کوئی نوکیلی چیز رکھی ہو۔ ذائقہ تلخ۔

آرجنٹم نائٹ Argentum Nit:

- مٹھائی کھانے کی خواہش۔ معدہ کے زخم۔ درد۔ جلن۔ اپھارہ۔ معدہ کے چاروں طرف درد پھیلے۔ اونچی آواز میں ڈکار آنا۔

کالی بائی Kali Bi:

- معدہ کی سوزش۔ زخم۔ درد۔ کھانے کے بعد معدہ میں بھاری پن۔ پانی پینے سے نفرت۔ گوشت ہضم نہ ہو۔ کھانا کھانے کے بعد معدہ کا درد کم اور پیٹ میں درد

زیادہ ہو جاتا ہے۔

- چمکدار پیلے مادے کی قے آتی ہے۔

نکس وامیکا Nux Vomica:

- عیاش اور مرغن غذا کھانے والے لوگ
- کھانا کھانے کے دو گھنٹہ بعد طبیعت خراب۔ چڑچڑا پن۔ پاخانہ غیر تسلی بخش۔ جلن۔ کھائی ہوئی خوراک کے ذرات حلق تک آ جائیں۔

نائٹرک ایسڈ Nitric Acid:

- بھوک زیادہ۔ ہاضمہ کمزور۔ نمکین اور مرغن اشیا کھانے کی خواہش۔ منہ کا ذائقہ میٹھا۔ قبض۔ مقعد میں چیر۔

فاسفورس Phosphorus:

- کھانا، پانی جیسے ہی معدہ میں پہنچے قے ہو جاتی ہے۔ قے کے اندر بلغم صفرا یا خون آتا ہے۔

لائیکوپوڈیم Lycopodium:

- بھوک لگے مگر صرف چند نوالے کھائے جائیں۔ پیٹ بھرا ہوا۔ کھٹے ڈکار۔ سینے میں جلن۔ ناف کے نیچے گیس۔ کھانے کے فوراً بعد طبیعت بوجھل۔

کلکیریا کارب Calcarea Carb:

- سینے میں جلن۔ کھٹے ڈکار۔ سانس کا پھول جانا۔ متلی۔ ہاضمہ سست۔ سینے کی جلن گلے تک پہنچ جاتی ہے۔

پلساٹیلا Pulsatilla:

- چکنائی زیاد کھانے کی وجہ سے السر۔ معدہ میں جلن۔ زبان سفید۔ بھوک کی کمی۔ کھایا ہوا کھانا معدہ میں پڑا ہوا محسوس ہو۔

کاربوویج Carboveg:

- معدہ میں بھاری پن جیسے ہوا بھری ہو۔ کھانا کھانے کے بعد ڈکار۔ متلی معدہ میں جلن۔

کھانا کھانے کے بعد درد۔ مریض گوشت اور مرغن غذا نہ کھا سکے۔

چائنا China:

- ہاضمہ کمزور۔ غیر ہضم شدہ غذا کی قے۔ کڑوے کھٹے ڈکار۔ غذا منہ میں واپس آ جاتی ہے۔ دودھ ہضم نہیں ہوتا۔ پیٹ میں شدید درد۔

انا کارڈیم Anacardium:

- خالی معدہ تکلیف۔ بدہضمی۔ کھانے کھانے کے بعد درد کم۔ ہاضمہ کمزور۔ اپھارہ۔ ڈکاریں۔ متلی۔ قے۔

سر درد Headache

- ایک علامت ایک دوا

بیلا ڈونا Belladonna:

- ہر طرح کے سر درد کا علاج

کالوسینتھس Colosynth:

- دبانے سے آرام ہو۔

میگھ فاس Magnesia Phos:

- تھکن اور اعصابی کمزوری سے سر درد۔

برائی اونیا Bryonia:

- بخار قبض کی وجہ سے دردسر

جیلسیمیم Gelsemium:

- کمزوری اور پٹھوں کی کمزوری سے دردسر

گلونائن Glonine:

- دھوپ کی شدد سے سر درد

اگنیشیا Ignatia:

- غم۔ دکھ۔ ذہنی پریشانی سے دردسر

نیٹرم میور Natrum Mur:

- لو بلڈ پریشر سے سر درد

نکس وامیکا Nux Vomica:

- قبض کی وجہ سے سر درد۔

لیکسس Lachesis:

- خون کے گاڑھے ہونے کی وجہ سے سر درد۔

سٹفی سائگریا Staphysagria:

آرم میٹیلیکم Arum Met:

- غصہ دب جانے سے سر درد۔

کالی بائی Kali Bi:

- ایک انگلی کے پورے جتنی جگہ پر سر درد جیسے کوئی سوراخ کر رہا ہے۔

کونیم Conium:

- چکر کے ساتھ سر درد

منسز کا تکلیف سے آنا Dysmenorrhea

میگھ فاس۔ Mag Phos 3X:

- اوّل درجے کی پین کلر دوا ہے نیم گرم پانی کے ساتھ دینے سے ہر قسم کا درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

زنتھا کسائلیم Xanthoxylum-3x-Q:

- منسز کا درد سے آنا اور وقت سے پہلے ہونا۔ سیاہ خون۔ اس دوا سے بہترین رزلٹ ملتے ہیں۔ کمر درد جو ٹانگوں تک جائے

پلساٹیلا Pulsatilla 2x-30:

- منسز درد کے ساتھ۔ مقدار میں کم۔ بوجھ اور تشنجی دردیں۔

سمی سی فیوگا Cimicifuga3x:

- قلت حیض۔ منسز کا درد جو کمر سے رانوں اور کولہوں تک جائے۔ جمے ہوئے لوتھڑے خارج ہوں۔

اشوکا Ashoka:

- یوٹرس کے جملہ امراض میں بے مثال دوا۔ منسز مقدار میں کم درد کے ساتھ۔ بے قاعدہ۔ پیٹ کے نچلے حصہ میں درد جو سارے پیٹ میں پھیل جاتا ہے۔

وائی برنم Viburnum:

- منسز کا درد۔ منسز کے بہاؤ کو ٹھیک کرتی ہے۔ یوٹرس کے مسائل کی مفید ترین دوا ہے۔

کثرت حیض Menorrhagia

ایپی کاک Ipecac:

- زیادہ مقدار میں چمکدار سرخ خون آنا ساتھ متلی دل خراب اور قے کا آنا۔

ہیما میلس Hamamelis:

- حیض زیادہ مقدار میں سیاہی مائل خون کا آنا

اشوکا Ashoka:

- یوٹرس کے مختلف امراض کی وجہ سے منسز کا زیادہ آنا اور دیر تک رہنا
- پیٹ کے نچلے حصہ میں درد جو سارے پیٹ میں پھیل جائے

ہیلونیاس Helonias:

- یوٹرس کی کمزوری اور اپنی جگہ سے ٹل جانا۔ منسز جلدی جلدی ہوں۔ یوٹرس میں بوجھ کا احساس۔ بریسٹ میں درد

پلساٹیلا Pulsatilla:

- بکثرت حیض میں اس دوا کی ہائی پوٹینسی دینے سے حیض نارمل ہو جاتا ہے۔

سکیل کار Secale Cor:

- دبلی پتلی عورتیں۔ مسلسل پانی جیسا سیاہ بدبودار بکثرت اخراج خون درد کے ساتھ۔ سارے جسم میں گرمی کا زیادہ احساس۔ کمزوری۔ چہرہ زرد۔ یوٹرس میں جلن اور لیکوریا

سبائنا Sabina:

- منسز بکثرت۔ چمکدار خون۔ یوٹرس میں درد جو رانوں تک جائے۔ منسز کے بعد لیکوریا شروع ہو جائے۔

تھلاسپی برسا Thlaspi B.P:

- یوٹرس کی کمزوری اور یوٹرس کی رسولی کی وجہ سے منسز بکثرت اور شدید درد کے ساتھ آنا۔ لیکوریا کے ساتھ خون ملا بدبودار اخراج۔

امبرا گریشیا Ambra Grisea:

- منسز وقت سے پہلے اور زیادہ آئیں۔ مہواری کے پندرہ دن بعد ذرا سے حادثہ یا بری خبر سننے کی وجہ سے پھر خون جاری ہو جائے۔ لیکوریا زیادہ اور نیلا ہٹ رنگ کا

ٹریلیم پینڈولم Trillium Pend:

- زیادہ مقدار میں اخراج چمکدار خون۔
- ذرا سی حرکت سے خون زیادہ بہے
- کمر اور کولہوں میں شدید درد کے یہ ٹکڑے ہو جائیں گے۔

گلیسرینیم Glycerinum:

- یوٹرس میں بھاری پن۔ منسز آنے سے دو دن پہلے شدید درد شروع ہوتا ہے۔ پھر بہت زیادہ بلیڈنگ ہوتی ہے جو کافی دن تک جاری رہتی ہے۔

سیپیا Sepia:

- منسز بکثرت۔ وقت سے پہلے درد کے ساتھ۔ ویجائنہ میں درد۔ زرد رنگ کا لیکوریا زیادہ مریض ٹانگ پر ٹانگ رکھ کے بیٹھے۔

چائنا China-3x:

- منسز بکثرت۔ بلیڈنگ سیاہی مائل۔ زیادہ اخراج کی وجہ سے شدید کمزوری۔ غشی آنے لگے۔ کانوں میں شائیں شائیں کی آوازیں۔

آرنیکا Arnica:

- چوٹ۔ گرنا۔ یا کسی حادثہ کی وجہ سے خون کا اخراج زیادہ ہوتو یہ دوا کام آتی ہے۔

حیض کا نہ آنا Amenorrhoea

- اے منوریا Amenorrhoea اس سے مراد قدرتی یا غیر قدرتی طور پر حیض کا نہ آنا یا بند ہو جانا ہے۔
- مثال کے طور پر قدرتی وجوہات
  - دودھ پلانے کے دور میں
- عمر کے مطابق
  - ایج فیکٹر Age Menopausal
- بیماری کی وجہ سے منسز کا نہ آنا۔
- یوٹرس کی رسولی۔ اووری سسٹ کی وجہ سے۔
- خون کی کمی یا لمبی بیماری کی وجہ سے۔
- ایلوپیتھی میڈیسن کے استعمال کی وجہ سے۔

علاج Treatment:

ایکونائٹ Aconite:

- اچانک سردی لگنے کی وجہ سے حیض بند ہو جائیں۔ بے چینی۔ بخار۔ خوف

ڈلکامارا Dulcamara:

- منسز کے دوران یا پہلے پاؤں کو دھونے یا سردی لگنے کی وجہ سے منسز نہ آنا

سینی شیو Senecio:

- بلوغت کے وقت پہلی مہواری نہ آئے یا پہلی مہواری کے بعد پھر بند ہو جائے۔ یہ دوا حیض کو باقاعدہ بناتی ہے۔

سبائنا Sabina:

- جوان لڑکیوں کا منسز نہ آنا۔ ایک بریسٹ کا سائز چھوٹا دوسرے کا بڑا ہوتا ہے۔

آرجنٹم نائٹ Argentines Nit:

- منسز کی بجائے صرف داغ لگے چند قطروں کے بعد منسز رک جائیں تو یہ دوا بہت مفید ہے۔

لائیکو پوڈیم Lycopodium:

- حیض کی بندش کے ساتھ بریسٹ کا سائز انتہائی چھوٹا۔ یہ دوا دونوں مسائل کو حل کرتی ہے۔

کونیم Conium:

- منسز کی بندش۔ اووریز کی سوزش۔ لیکوریا۔ چکر

برائی اونیا Bryonia:

- منسز کی بجائے نکسیر چلنا شروع ہو جائے۔

ڈینگی بخار Dengue Fever

- اس بخار کا دوسرا نام ہڈی توڑ بخار ہے ایک خاص قسم کے مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے!

علامات:

- یہ بخار اچانک ہوتا ہے
- بخار 102 سے 105F تک رہتا ہے
- جسم اور ہڈیوں میں ناقابل برداشت درد
- کولہوں کے اوپر اور کمر کے نیچے یعنی Loins میں شدید درد ہوتا ہے
- پلیٹلیٹس Platelets کی کمی ہو جاتی ہے اس کے علاوہ سفید سیلز WBC کی تعداد میں

بھی کمی آجاتی ہے۔ایک سٹیج پر RBC میں بھی کمی ہوجاتی ہے۔

- خسرہ کی طرح جسم پر دانے
- آنکھوں کے ڈھیلے ballEye میں شدید درد
- زبان خشک سفید طے جم جاتی ہے۔بھوک ختم اور قبض ہو جاتی ہے!

علاج Treatment:

برائی اونیا Bryonia:

- پیاس زیادہ جسم درد دکھن حرکت سے تکلیف

یوپیٹوریم پرف Eupatorium Perf:

- اس بخار کی سب سے اعلی دوا ہے
- ہڈیوں میں درد اور قے ہوتی ہے یہ رہنما علامتیں ہیں

ایکونائٹ Aconite:

- بخار کے ابتدا میں استعمال ہوتی ہے موت کا خوف بےچینی گھبراہٹ سردی لگتی ہے مریض کانپتا ہے

جلسیمیم Gelsemium:

- کمزوری بے حد ڈپریشن نقاہت مریض اکیلا رہنا چاہتا ہے سر درد ہوتا ہے

فیرم فاس Ferrum Phos:

- بے قراری نبض سست خون کی کمی رنگ پیلا

نوٹ: میرے اپنے مشاہدے کے مطابق ایکینیشیا خون کو صاف کرنے کی بہترین دوا ہے باقی میڈیسن کے ساتھ دینے سے خون کے فاسد مادے صاف ہوجاتے ہیں۔اس کے علاوہ

- آرسینک۔اپی کاک۔چائنا بھی علامات کے مطابق استعمال ہوسکتی ہیں۔

ہائی بلڈ پریشر Hypertension

- خون کا خون کی نالیوں کی دیواروں پر جو قدرتی پریشر ہوتا ہے وہ بلڈ پریشر کہلاتا ہے

ہائی بلڈ پریشر بہت عام مگر خطرناک ترین بیماری ہے

- 120/80 عام طور پر تیس سال تک کے لوگوں کا نارمل بلڈ پریشر ہوتا ہے
- مگر اس سے زیادہ ہونے پر تکلیف ہو جاتی ہے
- ہائی بلڈ پریشر سے ہونے والی متوقع تکالیف
- سر درد
- فالج
- دل کے امراض
- شریانوں کا تنگ ہونا
- نظر کی کمزوری
- پٹھوں کا کمزور ہونا

اہم علامات Main Symptoms:

- دل کی دھڑکن تیز۔
- ہاتھ کانپنے لگتے ہیں۔گھبراہٹ۔
- بے چینی۔سر درد۔غصہ۔چڑچڑاپن۔نیند کا کم آنا۔متلی۔پیشاب کا زیادہ آنا۔

خون کے ٹیسٹ:

BUN بلڈ یوریا۔کریٹینین:

- سوڈیم۔پوٹاشیم۔گلوکوز۔یورک ایسڈ۔کیلشیئم۔کولسٹرول۔احتیاطاً ECG بھی کروائیں
- عموماً اس تکلیف میں یہ ٹیسٹس ابنارمل آتے ھیں

علاج Treatment:

راؤولفیا Rauwolfia:

- اس مرض کی بڑی دوا ہے

گلونائن Glonoine:

- گرمی کے موسم میں اگر یہ بیماری آئے

بیلاڈونا Belladonna:

- چہرہ سرخ۔ چکر۔ سردرد۔ دھڑکن تیز۔ آنکھیں سرخ

جیلسیمیم Gelsemium:

- زبان اور جسم کانپے۔ دو دو نظر آئیں

نیٹرم میور Natrum Mur:

- زیادہ نمک کھانے والے لوگ
- میرے اپنے تجربے کے مطابق دو دوائیں ہر میڈیسن کے ساتھ بہت اچھا کام کرتی ہیں

کریٹیگس Q+ پیسی فلورا Q CratagusQ + PassifloraQ:

- دس دس قطرے دن میں تین بار دینے سے یہ مرض کنٹرول رہتا ہے
- پرہیز۔ نمک۔ تلی اشیاء مرغن غذا۔ گوشت۔ فاسٹ فوڈ۔ چکنائی۔

لنگڑی کا درد Sciatica

مکمل علاج۔ علامات۔ وجوہات:

- لنگڑی کا درد ہپ جوائنٹ سے لیکر ٹانگ سے ہوتا ہوا پاؤں تک جاتا ہے۔
- انتہائی شدید درد ہوتا ہے اور ٹانگ پر جسم کا وزن نہیں ڈالا جا سکتا جس کی وجہ سے مریض لنگڑا کر چلتا یا ایڑھی زمین سے اُٹھا کر چلتا ہے اسی لئے اس کو لنگڑی کا درد بولتے ہیں۔
- اکثر دیہاتی علاقوں میں ریح کا درد بھی بولا جاتا ہے۔
- وجوہات۔ ریڑھ کی مختلف وجوہات کی وجہ سے۔
- حرام مغز کی خرابی اور اعصابی سوزش کے باعث۔
- چوٹ جو کسی حادثہ یا گرنے کی وجہ سے ہو۔

- جوتوں کی وجہ سے جو بہت کستے ہوئے اور جن کا لیول ٹھیک نہ ہو۔
- جن لوگوں کے پاؤں نیچے سے بالکل سیدھے ہوں قدرتی خم نہ ہو۔
- یہ تکلیف عموماً اوپر دیئے گئے مسائل کی وجہ سے ہوسکتی ہے۔

علاج Treatment:

نیفالیم Gnaphalium:

- شدید درد سے ٹانگ کا سُن ہو جانا۔ اس دوا کی اہم علامت مریض کو چلنے اور لیٹنے سے تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔ مگر بیٹھنے سے تکلیف میں کمی ہوتی ہے۔

رسٹاکس Rhustox:

- دائیں طرف کا شیائیکا۔ ٹھنڈ میں بارش سے بھیگ جانا۔ اہم علامت۔ آرام کرنے سے تکلیف میں اضافہ اور چلنے پھرنے سے کمی ہوتی ہے۔

کاسٹی کم Custicum:

- اہم علامت ٹانگ سُن۔ جسم سرد ہونے سے تکلیف بڑھتی ہے مریض لگاتار اپنے آپ کو گرم رکھنے کیلئے گھومتا پھرتا اور چلتا ہے اس سے درد میں افاقہ ہوتا ہے۔

میگنیشیا فاس Magnesia Phos:

- اہم علامت۔ مریض درد سے دوہرا ہو جاتا ہے شدید درد مریض بولتا کہ میری ٹانگ کے اوپر بیٹھ جاؤ زیادہ دباؤ دیئے۔ گرم ریت۔ نمک کا سینک دینے یا زور سے ملنے سے آرام آتا ہے۔

کالوسینتھ Colocynth:

- بائیں طرف کا شیائیکا۔ اہم علامت۔ دبانے اور گرمی دینے سے درد میں کمی۔ حرکت کرنے چلنے سے درد میں اضافہ ہوتا ہے۔

نوٹ: رنن کیولس بلب Ranunculus Bulb Q

- ہر طرح کے لنگڑی کے درد میں ایک چھٹانک زیتون کے آئل میں 10ml ملا کر مالش

کرنے سے بہت افاقہ ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ

کاربونیم سلف Carboneum Sulph

- پرانے شیاٹیکا کیلئے۔

آرسینک البم Arsenic:

- سردی۔ بے چینی۔ بخار۔ گرمی سے آرام۔

کیمومیلا Chamomilla:

- چڑچڑے۔ حرکت کرنے اور رات کو تکلیف میں اضافہ۔

گوائیکم Gauicum:

- ٹانگ میں کھچاؤ۔ سکڑاؤ۔ جوڑوں میں درد۔

کولیسٹرول Cholesterol

تعریف:

- خون کا گاڑھاپن
- اگر خون میں کولسٹرول زیادہ ہو جائے تو خون گاڑھا ہو جاتا ہے اور اس میں خون کے لتھڑے (کلاٹ) بننے شروع ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے خون کی نالیاں۔ شریانیں اور دل کے والوز تنگ اور بند ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔
- وجوہات۔ شہانہ زندگی۔
- آرام دہ زندگی۔
- فاسٹ فوڈز کا زیادہ استعمال۔
- کھانے کے بعد آرام کرنا۔
- مرغن غذائیں۔
- بیکری کی اشیا۔
- کھانے میں چکنائی اور مصالہ دار غذائیں۔
- کولڈ ڈرنکس اور مصنوعی جوس کا بے دریغ استعمال۔

- ورزش اور جسمانی محنت والے کاموں سے کنارا کشی۔
- گرمی سے پسینہ نہ لینا اے سی وغیرہ کے سامنے رہنا۔
- غرض یہ کہ آرام دہ زندگی اور چکنائی کھانے سے یہ مرض زیادہ ہوا ہے

علاج Treatment:

سیانوتھیس Ceanothus Amer:

- یہ دوا کلاٹس کو تحلیل کرتی ہے اور خون کو گاڑھا نہیں ہونے دیتی۔

کریٹیگس Crataegus:

- خون کی نالیوں کو کولسٹرول سے صاف کرنے کے لئے اس دوا کا کوئی ثانی نہیں ہے۔

ایسپیڈوسپرما Aspidosperma:

- اگر پھیپھڑوں کو خون سپلائی کرنے والی شریان میں کلاٹ پھنس گیا ہو تو یہ دوا انتہائی کارگر ہے۔

مرک سال Merc Sol:

- کولسٹرول کی زیادتی کی وجہ سے دل کا درد اور دھڑکن زیادہ ہو جائے تو یہ دوا بہت اچھا کام کرتی ہے۔

لائیکوپوڈیم Lycopodium:

- خون گاڑھا ہر وقت دل کی دھڑکن کا تیز ہونا۔ سوتے میں بھی دھڑکن کا تیز ہونا۔ ذرا سا شور اونچی آواز اور پریشانی سے دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔

سکیل کار Secale Cor:

- خون کے گاڑھا ہونے کے ساتھ اگر ہائی بلڈ پریشر بھی ہے تو یہ دوا موثر ثابت ہوتی ہے۔

لیکسس Lachesis:

- جسم پر نیلے نشان یہ زہر گاڑے خون کو پتلا کرتا ہے اور کلاٹ نہیں بننے دیتا

نوٹ: اپنے خون کے ٹیسٹ

- ProfileLipid کرواتے رہیں تاکہ بروقت کولیسٹرول کا پتا چل جائے۔
- شوگر والے مریض اپنی شوگر کنٹرول رکھیں۔ کیونکہ شوگر کی زیادتی بھی شریانوں کو تنگ کرتی ہے۔
- محنت والے کام شوق سے کریں متوازن غذا کھائیں۔
- ورزش اور صبح کی سیر لازمی کریں!!!

جوڑوں کا درد Rheumatism

- گینٹھیا
- یورک ایسڈ

مکمل علاج:

آرٹیکا یورینس Urtica Urens:

- یورک ایسڈ۔ گینٹھیا کی لاجواب دوا
- یہ دوا بڑھے ہوئے یورک ایسڈ اور گینٹھیا کو بہتر کرتی ہے۔

ابراٹینم Abrotanum:

- درد ایک عضاء سے دوسرے عضاء میں منتقل ہو۔ بڑے جوڑوں میں درد یورک ایسڈ اور گینٹھیا کی درد کی لازم دوا۔

بیر بیریس ولگارس Berberis Vulg:

- کندھے۔ بازو۔ ہاتھ۔ ٹانگوں کے جوڑوں میں شدید درد۔ کھڑے ہونے پر ایڑیوں میں درد۔ انگلیوں کے ناخنوں کے نیچے درد۔

برائی اونیا Bryonia Alb:

- جوڑوں کا درد۔ حرکت سے تکلف زیادہ گرمی اور دباو سے تکلیف میں کمی

کالوسنتھ Colocynthis:

- کولہے کا درد جو گھٹنوں تک آجائے۔
- درد والی جگہ کو دبانے اور گرم رکھنے سے سکون ہوتا ہے۔

لیڈم پال Ledum Pal:

- جوڑوں کا درد جو نیچے سے اوپر کی طرف جائے۔ یہ علامت اہم ترین علامت ہے۔ اس دوا کو بڑی طاقت میں استعمال کریں۔

کالمیا Kalmia:

- اس دوا کی رہنما علامت ہے درد اوپر سے نیچے کی طرف آتے ہیں۔ عموماً اس دوا کے مریض جوڑوں کے درد کے ساتھ دل کی تکلیف میں مبتلا ہوتے ہیں۔

روٹا Ruta:

- کلائی کے جوڑ میں درد اور جوڑوں کے پٹھوں اور جوڑوں میں درد کا ہونا۔

رینن کیولس بلب Ranunculus:

- کندھوں کے جوڑوں اور پسلیوں کی ہڈیوں میں درد ہونا۔

ہائی پیریکم Hypericum:

- کولہے کے جوڑ کا شدید اعصابی درد

آرنیکا Arnica:

- چوٹ کی وجہ سے جوڑوں اور پٹھوں میں درد۔ جوڑوں اور ہڈیوں کی اعلیٰ دوا

امونیم فاس Ammonium Phos:

- یورک ایسڈ۔ ہاتھوں انگلیوں کے جوڑوں اور ہاتھ کی پشت کی ہڈیوں کا درد۔ جوڑوں کی خرابی کو بہتر کرتی ہے۔ چہرے کا لقوا

رسٹاکس Rhustox:

- حرکت کرنے سے درد میں کمی۔ پسینہ دب جانے سے جوڑوں کی تکلیف۔

گوائیکم Guaiacum:

- ہاتھوں۔ بازو۔ کندھوں میں درد
- جوڑوں کی درد کی وجہ سے پٹھوں کا سکڑ جانا۔ کمر درد۔ اس دوا کی دردیں حرکت۔ گرمی اور چھونے سے بڑھ جاتی ہیں۔

نیفالیم Gnaphalium:

- جوڑوں میں کبھی درد اور کبھی سُن ہونے کا احساس۔ جوڑوں کا پرانا درد۔ کمر درد۔ لنگڑی کا درد۔

کاسٹیکم Casticum:

- خشک ٹھنڈی ہوا سے تکلیف میں اضافہ
- گرمی سے سکون۔ جوڑوں کا پرانا درد۔ جوڑ کافی حد تک خراب ہو چکے ہوں۔

ڈروسیرا Drosera:

- ٹخنوں اور پیروں کے جوڑوں کا درد جس کے ساتھ پٹھوں میں سختی آ جائے۔

میگھنیشیا فاس Mag Phos:

- جوڑوں کی درد۔ پٹھوں کا درد اور کھچاؤ
- درد اپنے مرکز سے چاروں طرف پھیلتا ہے۔ حرارت سے کمی ہوتی ہے۔

کیلشیم فاس Calcium Phos:

- کمزور ہڈیوں کو مضبوط بناتی ہے جسم میں کیلشیم کی کمی کو پورا کرتی ہے یہ دوا بطور ہیلپنگ میڈیسن دوران علاج جاری رکھیں۔

جن سنگ Ginseng Q:

- بزرگوں کے جوڑوں کے پٹھوں کو لچکدار بناتی ہے۔
- جوڑوں اور کمر کا درد

شوگر Diabetes

علاج Treatment:

سائیزیجیم Syzygium Jambo:

- یہ دوا شوگر کیلئے اوّل درجہ کی دوا ہے۔ یہ خون میں شکر کی مقدار کو فوراً بڑھا دیتی ہے اس طرح شکر پیشاب کے ذریعے خارج ہو جاتی ہے۔ پیاس زیادہ۔ کمزوری۔

ایسڈ فاس Acid Phos:

- رات کو بار بار دودھیا رنگ کا پیشاب آتا ہے۔ پیشاب میں البومن۔ پروٹین آنے کی وجہ سے انتہائی کمزوری ہو جاتی ہے۔
- اس دوا کو کھانے کے درمیان لینا چاہیے۔

یورینیم نائٹ Uranium Nit:

- یہ دوا پیشاب اور پیشاب میں شکر کی مقدار کو بڑھاتی ہے اور پیشاب کے ذریعے خارج کرتی ہے۔
- پیشاب بار بار زیادہ۔ بلا ارادہ نکل جاتا ہے۔

انسولین Insulin:

- یہ دوا جسم میں انسولین کی مقدار کو پورا کر کے شوگر لیول بہتر بناتی ہے۔

ایسٹک ایسڈ Acetic Acid:

- پیاس بہت زیادہ۔ پیلے رنگ کا پیشاب بکثرت آئے۔ مریض کو پسینہ زیادہ آئے۔ ہاتھ پاؤں سوکھ جائیں۔ پاؤں اور ٹانگوں پر سوجن آ جائے۔

الفلفا Alfalfa:

- شوگر۔ پیشاب کی زیادتی کی وجہ سے مریض کمزور ہونے لگے یہ دوا کمزوری اور وزن کو بہتر کرتی ہے۔

ماسکس Moschus:

- پیشاب زیادہ۔ وقت سے پہلے بڑھاپا۔ شوگر کی وجہ سے اگر نامردی کا عارضہ ہو جائے تو یہ دوا مفید ترین ہے۔

دمہ Asthma

علاج Treatment:

بلاٹا اورینٹل Blata Orient:

- دمہ میں اوّل نمبر پر مفید ترین دوا۔ پھیپھڑوں کی ٹی بی کے ساتھ کھانسی۔ سانس خراب۔ کھانسی میں پیپ جیسی بلغم آئے۔

اسپیڈو اسپرما Aspidosperma:

- کارڈیک ایستھما۔ سانس کی تنگی
- پھیپھڑوں اور خون میں آکسیجن کی مقدار کو بڑھاتی ہے۔
- پھیپھڑوں کی نالیوں کو طاقت پہنچاتی ہے۔
- پھیپھڑوں کی اس رکاوٹ کو دور کرتی ہے جس کی وجہ سے خون میں آکسیجن شامل ہونا بند ہو جاتی ہے۔

اپیکاک Ipecac:

- چھاتی بلغم سے بھری ہوئی۔ سانس میں دشواری۔ کھانستے ہوئے قے آجائے

یوکلپٹس Eucalypts:

- بلغمی کرانک دمہ۔ سفید گاڑھا بدبودار بلغم نکلے۔ سانس کی نالیاں پھیل گئی ہوں دمہ کے دورہ میں دس قطرے چینی یا گلوبیول پر ڈال کر دینے سے سانس ٹھیک ہو جاتا ہے۔

آرسینک البم Arsinc Album:

- رات کے وقت سانس کی دشواری۔ دم گھٹے۔ شدید بے چینی۔ گھبراہٹ۔ موت کا

خوف۔ پیاس۔ مریض لیٹ نہ سکے۔

ونا ڈیم Vanadium:

- یہ دوا پھیپھڑوں اور جسم میں آکسیجن کی کمی کو بڑھا کر پورا کرتی ہے۔ جھٹکوں والی کھانسی جو دورے کی شکل میں آئے۔ ٹی بی کے پہلے درجہ کی دوا۔

نیٹرم سلف Natrum Sulp:

- بلغمی دمہ۔ بچوں کا دمہ۔ سینہ میں گڑگڑاہٹ۔ گاڑھا سبزی مائل بلغم۔ مریض کھانستے وقت اپنی چھاتی پکڑ لیتا ہے۔

کالی بائی Kali Bi:

- تکلیف دہ کھانسی سینہ درد کرے۔ شام کے وقت کھانسی زیادہ آئے۔ لیس دار چپکنے والا زرد بلغم مقدار میں زیادہ۔ آواز بگڑی ہوئی۔

بیسی لینم Bacillinum:

- پھیپھڑوں کی اہم ترین دوا
- شدید کھانسی جس سے دم گھٹے
- سانس کی نالیوں میں بلغم آجاتا ہے۔
- کھانسنے سے بلغم کم نکلے۔
- پھیپھڑوں میں خون کی گردش کمزور

سینیگا Senega:

- پرانا دمہ۔ چھاتی میں بلغم کا اجتماع۔ سینہ پر بوجھ۔ سیڑیاں چڑھنے سے سینہ میں گھٹن۔ پھیپھڑوں کے پردوں میں پانی۔ سانس کی باریک نالیوں میں بلغم۔ گڑگڑاہٹ کی آوازیں۔

سمبوکس Sambucus Nig:

- آدھی رات کو دم گھٹنے والی کھانسی۔ سینہ میں گھٹن۔ سانس کی دشواری۔ چہرہ نیلا ہو جاتا ہے۔ مریض چلاتا ہے کہ وہ سانس نہیں لے پا رہا ہے۔ بچے سانس کی تنگی سے سوئے ہوئے جاگ جاتے ھیں۔

ٹیوبر کولائنم Tuberculinum:

- دوران علاج پندرہ دن بعد 1M کی ایک خوراک دینے سے علاج میں آسانی اور بہتری آتی ہے۔

گردہ مثانہ کی سوزش پتھری Kidneys Stone

علاج Treatment:

بیر بیریس ولگارس Berberis Vulgarise:

- درد۔ سوزش۔ پتھری کی سب سے مفید دوا۔ گردہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے پیشاب کے ذریعے خارج کرتی ہے۔
- درد گردہ میں جادو اثر کام کرتی ہے۔

ہائیڈرینجیا Hydrangea:

- گردہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتی ہے۔ پیشاب کی نالی میں جلن اور پیشاب کی بار بار حاجت۔ پیشاب میں خون اور ریت آئے۔ کمر کے نچلے حصہ میں تیز درد۔

سارسپریلا Sarsaprilla:

- پتھری۔ پیشاب کرنے کے بعد شدید درد۔ بچے پیشاب کے دوران اور بعد میں چیخ ماریں۔ پیشاب چکنا لیسدار اور خون آئے۔ پیشاب قطرہ قطرہ۔

پریرا بریوا Pareira Brava:

- گردہ مثانہ کی پتھری۔ مثانہ میں سوزش درد۔ پیشاب میں سیاہی مائل خون آئے۔ پیشاب کرتے زور لگانا پڑے جس کے ساتھ درد ہو جو رانوں تک جائے۔ گھٹنوں کے بل بیٹھ کر پیشاب خارج کرنا پڑے۔

کینتھریس Cantharis:

- گردہ مثانہ کی پتھری و سوزش

- پیشاب قطرہ قطرہ خون ملا گرم جلتا ہوا
- پیشاب کی نالی میں جلن۔ ناقابل برداشت درد۔ پیشاب کے دوران اور بعد میں جلن۔ کٹن اور درد

کلکیریا کارب Calcarea Carb:

- پیشاب مقدار میں زیادہ گہرا۔ بھورا ترش بو والا۔ پیشاب میں تلچھٹ اور خون آئے۔
- یہ دوا کیلشیئم سے بنی پتھری کو توڑ کر ریت بناتی ہے اور پیشاب کے ذریعے خارج کرتی ہے۔

لائیکو پوڈیم Lycopodium:

- دائیں گردہ کی پتھری کی دوا
- گردہ سے سرخ رنگ کی ریت کا اخراج
- پیشاب زور لگانے سے آئے۔ پیشاب کرنے سے پہلے درد۔ پیشاب آتے ہی درد ختم ہو جاتا ہے۔ گردوں کے مقام پر کمر میں درد۔

اوسیمم کین Ocimum Can:

- گردہ۔ مثانہ کی پتھری۔ کنکریشن
- پیشاب میں سرخ ریت کا اخراج
- پیشاب میں یورک ایسڈ خارج ہوتا ہے
- پیشاب گدلا۔ گاڑھا۔ پیپ اور خون ملا۔ سرخ زرد رنگ کا۔ گردے کی نالی میں درد

آرٹیکا یورینس Urtica Urens:

- گردہ کی پتھری۔ یورک ایسڈ کی زیادتی
- پیشاب بلا ارادہ نکل جاتا ہے۔

سولیڈیگو Solidago:

- پتھری و درد گردہ
- پیشاب میں دشواری کم مقدار میں آئے۔ البومن آئے۔ پیشاب کی رنگت بھوری۔

تلچھٹ اور ریت آئے۔ گردوں سے درد شروع ہو کر پیٹ کی طرف آئے۔

☞ کلکیر یا رینیلس Calcarea Renalis:

☞ یہ دوا مثانہ سے نکلی ہوئی پتھری سے بنائی جاتی ہے۔ گردہ مثانہ کی پتھری کے بار بار بننے کے رجحان کو ختم کرتی ہے۔ پتھری کے خارج ہونے کے بعد اس کا استعمال دوبارہ پتھری بننے سے روکتا ہے۔

پتہ کی پتھری

☞ مدر ٹینگچر

☞ فیلٹوری Fel Tauri Q

☞ ڈائسکوریا Dioscorea Q

☞ کارڈس میریانس Cardus Marianus Q

☞ بیربیریس ولگارس Berberis Vul Q

☞ سب میڈیسن کا کمپاونڈ بنالیں تیس تیس قطرے دن میں تین بار استعمال کروائیں۔

☞ کولسٹرینیم 3X دو گولی تین بار

نوٹ: پتہ کی پتھری میں درد کے لیے کولسٹرینیم 3x اور بیربیریس Q سب سے اچھا کام کرتی ہیں۔

☞ کیونکہ یہ پتھری فیٹ چکنائی سے بنی ہوئی ہوتی ہے اس لئے ختم ہونے میں وقت زیادہ لیتی ہے۔

☞ پرہیز: لسی۔ چاول۔ انڈا۔ چکنائی۔ فاسٹ فوڈ

نوٹ: پتہ کی پتھری میں لیمن کا رس پینا انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے اس کے علاوہ (ایپل سائڈر وینیگر) سیب کا سرکہ بھی بہت مفید ہے۔

قبض Constipation

وجوہات:

☞ مرغن غذا ☞ غیر فطری زندگی

☞ چائے کافی ☞ سگریٹ کا زیادہ استعمال

☞ سبزیاں اور پھل کم کھانا ☞ انگریزی ادویات کا زیادہ استعمال

☞ دوران حمل ☞ ورزش نہ کرنا

☞ پانی کا کم استعمال ☞ تلی اشیا اور فاسٹ فوڈ زیادہ کھانا

علاج:

☞ نکس وامیکا Nux Vomica:

☞ ہومیوپیتھی میں سب سے بہترین دوا ہے بیٹھ کر کام کرنے والے افراد

☞ نشہ کرنے والے سگریٹ شراب افیون

☞ سہل عیاشی اور آرام دہ زندگی گزارنے والے افراد کی دوا ہے

☞ برائی اونیا Bryonia:

☞ قبض کی وجہ آنتوں کی خشکی جلا ہوا پخانہ منہ خشک ذائقہ کڑوا پیاس زیادہ۔ بچوں کی قبض کیلئے سب سے اچھی دوا ہے۔

☞ ہائیڈراسٹس Hydristis:

☞ معدہ انتڑیوں کی ہر بیماری قبض سے لیکر پیپٹک السر تک بہترین کام کرتی ہے۔

☞ پلمبم میٹ Plumbum Met:

☞ پاخانہ سخت گولیوں کی طرح۔ پاخانہ کرنے میں بہت دیر لگے

☞ پیٹ اندر کی طرف کھنچا

اوپیم Opium:

- اس دوا کے مریض کو پخانے کی حاجت ہی نہیں ہوتی ہے۔ تین چار دن بعد گولیوں کی شکل میں پخانہ آتا ہے۔

لائیکو پوڈیم Lycopodium:

- غیر ہضم شدہ پاخانہ۔ کھٹے ڈکار غیر تسلی بخش پاخانہ

ایلومینیا Alumina:

- بہت زور لگانا پڑے حاملہ عورتوں اور بزرگوں کی قبض کیلئے موثر ترین دوا ہے

سیپیا Sepia:

- حاملہ عورتوں کی مفید دوا

ضروری ہدایات:

- غذا چبا کر کھائیں
- سیر کریں
- پانی کا زیادہ استعمال کریں
- منشیات سے پرہیز
- مرغن تلی اور مصالہ دار اشیا سے پرہیز کریں

نوٹ: امرود قبض کے لئے بہترین پھل ہے۔

- مربہ آملہ تین دانے صبح خالی پیٹ ایک کٹوری دہی سالوں پرانی قبض بھی ٹھیک ہو جاتی ہے
- کھانا مقررہ وقت پہ کھائیں
- اور رات کا کھانا مغرب کے فوراً بعد کھالیں لیٹ نائٹ کھانا قبض کا باعث بنتا ہے۔

مردانہ بانجھ پن Male Infertility

- مرد کے بار بار جماع کرنے سے مکمل طور پر ٹھیک عورت کو حمل نہ ہو تو یہ مردانہ بانجھ پن کہلائے گا۔
- وجوہات۔ مادہ منویہ میں سپرمز کا کم ہونا

- سپرمز کا کمزور ہونا
- منی کا پتلا ہونا
- جماع کے دوران فوراً انزال ہو جانا
- شوگر۔ ٹی بی بھی موجب ہیں
- ذہنی تناؤ اور ڈپریشن پریشانیاں سپرم کی تعداد اور کوٹی پے برا اثر ڈالتی ہیں
- ٹیسٹس یعنی فوطوں کی خرابیاں کیونکہ فوطوں Testes میں ہی سپرم فیکٹری ہوتی ہے۔
- ٹیسٹوسٹرون Testosterone ہارمون کے لیول کی کمی
- جسم میں کسی غدود کی ناقص کارکردگی

ٹیسٹ Test:

- مادہ منویہ کا Semen Test کروانے پر جراثیموں کی تعداد دیکھی جاتی ہے
- ایک سی سی منی میں تقریباً 20 ملین سپرمز ہوتے ہیں۔
- اگر سپرمز اس نارمل تعداد سے کم ہوں یا ابنارمل ہوں تو یہ مردانہ بانجھ پن ظاہر کرتا ہے

اہم ادویات Main Medicines:

- ڈامیانہ Damiana Q
- اگنس کاسٹس AngusCastus Q
- اشواگندا Ashwgandha Q
- سلینیما Selenium-3x
- نیٹرم فاس Natrum-Phos 30
- ایکسرے X-Ray 30
- کوبالٹم Cobaltum 30
- ٹرائیبولس Tribulus Terr Q
- ایونا سٹائیوا Avena Stiva
- علامات کے مطابق دوائی کا انتخاب کریں

مردانہ کمزوری (کمزوری باہ)

یوہمبینم Yohimbinum:

- مردانہ کمزوری کیلئے مشہور اور مفید دوا ہے شہوت کی کمی کو بڑھاتی ہے

سلیکس نائیگرا Salix Nigra:

- دبی ہوئی جنسی حس کو ٹھیک کر کے جماع کے قابل بناتی ہے مشت زنی اور سوزاک کے بداثرات کی وجہ سے ہوئی نامردی

سلینیم Selenium:

- جنسی حس اور زیادہ جماع کی خواہش مگر عضو ڈھیلا شہوت کی انتہائی کمی مادہ منویہ پانی کی طرح پتلا۔

ایسڈ فاس Acid Phos:

- جنسی قوت کی کمی پیشاب پخانہ کرتے وقت منی کا اخراج ہوتا ہے عورت کے پاس ہوتے بھی شہوت نہیں آتی ہے۔

ایونا سٹائیوا Avena Stiva:

- منی کا ضائع ہونا کثرت جماع کے بدنتائج عصابی کمزوری اور افیون کے زیادہ استعمال کی وجہ سے نامردی ہو جانا

اگنس کاسٹس Agnus Castus:

- جوانی کی جنسی غلطیوں۔ مشت زنی اور کثرت جماع کی وجہ سے نامردی ہو جانا

کلیڈیم Caladium:

- منی پتلی بدبودار شہوت کی کمی خواہش جماع زیادہ مگر جماع کی طاقت ختم ہوتی ہے دوران نیند منی کا اخراج ہوتا ہے

ٹائٹینیم Titanium:

- شہوت اور جماع کے وقت جلدی انزال ہو جانا

لائیکو پوڈیم Lycopodium:

- نامردی۔ شہوت بالکل نہ ہو
- زیادہ عمر کے افراد کی جنسی حس جگاتی ہے

پیشاب کے بعد قطرے آنا (البومن۔ پروٹین)

ایسڈ فاس Acid Phos:

- معدہ کی خرابیوں کی وجہ سے قطرے آنا
- پیشاب کے بعد آنے والے قطروں کی سب سے اعلیٰ اور مفید دوا ہے
- اس دوا کے دس قطرے کھانے کے درمیان لینا چاہیئں

سلینیم Selenium:

- منی کا پتلا ہونا جس کی وجہ سے پیشاب کے بعد قطرے آتے ہیں

سٹفی سا گریا Staphysagria:

- جنسی خیالات کی بھرمار ہر وقت جنسی خیالات اور جماع کی خواہش مشت زنی کے عادی افراد۔

پراسٹیٹ کا بڑھ جانا

Enlargement of Glandprostate

سبیل سرولوٹا Sabal Serr:

- مثانہ خصیوں اور پیشاب کے غدود کی سوزش پیشاب کے غدود کا بڑھ جانا

- پیشاب کی رکاوٹ رات کو پیشاب کی مسلسل حاجت

کینتھرس Cantharis:

- پیشاب کی رکاوٹ پیشاب قطرہ قطرہ جلن اور چبھن کے ساتھ آتا ہے

سٹفی سیگیر یا Staphy Sagria:

- پیشاب قطرہ قطرہ پیشاب کی بار بار حاجت پیشاب کرنے کے بعد جلن ہو۔

تھوجا Thuja:

- سوزاک کے بعد پیشاب کے غدود بڑھ جائیں تو یہ دوا مفید ہے

آرجینٹم نائٹ Argentum Nit:

- پیشاب کی دھار پھٹی ہوئی
- پیشاب میں جلن کٹن اور نالی میں خارش ہو پیشاب مقدار میں کم گہرے رنگ کا پیشاب کرنے کے بعد قطرے گریں۔

سیمن ٹیسٹ میں پس سیلز آنا Pus Cells

- (مادہ منویہ میں پیپ کا آنا)

ایسڈ فاس Acid Phos:

- پس سیل کیلئے اعلی اور اوّل درجہ کی دوا ہے۔ پیشاب دودھیا۔ پیشاب کے بعد کے قطرے۔ دوران جماع جلد انزال ہو جانا

تھوجا Thuja:

- سوزاک کی ہسٹری۔ پیشاب کرنے کے بعد قطرہ قطرہ ٹپکتا ہے۔ فوطوں کی سوزش۔ پیشاب کی نالی کی تنگی۔ جلن
- پیشاب کی دھار پھٹی ہوئی۔

سلینیم Selenium:

- مادہ منویہ پتلا۔ نامردی۔ غلبہ شہوت اور شہوت زیادہ۔ ایسا محسوس ہو کہ پیشاب کی نالی میں قطرہ تیزی سے باہر آ رہا ہے۔

کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa:

- سوزاک کی ہسٹری۔ پیشاب کی نالی میں سوئی چبھنے جیسا درد۔ پیشاب کی دو دھاریں بنیں۔ پیشاب کی نالی میں مسے نما بن جائیں۔ اس دوا کی چند خوراکیں ہی کافی ہیں۔

کلکیر یا سلف Calcarea Sulph:

- منی میں پیپ آنے کی بہترین ہیلپنگ میڈیسن۔

اسٹیلیگو Ustilago:

- پس سیل۔ احتلام۔ جنسی حس تیز۔ جنسی خواب۔ اور خیالوں میں جنسی بھرمار۔

میڈورینیم Medorrhinum:

- سوزاک کی ہسٹری۔ سوزاک دب گیا ہو۔ اس میڈیسن کی IM طاقت میں ایک خوراک ہی کافی ہوتی ہے۔

بواسیر Piles

Definition:

- مقعد۔ ریکٹم کے اندر وریدوں کا پھول جانا بواسیر کہلاتا ہے۔
- بواسیر کی دو اقسام ہیں۔
- اندرونی۔ بیرونی۔
- خونی۔ بادی بواسیر
- دونوں بواسیر ہونے کے نتیجہ میں مہکے بن سکتے ہیں جو خود سے ایک الگ تکلیف ہے۔
- مقعد کے اندر وریدوں کا پھول جانا اور ریکٹم کی نالی میں انفیکشن اور زخم ورم ہونے کی

وجہ سے پخانے میں خون آتا ہے۔

- اندرونی مسے اور بیرونی طور پر مسوں کے چھیل جانے سے بھی خون نکلتا ہے۔ زیادہ خون بہہ جانے کی صورت میں خون کی کمی ہو جاتی ہے۔
- بواسیر کی وجوہات۔
- قبض۔ سب سے اہم وجہ
- عیاش زندگی۔
- مرغن غذائیں۔ فاسٹ فوڈ۔ مرچ مصالہ
- جگر کے امراض کی وجہ سے بھی بواسیر ہو جاتی ہے۔
- مقعد کی رسولی۔
- نمی والی جگہوں پر بیٹھنا۔ گرمی اور سردی کا اثر بھی اس کو جنم دیتا ہے۔

علاج Treatment:

پی اونیا Paeonia:

- قبض۔ مقعد میں جلن اور خارش۔ یہ دوا بواسیر کے ساتھ فشر اور فسچولا میں بھی کارگر ہے۔

ہیما میلس Hamamelis:

- سیاھی مائل گہرے رنگ کا خون آنا۔ یہ وردیدوں کے پھٹ جانے اور وردیدوں سے خون آنے کی سب سے اعلی دوا ہے۔

ملی فولیم Millefolium:

- خونی بواسیر۔ سرخ چمکدار تازہ خون آنا۔

ایسکولیس ہیپ Aesculus hip:

- شدید قبض۔ مقعد میں چھوٹی چھوٹی لکڑیاں پھنسے ہونے کا احساس۔

کالن سونیا Collinsonia:

- آنتوں کی کمزوری۔ قبض۔ ایسا محسوس ہو جیسے پخانے کی آنت تیز نوک دار شیشے کی کرچیوں سے بھری ہے۔ حمل کے دوران قبض۔ بواسیر۔

ایلوز Aloes:

رٹینیا Ratanhia:

- مسے انگور کے گچھوں کی طرح لٹک رہے ہوں۔ خون نکلے۔ ٹھنڈے پانی سے آرام آئے۔ حمل میں بھی کارگر ہے۔

ایسڈ نائٹ Acid Nit:

تھوجا Thuja:

- بواسیر کے مسوں کیلئے استعمال ہوتی ہیں۔

نوٹ: قبض کیلئے صبح خالی پیٹ تین دانے مربہ آملہ کھلائیں اور ایک پاؤ دہی

- ناشتہ دو گھنٹے بعد
- پرہیز۔ گوشت۔ تلی اشیا۔ فاسٹ فوڈ۔ تیز مرچ مصالہ۔ بینگن۔ پالک۔ انڈا۔ بوتل وغیرہ

فنگل انفیکشن Fungal Infection

- فنجائی Fungus
- فنجائی کے مطالعہ کو مائکولوجی کہتے ہیں۔
- یہ یوکریاٹک Eukaryotic آرگنزم ہے
- یک خلوی اور کثیر خلوی ہوتے ہیں۔
- یہ پودوں سے ملتے جلتے ہیں مگر ان کو جڑ۔ تنا اور پتوں میں تقسیم نہیں کر سکتے ہیں
- یہ اپنی خوراک خود تیار نہیں کر سکتے ہیں۔
- بریڈ Bread
- وائن wine
- بیئر Bear

- کی فرمینٹیشن Fermentation میں استعمال کی جاتی ہے
- فنجائی کو پنسلین بنانے میں بھی استعمال کیا جاتا ہے
- فنجائی کی مدد سے ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین بھی تیار کی جاتی ہے۔
- فنجائی پودوں میں بھی کافی ساری بیماریاں پیدا کرتے ہیں۔
- انسانوں میں یہ دھدّری۔ چنبل۔ اور عورتوں میں لیکوریا اور دوسری جنسی بیماریاں پیدا کرتے ہیں۔
- روٹی اور اچار کو اُلی لگنا بھی فنجائی کا کام ہے کالین کارپٹ کے نیچے
- سبز تہ بن جانا بھی فنجائی کا کام ہے
- فنگس کی وجہ سے پیدا ہونے والا مرض بہت جلد چھوت سے پھیلتا ہے
- آہستہ آہستہ یہ نم رہنے والے اعضاء جیسے بغل سینہ کے نیچے کا حصہ پوشیدہ اعضاء اور پاؤں کو متاثر کرتا ہے مگر اس کی شروعات کسی بھی عضو سے ہو سکتی ہے

علاج رنگ ورم Ringworms:

- بیسیلینیم 1MBacillinum ایک خوراک ہفتہ وار دیں

کلکیریا کارب Calcarea Carb:

جلد پر خون آمیزش والے سرخ پُھولے ہوئے رنگ ورم ہاتھ اور پاؤں نمدار

ایپس میلیفیکا Apis:

- داد خارش اور جلن چھبن ٹھنڈی چیز لگانے سے افاقہ

ٹیلیوریم Tellurium:

- داد جسم اور چہرے پر خاص طور
- پسینے سے لہسن جیسی گندی بدبو

سلفر Sulphur:

- بھوک کی کمی بے چینی چھلکوں والے رنگ ورم

سیپیا Sepia:

- مچھلی کے چھلکوں کی طرح کے سفید چھلکے اتریں۔

سائینوسائٹس Sinusitis

- ناک کی ہڈی۔ غدود کا بڑھ جانا
- کیرا۔ زکام۔ گلے میں بلغم گرنا

علاج Treatment:

لیمنا مائینر Lemna Minor:

- دس قطرے صبح دوپہر شام
- ٹیوکریم 30Teucrium
- جیسٹیشیا 30Juticia
- دو دو قطرے صبح دوپہر شام
- اوپیم Opium-1M
- آٹھ دن بعد ایک خوراک
- اوپیم ناک کی جھلی کو سیکوڑتی ہے اس لئے اس کا استعمال انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے۔
- پرہیز کروائیں۔ لسی۔ چاول۔ تلی اشیاء۔ فاسٹ فوڈ۔ ٹھنڈا پانی۔ بوتل وغیرہ۔

آٹزم Autism's

- ذہنی جسمانی معذور بچے
- ایک ایسی نشونمائی معذوری ہے جو کسی دوسرے شخص کے ساتھ بات چیت اور سماجی تعلقات پر اثر انداز ہوتی ہے
- اس میں مبتلا لوگ کئی طریقوں سے اس میں مبتلا ہوتے ہیں
- گفتگو میں مشکل

- ایک عمل بار بار دوہرانا ہر کام میں دقت اور تعلقات میں بھی مشکل پیش آتی ہے
- بات کرتے جھکتے ہیں اور کنفیوز ہو جاتے ہیں
- یہ لوگ کسی سے آنکھ ملا کر بات نہیں کر سکتے اور کسی کے جذبات اور مسکراہٹ پر توجہ دینے سے قاصر ہوتے ہیں
- یہ لوگ کسی کے ساتھ اشتراک نہیں کرتے اور کسی سے فری نہیں ہوتے یعنی گھلتے ملتے نہیں ہیں
- اجتماعی طور پر اگر صاف صاف بولا جائے تو احساسِ کمتری اور اعتماد کی بہت کمی ہوتی ہے
- اور ان کی خامی عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ زیادہ ہوتی جاتی ہے
- اس کا علاج ان سے واسطہ لوگ ان کو سیکھا کر سمجھا کر اور ان کو خود اعتمادی دے کر کر سکتے ہیں
- کیوں کے اس مرض یا معمولی خامی میں مبتلا لوگوں کا کوئی قصور نہیں ہوتا ہے
- یہ ایک پیدائشی نشوونمائی معذوری ہے۔ جس کو صرف اور صرف ایسے لوگوں کے ساتھ اچھے نرم رویہ برین تھراپی اور ٹریننگ سے ہی حل کیا جا سکتا ہے۔
- ذہنی طور پر کمزور پسماندہ بچے
- یہ ایک پیدائشی مسلۂ ہوتا ہے۔

وجوہات:

- حمل کے دوران بچے کی گروتھ میں کسی عضاء یا دماغی خلیوں کا نامکمل رہ جانا۔
- جس کی وجہ سے دماغی وجسمانی کمزوری ہو جاتی ہے۔
- عقل۔شعور۔یادداشت کی کمی ہوتی ہے۔
- زیادہ تر بچے شکل وصورت اور اپنی عادات سے ہی باولے نظر آتے ہیں۔
- تعلیم میں کمزور ہوتے ہیں۔
- عمر کے لحاظ سے عقل وشعور بہت کم ہوتا ہے۔ بیس سال کی عمر میں بھی عقل شعور چار سال کے بچے جتنا ہوتا ہے۔

علاج Treatment:

برائٹا کارب Baryta Carb:

- شرمیلا بچہ دماغی طور پر کمزور۔ عمر کے مطابق عقل وشعور نہیں رکھتا ہے۔

سٹرامونیم Stramonium:

- بے چین۔ ضدی۔ لڑاکو۔ اپنی بات منوانے والے۔ مگر ڈرانے دھمکانے پر خوف زدہ ہو جاتے ہیں اور ایک کونے میں لگ کر بیٹھ جاتے ہیں۔

ایگاریکس Agaricus:

- دماغ کی نشوونما ناقص۔ یادداشت کمزور۔ بولنا اور چلنا بہت دیر سے سیکھتا ہے۔

کلکیریا کارب Calcarea Carb:

- موٹے پلپلے بچے
- بات سمجھنے کی اہلیت نہیں ہوتی ہے۔

کلکیریا فاس Calcarea Phos:

- کمزور۔ خون کی کمی۔

نیٹرم میور Natrum Mur:

- دیر سے چلنا سیکھیں۔

کیمومیلا Chamomilla:

- ضدی۔ چیزیں اُٹھا اُٹھا کر پھینکنے والے۔ اپنی ضد کے پورے ہونے تک غصے اور طیش میں رہنے والے بچے۔

نوٹ: سفلینیم Syphilinum

- ہفتے میں ایک خوراک ہر طرح کے ذہنی معذور بچے کے لئے فائدہ مند ہے

ناخنوں کی بیماریاں Nails Problems

کلکیر یا کارب Calcrea Carb:

- جھریوں والے غیر ہموار ناخن۔ ناخنوں پے دھبے

سلیشیا Silicea:

- مڑے ہوئے ناخن جو پنجوں اور انگلیوں کے گوشت میں گھس جائیں اور پیپ بن جائے۔ یہ دوا نئے ناخن اُگنے میں بھی مددگار ہے۔
- گریفائٹس
- موٹے ناخن اُگیں جیسے سینگ ہوں۔

فلورک ایسڈ Flouric Acid:

- سامنے اور اطراف سے ناخن ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوں۔ لمبائی میں جھریاں۔ اونچے نیچے ناخن کھردرے۔

تھوجا Thuja:

- انگلیوں کے ناخن دیکھنے میں بُرے اور بھدے نظر آئیں۔ مُڑے ہوئے ہاتھوں اور بازو پر بھورے نشان۔

ایسڈ نائٹ Acid Nit:

- ناخنوں کا رنگ نیلا ہو جائے ساتھ جلد پر مہکے بن جائیں۔

کیلشیم فاس Calcium Phos:

- کیلشیم کی کمی کی وجہ سے ناخن کمزور۔ باریک۔ اور ناخنوں پر سفید نشان۔

سونگھنے کی خرابیاں Smell Disorders

تعریف Definition:

- اس کو دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں

- نمبر .1 سونگھنے کی حس کم ہونا
- نمبر .2 بدبو آنا
- وجوہات۔ صدمہ۔ ڈپریشن۔ چوٹ
- نزلہ۔ ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہونا۔ ناک میں Polyps ہونا

علاج Treatment:

مرک سال Merc Sol:

- پرانے نزلہ کی وجہ سے بدبو آنا

سلفر Sulphur:

- 1M ہفتے میں ایک خوراک دوران علاج دیں

آرجینٹم نائٹ Argentum Nit:

- کسی بھی بیماری کے بعد سونگھنے کی حس جاتی رہے

نیٹرم میور Natrum Mur:

- ناک اور گلے کے امراض کی وجہ سے سمل ختم ہو جائے۔

تھوجا Thuja:

- Sinusitis کی وجہ سے

میگنیشیا میور Magnesia Mur:

- فلو کے باعث

سلیشیا Silicea:

- ناک کی ہڈی خراب اور گلنے کے باعث

کالی بائی Kali Bi:

- گلے میں کیرا گرنے کی وجہ سے

کالی سلف Kali Sulph:

- گلے کی خرابی کی وجہ سے Smell Disorders ہو جانا۔

مرگی Epilepsy

کیوپرم میٹلیکم Cuprum Met:

- بہت تیز کھچاؤ جو ہاتھوں پاؤں کی انگلیوں سے شروع ہوں۔جسم اکڑ جاتا ہے مرگی کا دورہ گھٹنوں سے شروع ہوتا ہے۔لرزہ۔کھچاؤ۔مریض ہاتھوں کی مُٹھیاں بند کر لیتا ہے۔اور اس کے بعد بے ہوشی ہو جاتی ہے۔

ابسینتھیم Absinthium:

- مرگی کا دورہ آنے سے پہلے اعصاب میں جھٹکے آتے ہیں۔پٹھوں میں جھٹکے۔
- جبڑے اکڑ جاتے ہیں زبان کانپتی ہے
- یکدم چکر آتے ہیں جسم اکڑ جاتا ہے
- مریض کچھ بولنے کی کوشش کرتا ہے اور بے ہوش ہو جاتا ہے۔زبان پر دانتوں سے کاٹا جاتا ہے اور منہ سے جھاگ نکل آتی ہے۔

سائکیوٹا Cicutav Vir:

- جسم کمان کی طرح اکڑ جاتا ہے
- ہچکی کے ساتھ ٹھوڑی اکڑ جاتی ہے۔
- سر گردن اور ریڑھ پیچھے کی طرف جھک جاتے ہیں۔
- گدی کے پٹھوں میں کھچاؤ اور درد ہوتا ہے۔دُمچی کے مقام پر جھٹکے کمر اکڑ جاتی ہے سر پیچھے کی طرف کھنچ جاتا ہے کہ ذکر لگانے سے بھی سر اور کمر کو سیدھا نہیں کیا جا سکتا ہے۔

نیٹرم میور Natrum Mur:

- مرگی کے دورہ سے پہلے چکر ٹانگوں کا پھڑکنا جسم میں جھٹکے ٹانگیں اوپر کی طرف کھنچ جاتی ہیں ہاتھوں کی مُٹھیاں اندر کی طرف کس کے بند ہو جاتی ہیں۔

اگاریکس Agaricus:

- ہر سات دن بعد مقررہ وقت پر دورہ پڑے دورے سے پہلے جمائیاں آئیں۔

لونا Luna:

- مرگی کے دورے پورے چاند پر آئیں

یوٹرس کی رسولیاں Fibroid

- یوٹرس میں ایک یا زائد رسولیاں بھی ہو سکتی ہیں۔
- اگر اس کا علاج نہ کروائیں تو یہ کینسر کا سبب بن جاتی ہیں

وجوہات:

- یوٹرس کی خرابیاں۔
- یوٹرس کا بڑھ یا سکڑ جانا۔
- ہارمونز کی خرابیاں
- ناقص غذا
- ابارشن۔مسکیریج
- ابارشن کی ادویات۔
- رسولی کی وجہ سے سیاہی مائل آنا

اہم ادویات Main Medicines:

- تھلاسپی برسا Thlaspi Bursa Q
- فراکسینیس امریکنا Faxinus Amer Q
- افورائنم Oophorinum-3x
- ہیمامیلس Hamamelis Q
- کروکس سٹائیوا Crocus Sativa Q
- علامات کے مطابق دوا کا انتخاب کریں

لیکوریا Leucorrhoea

- لیکوریا ایک طرح کا ایک لیکوڈ ہے جو یوٹرس سے خارج ہوتا ہے۔

وجوہات:

- رحم کی سوزش
- جنسی حس کا بڑھ جانا
- یوٹرس کی رسولی
- پھیپھڑوں کی بیماری کی وجہ سے
- فحش فلمیں دیکھنے اور لٹریچر پڑھنے سے۔
- یوٹرس کی گردن کی سوزش کی وجہ سے۔

علاج Treatment:

- ایلٹرس فیرینوسا Aletris Farinosa
- اشوکا Ashoka
- یوٹرس کے تمام مسائل کے ساتھ اگر لیکوریا ہوتو بہترین دوائیں ہیں۔

بوریکس Borex:

- سفید انڈے کی سفیدی جیسا اخراج جیسے گرم پانی بہہ رہا ہو۔

ایلومینا Alumina:

- سفید رنگ کا لیکوریا جو مقدار میں بہت زیادہ جو ٹخنوں تک بہہ جائے۔ ہومنسز کے بعد لیکوریا آئے۔

کریوزوٹ Kreasote:

- ویجائنا کی خارش۔ تیزابی خراش دار لیکوڈ کا اخراج ہو۔ منسز کے پندرہ دن بعد لیکوریا شروع ہو جائے۔

پلساٹیلا Pulsatilla:

- گاڑھا پیلا اخراج

اوواٹیسٹا Ova Testa:

ہر طرح کے لیکوریا میں معاون دوا ہے

سیپیا Sepia:

- سبز۔ پیلے رنگ کا بدبودار اخراج

ہر طرح کے لیکوریا کیلئے

ایلٹرلیس فیرینوسا Q Aletris Farinosa Q:

- دس قطرے صبح دوپہر شام
- بوریکس Borex 30
- ایلومینیا Alumina 30
- کریوزوٹ Kreasote 30
- اوواٹیسٹا Ova Testa 30
- دو دو قطرے صبح دوپہر شام

ہسٹریا Hysteria

- اکثر لوگ اس تکلیف کو جلدی سمجھ نہیں پاتے ہیں لوگ اس کی وجہ جن۔ جادو۔ ٹونہ۔ اور سایہ سمجھ کے پیروں فقیروں اور عاملوں کے پاس لے جاتے ہیں
- اس کا علاج صرف ہومیوپیتھی میں ہے

اہم علامات Main Symptoms:

- ہسٹریا کے دورے Hysterical Fits
- عورتوں کو گلا گھٹنے کا احساس
- مینسز میں بے قاعدگیاں کم آنا رک جانا بند ہو جانا۔

- ہسٹیریا محبت میں ناکامی سے بھی ہو جاتا ہے کیوں کہ یہ بھی جذباتی کیفیت ہوتی ہے
- مریضہ کبھی روتی ہے کبھی ہنستی ہے۔
- مریضہ کو ایسا لگتا ہے کہ اُس کے گلے میں گولا پھنسا ہوا ہے وہ اُس کو بار بار نگلنے کی کوشش کرتی ہے
- پیشاب میں دقت
- آواز بند ہو جاتی ہے
- گلے کی سوزش ہو جاتی ہے۔
- کھانے کی نالی تنگ ہو جاتی ہے
- مریضہ زیادہ تر آنکھیں بند رکھتی ہے
- بے ہوشی
- مریضہ حرکت کیے بغیر لیٹی رہتی ہے۔
- جاگتے میں امیجینیشن اڑنے کے خیالات-باتونی

علاج ہسٹریا:

اگنیشیا Ignatia:

- آہیں بھرے غم صدمہ کبھی رونا کبھی ہنسنا

ماسکس Moschus:

- آہیں بھرنا گلے میں گولا پھنسا
- غشی کے دورے

ایسافوٹیڈا Asafoetida:

- معدے سے ہوا کا گولا بن کے گلے میں پھنس جاتا ہے مریضہ نگلتی رہتی ہے

پلساٹیلا Pulsatilla:

- حیض کی کمی بندش دیگر رحم کے امراض مریضہ رو کے بتائے گی
- دلاسہ دینے پہ چپ ہو جائے گی

سیپیا Cepia:

- نا امیدی غمگین دنیا سے بے پروا

پلاٹینا Platina:

- مغرور لوگ ہر بات میں مغروری تکبر اور حساس لڑکیاں ہر کسی کو اپنی تکلیف بتا دیتی ہیں
- اس کے علاوہ
- نیٹرم میور Natrum Mur
- آرم میٹ Arum Met
- سمی سی فیوگا Cimici Fuga
- اہم ادویات ہیں

انیمیا۔ہیموگلوبن کی کمی

Deficiency of Haemoglobin

- ان تمام ٹرمز کا ایک ہی مطلب ہے کہ جسم میں خون کی کمی ہے۔
- ہیموگلوبن دو چیزوں کا مجموعہ ہے
- ہیم اور گلوبن
- ہیم کا مطلب آئرن
- گلوبن کا مطلب پروٹین
- جب یہ دونوں مل جائیں تو بنتا ہے ہیموگلوبن۔
- اگر یہ خون میں کم ہو جائے تو اسے انیمیا یا خون کی کمی کہا جاتا ہے۔
- سات سے کم ایچ بی آنے پر خون لگایا جاتا ہے مگر آٹھ یا نو سے اوپر میڈیسن سے HB کا علاج کیا جا سکتا ہے۔

ہومیو پیتھی علاج:

فیرم فاس Ferrum Phos:

- یہ دوا خون میں ہیموگلوبن کو بڑھا کر خون میں آئرن کی کمی کو پورا کرتی ہے۔

کلکیریا آرس Calcrea Ars:

- خون میں RBC اور ہیموگلوبن کی کمی کو پورا کرنے انتہائی مفید دوا ہے۔

لیسی تھین Lecithin:

- یہ دوا خون کے سرخ سیلز RBC اور ہیموگلوبن دونوں کی مقدار کو پورا کرتی ہے۔

چیلی ڈونیم Chelidonium:

- جگر کے افعال کو بہتر کر کے RBC کو طاقت دیکر جگر میں محفوظ کرتی ہے۔

مینگنم Manganum:

- جگر کے بڑھ جانے وجگر کے امراض کی وجہ سے RBC کا کم جانا۔

ویناڈیم Vanadium:

- یہ دوا خون کے سفید سیل WBC کو بڑھا کر کے WBC کی کمی اور ہیموگلوبن کی کمی کو پورا کر کے مریض کی قوتِ مدافعت کو بڑھاتی ہے۔

آئیوڈیم Iodium:

- جسم میں WBC کی کمی کو پورا کرنے اور WBC کو طاقت دینے والی اعلیٰ دوا ہے

نیٹرم میور Natrum-Mur:

- خون کے سفید سیل WBC کی مقدار اگر زیادہ ہو جائے یہ دوا کارگر ہے

چینی نم سلف Chininum Sulph:

- ملیریا بخار کی وجہ سے RBC کم اور WBC کا بڑھ جانا

سیانوتھس Ceanothus:

- خون کے سفید سیل WBC کی بڑھی ہوئی مقدار کو کم کرتی ہے۔

ایکسرے X-Ray:

- خون کے سفید ذرات WBC کی زیادتی یہ دوا بڑھے ہوئے سفید ذرات کو نارمل کرتی ہے

دل کے امراض Heart Disease

کیکٹس Cactus Grand Q:

- بہترین دوا ہے اہم علامتیں دل کسی نے مٹھی میں زور سے جکڑا ہوا ہے یا لوہے کے کڑے میں جکڑا ہے گھٹن۔ چھاتی اور دل اور جسم میں غیر متوازن حرکت۔

کریٹیگس Crataegus:

- دل کے فیل ہونے والے عمل کیلئے بہترین دوا۔ دل کا بڑھ جانا۔ درد دل۔ دھڑکن تیز۔ دل کے وال تنگ۔ سانس میں تنگی اور سوزش

سپائی جیلیا Spigelia:

- بے چینی۔ دل سے باہر کی طرف تیز درد نکلے۔ دھڑکن تیز

میڈورینم Medorrhinum:

- سانس لیتے چھاتی میں دباؤ۔ دل کا پھڑکنا۔ درد دل جو پیٹھ اور بائیں بازو تک جائے۔ حرکت پر زیادتی۔

جیلسیمیم Gelsemium:

- دل کے پٹھوں کی کمزوری۔ مریض سویا ہوا اُٹھ کے بیٹھ جائے کہ دل کی دھڑکن رُک جائے گی۔ حرکت میں رہنا کہ دل بند نہ ہو جائے۔

ڈیجیٹیلس Digitalis:

- بہترین دوا ہے نبض بے ترتیب۔ دم گھٹنا۔ دل کے بند ہونے کا احساس۔ سوزش۔

نوٹ: کولسٹرول کے زیادہ ہونے پر

- کولسٹرینم Q سے 3X

- لیکسس 20030 دینے سے کولسٹرول لیول کم ہو جاتا ہے۔

ہڈی کا ٹوٹ جانا

سمفائیٹم Symphytum:

- ہڈی کے ٹوٹ جانے اور زخم ہونے کی وجہ سے سوزش ہو جانا۔

روٹا Ruta:

- ہڈی کے ٹوٹے ہوئے دونوں سروں کے ریشے آپس میں جوڑنے کیلئے اور زخموں کی وجہ سے سوزش کیلیے

کلکیریا فاس Calcarea Phos:

- بطور کیلشیم اور ٹوٹی ہڈی کی انفکشن کیلئے مثلاً ہڈی سے پیپ بہے متاثرہ جگہ کا گلنا سڑنا (انفیکشن)
- بیلاڈونا۔ Belladonna
- میگھ فاس۔ Phos-Meg
- یہ دونوں میڈیسن پین کلر اور سوزش کم کرنے کے لئے استعمال کریں

کوما Coma

- جسم کی ایسی حالت کو کہتے ہیں کہ جس میں انسان بے ہوش پڑا رہے
- یہ بے ہوشی لگاتار ہوا کرتی ہے
- مریض دنیا کی ہر چیز سے بے خبر ہو جاتا ہے
- مریض کو ہاتھ لگا کر آواز دے کر جگایا نہیں جاسکتا ہے

وجوہات:

- سر کی چوٹ
- دماغ میں جانے والے خون کی رکاوٹ
- (دماغ میں جریان خون)
- دماغی رسولی۔ دماغی جھلی میں سوزش
- ہائی بلڈ پریشر کی وجہ یا چوٹ کی وجہ سے برین ہیمرج ہو سکتا ہے اور مریض کوما میں چلا جاتا ہے۔

علاج Treatment:

برائٹا کارب Baryta Carb:

- سکتے کی وجہ سے کوما میں چلے جانا۔

آرنیکا Arnica:

- چوٹ کی وجہ سے

ہیلی بورس Helleborus:

- دماغی چوٹ آرنیکا کی معاون

جیلسیمیم Gelsemium:

- دماغ کی جھلی کی سوزش

امونیا کارب Ammonium Carb:

- ڈپریشن کی وجہ سے

ماسکس Moschus:

- جذباتی کیفیت آنے کی وجہ

وراٹرم البم Veratrum Album:

- جسم ٹھنڈا ماتھے پہ ٹھنڈے پسینے

نوٹ: کیمفر مدر ٹینکچر۔ عام بیہوشی سے صدمہ اور کوما تک کام کرتی ہے۔ مریض کو دوائی منہ سے نہیں کھلائی جاسکتی یہ کوشش نہ کریں بلکہ مریض کے نچلے ہونٹ کے اندر بس دو قطرے دوائی کے ڈال دیں فوراً دوائی اپنا کام شروع کرے گی۔

تھرامبوسس Thrombosis

تعریف Definition:

- اگر خون دوران گردش جمنے لگے اسے Thrombosis کہتے ہیں

☜ اور جمنے والے لوتھڑے کو Thrombus کہتے ہیں

☜ یہ مرض پنڈلیوں کی وردیدوں بڑی شریان Aorta دماغ اور دل کی شریانوں میں اور جسم کی مختلف شریانوں میں ہوتا ہے۔

وجوہات:

☜ چوٹ۔گینٹھیا۔خون کی نالیوں میں تنگی

☜ خون کے بہاؤ میں سستی۔آپریشن کے باعث۔Atheroma خون کی نالیوں میں کولیسٹرول کی وجہ اور کرونا وائرس سے بھی یہ ہو رہا ہے۔

☜ علامات۔سوجن۔درد۔تیز نبض۔سانس خراب بخار۔ہائی بی پی۔وغیرہ

علاج:

آرنیکا Arnica:

☜ سر گرم پیر ٹھنڈے

سکیل کار Secale Corr:

☜ ہاتھ پاؤں سُن دل پے درد ہائی بلڈ پریشر

لیکیسس Lachesis:

☜ دھڑکن تیز بے ترتیب جسم کی رنگت نیلی

فلورک ایسڈ Flouric Acid:

☜ جو لوگ کھڑے ہو کے زیادہ وقت کام کرتے ہیں

☜ پرہیز۔کولیسٹرول کنٹرول رکھیں

☜ نشاستہ والی غذا استعمال نہ کریں

☜ کیلشیم وٹامن A والی اشیا کا استعمال بہت کم کریں دیں۔

بریسٹ ڈویلپمینٹ Breast Development

وجوہات:

☜ زیادہ تر عورتوں میں یہ مسلۂ وراثتی۔موروثی ہوتا ہے۔

☜ ہارمونز کی خرابی بھی اس کا بڑا سبب ہے

☜ چھوٹی عمر میں لیکوریا اور کیلشیم کی کمی بھی اس کی ایک بڑی وجہ ہے۔

علاج Treatment:

چیمافیلا Chemaphilla:

☜ یہ دوا بریسٹ کے حوالے سے دوہرا اثر رکھتی ہے۔چھوٹے بریسٹ سائز کو بہتر کر کے اچھی شیپ دیتی ہے اور سائز میں زیادہ بڑے بریسٹ کو نارمل سائز میں لاتی ہے۔

سبیل سیرولوٹا Sabal Serr:

☜ یہ دوا سائز میں چھوٹے سکڑے ہوئے بریسٹ کو بہتر کرنے میں لاجواب ہے۔اس کے ساتھ دودھ کی کی پیداوار بڑھاتی ہے۔اس دوا کی کریم بنا کر بھی یوز کی جاسکتی ہے۔

سٹفی سیگریا Staphysagria:

☜ چھوٹے بریسٹ کو بہتر کر کے نارمل سائز میں لاتی ہے۔

اونوسموڈیم Onosmodium:

☜ ہر ماہ ایک خوراک دینے سے بریسٹ کا سائز بڑا اور نارمل ہو جاتا ہے۔

عورتوں میں بریسٹ اور بریسٹ فیڈ کے مسائل

☜ سب سے پہلے بات کرتے ہیں عورتوں میں بچہ کی پیدائش کے بعد دودھ کی کمی کی جو آج کل ایک عام مسئلہ ہے۔

☜ دودھ بڑھانے کیلئے ہومیو پیتھی میڈیسنز وعلاج

☞ لیسی تھین Lecithin:

☜ یہ میڈیسن دودھ کی پیداوار کو بڑھاتی ہے اور تقویت دینے والا زیادہ دودھ پیدا کرتی ہے۔

☞ سیبل سرلوٹا Sabal Serr:

☜ یہ میڈیسن بھی دودھ کی مقدار کو بڑھاتی ہے۔ پستان سائز میں چھوٹے اور سکڑے ہوئے۔

☞ سٹکٹا Sticta:

☜ بچہ کی پیدائش کے بعد بہت کم مقدار میں دودھ پیدا ہو یہ دوا دودھ کی پیداوار کو بہتر کرتی ہے۔

☞ ایسافوٹیڈا Asafoetida:

☜ یہ دوا بھی دودھ کی پیداوار بڑھاتی ہے اور دودھ کی کوالٹی بہتر کرتی ہے۔

☞ کلکیر یا کارب Calcarea Carb:

☜ دودھ بڑھانے کیلئے شافی دوا جب بریسٹ کا سائز بڑا ہو مگر دودھ کم ہو۔

☞ بوریکس Borax:

☜ گاڑھا دودھ اور ذائقہ خراب۔ بچہ دودھ کا ذائقہ برا ہونے کی وجہ سے دودھ منہ میں نہ لے اور نہ پیئے۔

☞ ریسی نیس کمیونس Ricinus Comm:

☜ یہ دوا بریسٹ کے غدودوں کا انفکشن بہتر کر کے زیادہ دودھ پیدا کرتی ہے۔

☞ گالیگا Galiga:

☜ زیادہ عمر کی عورتوں میں دودھ کی کمی کے مسائل کو بہتر کرنے اور بریسٹ کا سائز نارمل کرنے والی اعلیٰ دوا۔

☜ دودھ کم کرنے والی ہومیو پیتھک دوائیں۔

☞ چیونتھس Chionanthus:

☜ زیادہ دودھ کو کم کرتی ہے۔ جس سے بریسٹ تنے ہوئے ہوں بچہ کے دودھ نہ پینے یا بچہ فوت ہونے کے بعد یہ صورت حال بھی پیدا ہوسکتی ہے۔

☞ لیک کینینم Lac Caninum:

☜ جو مائیں کسی بھی وجہ سے بچوں کو دودھ نہ پلاسکیں پستان تنے اور سوجے ہوئے یہ دوا دودھ کی مقدار کو کم اور خشک کرتی ہے

☞ پائپر نائیگرم Piper Nig:

☜ پستانوں میں دودھ کی کثرت ہوتی ہے۔ پستان تنے ہوئے اور دودھ کی وافر مقدار ہوتی ہے۔

☞ پلساٹیلا۔ کلکیر یا کارب Pulsatilla, Calcarea Carb:

☜ بچہ کو دودھ چھڑوانے کے فوراً بعد دینے سے دودھ کی مقدار کم کر کے تنی ہوئی اور درد کرنے والی بریسٹ کو آرام دیتی ہیں۔

☞ فراکسینس امریکنا Fraxinus Amer:

☜ خون کی کمی اور خوراک کی کمی والی عورتیں

☜ بریسٹ میں دودھ کی مقدار کو بڑھاتی ہے۔

☞ یوہمبینم Yohimbinum:

☜ چھاتیوں میں دودھ کو بڑھاتی ہے

☞ مرکیورس Mercuris Hydr:

☜ کنواری لڑکیوں کی چھاتیوں میں دودھ آنے کیلئے بہترین دوا ہے

سردیوں کی بیماری Chilblains

☜ انگلیوں۔ ایڑیوں کی سوجن سرخی درد زخم اور جلد کا پھٹنا

پیٹرولیم Petroleum:

- انگلیوں چہرے اور ہاتھوں پر چیرے اور سوجن خون نکلے اور کھردرا جلد

اگاریکس Agaricus:

- زخم سوجن خارش

رسٹاکس Rhustox:

- انگلیوں کی سوجن

بیلاڈونا Belladonna:

- سوجن سرخی درد

گریفائٹس Graphites:

- کٹی پھٹی جلد ہاتھ پاؤں کی

نیٹرم میور Natrum Mur:

- انگلیوں کے ناخنوں کے قریب چیرے
- مرہم۔ گریفائٹس۔ کیلن ڈولا

نوٹ: 60ml گریسلین۔ 20ml بادام روغن۔ دونوں کو ایک شیشی میں مکس کرلیں سردیوں کیلئے بہترین لوشن ہے جلد کو نرم اور پھٹنے اور خشکی سے بچاتا ہے۔

- احتیاط۔ جن کو سردیوں میں یہ مسلۂ ہوتا ہے وہ جرابیں اور دستانے اور شوز جوگرز استعمال کریں اور جلد کو خشکی سے بچانے کے لیے سرسوں کا تیل نہانے کے بعد یا لوشن لگائیں۔

خراٹے لینا Snore

لیمنا مائنر Lemna Minor:

- سائنو سائٹس ناک میں بندش ناک کی ہڈی بڑھنے کی وجہ سے خراٹے آئیں۔

ٹیوکریم Teucrium:

- ناک میں گومڑ۔ ناک کے اندر گلن سڑن۔ بدبو۔ سونگھنے کی قوت ختم۔

ہاپوزینیم Hippozaenium:

- پرانے ضدی زکام ناک کی سوزش بدبو سرخی سوجن ناک کے اندر گلن سڑن۔

اوپیم Opium:

- ناک کی جھلی کی سوزش کی وجہ سے خراٹے آئیں یہ ناک کی جھلی کو سکوڑتی ہے۔
- پرہیز۔ لسی۔ چاول۔ فاسٹ فوڈ۔ تلی اشیا۔ تیز مرچ مصالہ۔ ٹھنڈا پانی
- بوتل وغیرہ۔

بچوں کا توتلہ پن

- سٹرامونیم Stramonium 30
- کاسٹیکم Causticum 30
- کالی فاس Kali Phos 30
- ایک ایک قطرہ صبح دوپہر شام
- انشااللہ ایک ماہ میں بچہ بہتر بولنا شروع کردے گا۔

تندوا

- اگر زبان کے نیچے "تندوا" ہو اور نیلی وردیدوں کی گانٹھیں ہوں تو تھوجا Thuja دیں۔
- میں نے درجنوں بچوں پر یہ نسخہ آزمایا ہوا ہے الحمدللہ بہت اچھا رزلٹ ملتا ہے۔

اووری سسٹ Ovarian Cyst

- اووریز کو اردو میں بیضہ دانی کہتے ہیں
- اور اس میں آجکل سسٹ بن رہی ہے

- یعنی پانی سے بھرا چھوٹا سا غبارہ ایک تھیلی نما جیسے سسٹ بولتے ہیں
- علامات: اگر اووری سسٹ بن جائے تو ہارمون لیول خراب ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے حیض یعنی منسز میں کمی بیشی یا بند ہو جاتے ہیں اوور یز کے مقام پے درد اور منسز کے درمیان شدید درد زیادہ ہوتا ہے

علاج Treatment:

- آفورینم Oophorinum 3x
- ایپس میلیفیکا Apis 3x
- کلکیریا سلف Calcarea Sulph 3x

درد کے لیے

- بیلا ڈونا Belladonna، میگنیشیا فاس Magnesia Phos استعمال کریں
- پورے اعتماد کے ساتھ کیس لیں انشاللہ دو ماہ کے اندر سسٹ ختم ہو جائے گی

نوٹ: مینسز کی خرابی اور یوٹرس کے مسائل کے لیے۔

نوٹ: اگر ساتھ منسز کے مسائل ہوں تو نیچے دی گئی میڈیسن علامات کے مطابق استعمال کریں۔

ہیلپنگ میڈیسن:

علامات کے مطابق استعمال کریں

- ہیلونیاس Helonias Q
- وائی برنم Vibernum Opulus Q
- ایلٹرس فیرینوسا Aletris Farinusa Q
- اشوکا Ashoka Q
- پلساٹیلا Pulsatilla 30

فسچولا Fistula

- ناسور میں استعمال ہونے والی دوائیں
- پی اونیا آف Paeonia Off Q
- ہائیڈراسٹس Hydristis Q
- نائٹرک ایسڈ Nitric Acid 30
- کلکیریا سلف Calcarea Sulph 30
- سلیشیا Siliscea200-1M
- ایسڈ فلور Acid Flour 30-200
- کیلن ڈولا Calandula Q
- پانی میں مکس کر کے اس سے صفائی کریں
- پرہیز۔ لسی۔ چاول۔ دہی۔ تلی اشیاء۔ فاسٹ فوڈ۔ اور بڑا گوشت (بیف) تیز مرچ مصالہ

فسچولا۔ فشر۔ اور کاربنکل میں فرق اور علاج

- ناسور۔ بھگندر پھوڑا۔ فسچولا۔
- وجوہات: قبض۔ سخت جگہ پے زیادہ بیٹھنا۔ ڈرائیور۔ درزی۔ اور زمین پر زیادہ دیر بیٹھنے والے لوگ۔
- مقعد کے بالکل ساتھ ایک باریک سوراخ ہو جاتا ہے جس سے خون ملی پیپ وقفے وقفے سے نکلتی رہتی ہے۔
- فشر۔ آپریشن کے بعد کٹ کے اندر ایک تھیلی بن جاتی ہے جس سے سفید پانی نکلتا رہتا ہے بہت کم کیسز میں پیپ بنتی ہے۔ فشر کہلاتا ہے۔
- کاربنکل۔ ہیپ کی سین کے بلکل اوپر جہاں پینٹ باندھی جاتی ہے اس سے ایک انچ نیچے سین کے اندر ایک سوراخ بن جاتا ہے اور اس سوراخ کے دو منہ ہوتے ہیں ایک

اوپر ظاہری ایک اندر کی طرف اس کو کاربنکل بولتے ہیں۔

- اس کی وجوہات بھی تقریباً فسچولا والی ہیں قبض کے علاوہ۔
- یہ سب انفیکشن کی وجہ سے ہوتے ہیں۔

علاج Treatment:

- علامات کے مطابق کا انتخاب کریں
- فلورک ایسڈ Flouric Acid
- سلیشیا Silisea
- ہیپر سلف Heper Sulph
- بیلاڈونا Belladonna
- پیونیا آف Paeonia Off

اہم معلومات

- انسانی جسم میں کون سے اعضاء میں خون بنتا ہے۔
- جواب۔ MarrowBone میں خون بنتا ہے۔
- تفصیل۔ خون صرف بون میرو میں ہی بنتا ہے۔ Bones میں موجود Soft Small Cavities میں خون بنتا ہے۔
- خون کے Red Blood Cells جگر میں جا کر Mature مطلب کمپلیٹ سٹیج پر پہنچتے ہیں۔
- بازو اور ٹانگوں کے Muscles میں سب سے زیادہ RBC ہوتے ہیں۔
- کیونکہ وہاں Oxygen اور Energy کی Maximum ضرورت ہوتی ہے۔
- تلی اور گردے صرف Filter کا کام کرتے ہیں۔

کالک ڈراپس خود بنائیں

- بچوں اور بڑوں کے کیلئے پیٹ درد کے انمول ڈراپس
- پیٹ درد۔ گیس۔ اپھارہ۔ ایسڈیٹی۔ بدہضمی۔ قبض

- دس روپے کی لاگت سے کالک ڈراپس خود بنائیں اور بچوں بڑوں دونوں کو استعمال کروائیں۔
- انشاءاللہ دنیا کی کسی کمپنی سے اچھا رزلٹ ملے گا۔

بنانے کا طریقہ:

- نیچے دی گئی میڈیسن کے دس دس ڈراپس 10ml شیشی میں ڈالیں اور باقی عرق گلاب ڈال کر شیشی بھر لیں
- دس جھٹکے دیں کالک ڈراپس تیار ہیں۔
- اگر پانچ سال سے بڑے بچے ہیں یا اس سے اوپر جتنی بھی عمر والے افراد ہیں تو عرق گلاب کی جگہ الکحل میں بنا کر دیں۔
- کاربوویج Carbo Veg 3x
- کالوسنتھس Colocynth 3x
- ہائیڈراسٹس Hydristis 3x
- لائیکوپوڈیم Lycopodium 3x
- بیلاڈونا Belladonna

نوٹ: بیلاڈونا میں دو اہم اجزا پائے جاتے ہیں اٹروپین۔ ہائیوسین ان میں سے ایک اجزا ہائیوسین پیٹ درد کا بہترین علاج ہے۔

پھلبہری Leucoderma

- ٹیوبرکولائنم۔ سفلینیم 1M
- ایک خوراک دیکر علاج شروع کریں
- ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle:
- دودھیا جلد۔ جلد سخت موٹی کھردری

آرسینک سلف Arsenic Sulph:

- جلد سفیدی کے نشان احساس جلد

بوریکس Borex:

- پہلے جلد سفید ہو پھر سرخ ہو جائے

کالی کارب Kali Carb:

- مکمل دودھیا جلد
- ہائیڈروکوٹائل اور آرسینک سلف اس مرض کی خاص اور آزمودہ دوائیں ہیں
- جو لمبے عرصہ تک استعمال ہوتی ہیں باقی تمام دوائیں علامات اور مریض کی کنڈیشن پر دوا کا انتخاب کریں۔

ٹی بی TB کے مریض کو یہ میڈیسنز استعمال نہیں کروانی چاہیے:

- سلفر Sulphur
- سلیشیا Silicea
- ہیپر سلف Heper Sulph
- اس کے علاوہ سلیشیا اور ہیپر سلف چھوٹی طاقت میں پیپ بناتی ہے اور بڑی طاقت میں پیپ ختم کرتی ہیں۔ چھوٹی طاقت 12x6x3x2x1xQ ہیں۔

ڈامیانہ Damina

- لڑکیوں اور عورتوں کے ڈسٹرب منسز جو کبھی وقت سے پہلے کبھی وقت کے بعد لیٹ آتے ہوں یہ دوا ان کو ریگولر کر کے ٹھیک کر دیتی ہے۔
- پوٹینسی ۔ Q-مدر ٹینکچر

چیسٹ انفکشن + نبلائزر کے متبادل ہومیو پیتھی میڈیسن

- نکس وامیکا 30 ایک خوراک دے کر
- ہیپر سلف Heper Sulpf 30
- کالی بائی Kali Bi 30
- اینٹم ٹارٹ Antim Tart 30
- انشاءاللہ ایک خوراک سے دس منٹ میں بچہ آسانی سے سانس لے گا۔

یورک ایسڈ Uric Acid

- جوڑوں اور پٹھوں کی دردیں

آرٹیکا یورینس Urtica Urens:

- دس قطرے صبح دوپہر شام

بربیریس ویلگارس Berberis Vul:

- ابراٹینم Abrotanum 200
- دو دو قطرے صبح دوپہر شام
- پرہیز۔ تمام دالیں بڑا گوشت (بیف) کلیجی۔ سبز پتے والی سبزیاں
- چاول ہفتے میں ایک بار تازہ بنے ہوئے کھا سکتے ہیں

اکنی پیمپل

- خون صاف کرنے والی ہومیو پیتھی میڈیسن
- ایکینیشا Echinacea Q
- بربیریس ایکیفولیم Berberis Aqi Q
- کالی بروم Kali Brom Q

- پائروجنیم Pyrogenium 200
- کلکیریا سلف Calcarea Sulph 30
- ہیپر سلف Heper Sulph 200
- سلیشیا Silicea 200
- بیلاڈونا Belladonna 30
- سٹیفی سائگیریا Staphy Sagria
- سنابورس Cinabaris 30
- علامات کے مطابق دوا کا انتخاب کریں

چھوٹا قد Small Height:

- نیوبرکولائیم 1M کی ایک خوراک دیگر علاج شروع کریں۔

برائٹا کارب Baryta Carb:

- ایک قطرہ صبح دوپہر شام

کیلشیم فاس Calcium Phos:

- تین گولیاں صبح دوپہر شام
- غذا۔ دودھ۔ انڈا۔ فروٹ۔ کیلشیم والی غذائیں۔
- تین ماہ کا علاج کریں ان شااللہ ایک سال میں دو انچ تک قد بڑھ جائے گا۔
- اُس کے بعد قد خود بڑھتا رہے گا۔

کینتھرس Cantharis

- جب بھی گردہ۔ مثانہ اور پیشاب کی تکالیف اور علامات کا ذکر آئے گا تو ایک ہومیو پیتھس کے دماغ میں فوراً اس دوائی کی فائل کھل جائے گی۔
- جب بھی کلینک میں آیا مریض یہ بولے گا کہ مجھے گردے کا یا مثانہ کا درد ہے یا ابھی

اس کے منہ میں یہ الفاظ ہوں گے کہ مجھے پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے ساتھ جلن ہوتی ہے تو کینتھرس میڈیسن سلیکٹ ہوگی۔

- کوئی مریض اپنی الٹرا ساونڈ کی رپورٹ آپ کے ٹیبل پہ رکھتے ہوئے بولے کہ سر گردے میں پتھری بن گئی ہے اور پیشاب رُک رُک کے جلن کے ساتھ آتا ہے تو ہومیو پیتھ کے چہرے پر اطمینان اور ایک انجانی خوشی کی لہر پورے جسم میں دوڑ جائے گی یہ سوچ کر کہ میں نے اس کی دوائی کینتھرس سلیکٹ کر لی ہے۔
- جیسے ہی آپ کے پاس کوئی مریض کسی وجہ سے جلا ہوا آئے گا تو دیکھتے ہی دماغ آلارم بجانے لگ جائے گا کہ کینتھرس 30 کھانے کو دو اور لگانے کیلئے کینتھرس مرہم۔
- کبھی کوئی مریض جھجکتے ہوئے ابھی اتنا ہی بولے گا کہ ڈاکٹر صاحب مجھے سوزاک ہو گیا ہے بہت جلن ہوتی ہے تو کامیابی کی گھنٹیاں کانوں میں بج اٹھیں گی کہ کینتھرس کا ہی تو کیس ہے۔
- جلن پہلی اور آخری علامت۔
- پیشاب کی نالی میں جلن اور سوزش۔
- تمام علامات یک دم آتی ہیں۔
- تکلیف اتنی ہوتی ہے کہ مریض فوراً ڈاکٹروں کے پاس بھاگتا ہے۔

ایکسرے X-Ray

- ہومیو پیتھک میڈیسن۔ ایکسرے
- ایک تحقیقی تحریر ڈاکٹر محسن چودھری

ایکسرے کے چھپے راز

- ایکسرے میڈیسن ہومیو پیتھی میں ایک بے مثال اور باکمال میڈیسن ہے جو اپنے اندر

Scanned with CamScanner

بہت سے راز چھپائے ہوئے ہے۔

- میں نے جب اس کو پہلی بار 1997 میں پڑھا تو بس اتنا سمجھ آیا کہ یہ ایکسرے کی شعاوں سے تیار کی جاتی ہے اور ایکسرے مشین کی شعاوں سے ہوئے بد اثرات کیلئے کام آتی ہے۔ اس کے دو سال بعد تک میں نے اپنی پریکٹس میں اس کا استعمال کبھی نہیں کیا۔
- ایک بار میرے والد محترم میرے استاد ڈاکٹر الحاج عزیز الرحمن چدھڑ کے کلینک پر ایک میاں بیوی مریض آئے جو بے اولاد تھے تو استاد محترم نے ان کو صرف یہ دوا ایکسرے دی۔
- میں نے جب پوچھا کہ اس دوا کا تعلق زنانہ مردانہ بانجھ پن سے کیا ہے؟
- تو استاد محترم نے فرمایا آج غور سے ایکسرے کو کم از کم دس بار پڑھو اور دس بار لکھو اگر پھر بھی سمجھ نہیں آئی تو کل میں سمجھا دوں گا۔
- جب میں نے تیسری بار لکھتے ہوئے ایک فقرے پر غور کیا زنانہ مردانہ بیضوں کا ضعیف ہونا تو سمجھ آ گئی کہ یہ وہ واحد دوا ہے جو مرد عورت دونوں کے بانجھ پن کی ایک خاص علامت کو ٹھیک کر دیتی ہے۔ اور پھر الحمداللہ اس کا ٹھیک استعمال سنکڑوں لوگوں کیلئے شفا کا موجب بنا۔
- بس اس اردو کے مشکل فقرے میں اس دوا کا راز چھپا ہے
- ایکسرے عورت کے اووم کو بہتر سائز میں اور مضبوط بناتی ہے۔ یہی اس میڈیسن کا راز ہے۔

علامات:

- مرد کے سپرم کو ایکٹیو۔ بہتر اور مضبوط کرتی ہے۔
- ان مسائل کی وجہ سے عورت کو پریگنینسی نہیں ہوتی اور اگر ہو جائے تو اووم اور سپرم یا ان میں سے ایک کے کمزور ہونے کی وجہ سے دوران حمل پہلے سات ہفتے کے بعد بچے کی گروتھ نہیں ہوتی۔ تو ابارشن DNC کروانا پڑتی ہے

- ایلو پیتھک میں اس کا سالوں علاج کیا جاتا ہے
- مگر ہومیوپیتھی میں صرف الحمداللہ دو ماہ کے علاج سے مرد عورت دونوں کے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔
- ہومیوپیتھی میں ایکسرے دوا ایک کرشماتی دوا ہے جو بانجھ پن کے اس خاص مسئلے کا واحد حل ہے۔
- پوٹینسی۔ 30-200۔

وٹامن ڈی تھری Deficiency of Vitamin D3

- وٹامن ڈی تھری کی کمی
- ایک انسانی جسم کو ہر تین ماہ بعد ایک لاکھ انٹرنیشنل یونٹ Vitamin D3 کی ضرورت ہوتی ہے۔
- کیلشیم کو جسم میں جذب ہونے کیلئے *وٹامن ڈی* کی ضرورت ہوتی ہے
- وٹامن ڈی کیلشیم کو خوراک سے حاصل کر کے ہڈیوں اور پورے جسم میں مطلوبہ جگہ پہنچاتی ہے جہاں اس کی کمی یا ضرورت ہوتی ہے۔
- آپ ایسے سمجھ لیں کہ وٹامن ڈی کیلشیم کے لیئے ڈرائیور کا کام کرتی ہے۔
- اگر جسم میں وٹامن ڈی کی کمی ہو گی تو کیلشیم جسم میں جذب ہونے کی بجائے جسم سے خارج ہوتی رہے گی۔ کیونکہ کیلشیم کو جسم کی کمی والی جگہ پہنچانا وٹامن ڈی کا کام ہے۔

وٹامن ڈی حاصل کرنے کے ذرائع

Sources of Vitamin D3

- دنیا میں وٹامن ڈی حاصل کرنے کا قدرتی اور واحد ذریعہ ہے *سورج کی روشنی*
- صبح کی دھوپ جب سورج نکل رہا ہو وٹامن ڈی کا خزانہ ہے۔

- جو لوگ *صبح کی دھوپ* میں رہتے ہیں اُن کو کبھی وٹامن ڈی کی کمی نہیں ہوتی ہے۔
- جو لوگ *اشراق* کے نفل پڑھتے ہیں اُن کو بھی وٹامن ڈی کی کمی نہیں ہوتی ہے۔

کیلشیم کی کمی Deficiency of Calcium

- کیلشیم انسانی جسم کا ایک بنیادی اجزا ہے جو 99٪ ہڈیوں اور دانتوں میں جمع Save یا موجود ہوتا ہے۔
- ہڈیاں کیلشیم کے لئے ایک بینک کا کام کرتی ہیں خون اور جسم جب چاہے ضرورت کے مطابق ہڈیوں سے کیلشیم لے لیتے ہیں اور پھر واپس جمع بھی کرا دیتے ہیں۔
- انسانی جسم کو روزانہ 1000mg کیلشیم کی ضرورت ہوتی ہے جو صرف ایک گلاس دودھ سے حاصل کی جاسکتی ہے مگر بہت سے لوگ اتنی سی مقدار حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں!
- کیلشیم وہ اہم جز ہے جو ہمارا جسم خود نہیں بنا سکتا ہے اسے غذا کے ذریعے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔
- کیلشیم کی کمی کو میڈیکل ٹرمز میں۔ *Hypocalcemia* بولتے ہیں۔
- لیب ٹیسٹ رپورٹ میں نارمل رینج کیلشیم۔ 10.6-8.3 نارمل کیلشیم رینج ہے اگر مریض کا لیول 8 سے کم آتا ہے تو اُس کو کیلشیم کی کمی ہے۔
- کیلشیم ہڈیوں پٹھوں کو مضبوط، دل کی دھڑکن اور بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتی ہے۔
- کیلشیم کی کمی مرد وعورت دونوں میں ہوسکتی ہے مگر عورتوں میں یہ زیادہ دیکھی جاتی ہے۔
- وہ وجوہات جن کی وجہ سے عورتوں میں کیلشیم کی کمی ہوتی ہے؟
- نمبر 1: ماہواری کے دوران عورت کے جسم سے بلیڈنگ کے ساتھ کیلشیم کا ضائع ہو جانا۔
- نمبر 2: حمل کے دوران بچے کی گروتھ کی وجہ سے کیلشیم کی کمی ہو جانا۔
- نمبر 3: دودھ پلانے والی ماؤں کو بچے کو فیڈ کروانے کی وجہ سے کیلشیم کی کمی کا ہو جانا۔

- نمبر 4: اُن اشیا کا کم استعمال جن سے کیلشیم حاصل ہوتی ہے۔
- کیلشیم کی کمی سے انسانی جسم پر بد اثرات
- نمبر 1. ہڈیوں کی کمزوری۔ ہڈیوں کا ٹیڑھا۔ بھربھرا اور کمزور ہونا۔ ذرا سی چوٹ سے فریکچر ہو جانا۔
- نمبر 2 بچوں میں دانتوں کا دیر سے نکلنا۔ دانت ٹیڑھے نکلنا۔ دانتوں کا گِس جانا۔
- نمبر 3 جلد روکھی کھردری اور خشک ہو جانا۔
- نمبر 4. بالوں کا گرنا روکھا اور کھردرا ہو جانا
- نمبر 5. ناخنوں کا مڑ جانا۔ سوکھ جانا اور سفید نشان بن جانا
- نمبر 6. بچوں میں گروتھ کا رُک جانا۔ عمر کے مقابلے قد چھوٹا رہ جانا۔
- نمبر 7. مسل پرابلم۔ پٹھوں کا کھچاؤ۔ عضا کا سُن ہو جانا۔ جوڑوں میں درد کمر درد سستی تھکاوٹ!
- اس کے علاوہ۔ ڈراونے خواب بے چینی آسانی سے سردی لگ جانا!

وٹامن ڈی حاصل کرنے کے ذرائع Sources of Calcium:

- دودھ۔ دہی۔ انڈا۔ بادام۔ سفید تِل۔ اورنج۔ سبز سبزیاں اور چیز

بچوں کا سوکھا پن (سوکڑا)

ابراٹینم Abrotanum:

- جسم ٹھیک اور ٹانگوں کا سوکھا پن بھوک ٹھیک لگتی ہے مگر جسم سوکھتا جاتا ہے

برائٹا کارب Baryta Carb:

- جسم کی ہائٹ کم جسمانی ذہنی معزول بچے گلے کے غدودوں کی خرابی کی وجہ سے سوکھا پن

آئیوڈیم Iodum:

- کمزور بچے مریض کھاتا بہت ہے مگر جسم سوکھا ہوا ہوتا ہے بچوں کی افزائش رُک

جاتی ہے۔

لیسی تھین Lecithin:

- خون کی کمی جسم پر گوشت کی کمی یہ دوا جسم کی نشو ونما کرتی ہے
- کلکیر یا فاس Calcarea Phos سوکھا پن پیٹ ڈھیلا اندر دھنسا ہوا خون کی کمی اور کمزور ہڈیاں۔

☆......☆......☆

یادداشت

مکتبۃ الاحسان
محسن ہومیوپیتھک کلینک مارشل سٹریٹ بتی چوک شیخوپورہ
0300-9430996